پنجابی ادب کی مختصر تاریخ

میری لائبریری
(۶۵)

پنجابی زبان کی تاریخ پر ہماری قومی زبان میں
آج تک کوئی کتاب نہیں لکھی گئی پنجابی زبان
میں عبدالغفور قریشی و منشی مولا بخش کی
کتابیں کافی ضخیم ہیں لیکن ان میں بھی فقط
حصہ نظم سے بحث کی گئی ہے نثر و اصناف نثر
کا ذکر نہیں کیا گیا۔

اردو میں ایک جامع تاریخ ادب کی ضرورت
محسوس ہوتی تھی۔

''پنجابی ادب کی مختصر تاریخ'' میں پنجابی ادب
کے ہر پہلو کے متعلق مکمل اور سیاسی حالات
کے حوالے سے مکمل بحث کی گئی ہے اور
کتاب میں وہ تمام معلومات آ گئی ہیں جو کسی
زبان کی تاریخ کے لئے ضروری ہیں۔

زبان ر

فہرست

حصّہ سوم —

حصّہ چہارم — (نثر)

ابتدائیہ

آج سے نصف صدی قبل باوا بدھ سنگھ صاحب ایگزیکٹو انجینئر لاہور کو پنجابی ادب پر لکھنے کا خیال آیا۔ انہوں نے ۱۹۱۳ء میں ہنس چوگ سے اس کام کی بنیاد رکھی۔ پھر ۱۹۱۶ء میں کوئل کو اور بعد میں پپیہا بول اور پریم کہانی یکے بعد دیگرے چار مجموعے ترتیب دئیے۔ جن میں پنجابی شعراء کا حال لکھا۔ ڈاکٹر موہن سنگھ دیوانہ ایم۔ اے۔ پی۔ ایچ۔ ڈی سابق ریڈر پنجابی اورنٹیل کالج لاہور نے "اے ہسٹری آف پنجابی لٹریچر" انگریزی زبان میں لکھی۔ اس کے بعد اب تک اس موضوع پر کافی کچھ لکھا جا چکا ہے۔ مثلاً :-

۱۔ پنجابی زبان دی جان پچھان	ڈاکٹر سریندر رزولا۔
۲۔ پنجابی ادب دی تاریخ	پروفیسر سریندر سنگھ کوہلی
۳۔ ساڈے پرانے کوی	ایس۔ ایس مول
۴۔ پنجابی کہانی	گورمکھ سنگھ جیت
۵۔ پنجابی ناول	سرجیت سیٹھی
۶۔ پنجابی ادب	محمد سرور
۷۔ پنجابی زبان دا ادب تے تاریخ	عبدالغفور قریشی

٨۔ مہکدے پھُل — فقیر محمد فقیر

٩۔ پنجابی شاعراں دا تذکرہ — منشی مولا بخش کشتہ

١٠۔ پنجابی شہ پارے — سلطان محمود

١١۔ پنجابی صوفی پوئٹس — مس راما کرشنا لاجونتی (انگریزی)

١٢۔ پنجابی زبان دی مختصر تاریخ — ڈاکٹر موہن سنگھ

ان میں سے صرف دو کتابیں اردو زبان میں لکھی گئیں۔ سرور صاحب کا پنجابی ادب اور سلطان محمود صاحب کے "پنجابی شہ پارے" ان کے سوا پنجابی زبان کی تاریخ ہماری قومی زبان میں آج تک نہیں لکھی گئی۔ پنجابی زبان میں عبدالغفور قریشی اور منشی مولا بخش صاحب کی کتابیں کافی ضخیم ہیں لیکن اُن میں بھی صرف حصہ نظم ہی سے بحث کی گئی ہے، نثر اور اصناف نثر کا ذکر نہیں کیا گیا۔ اردو زبان میں ایک جامع تاریخ ادب کی کمی محسوس ہوتی ہے۔

زیرِ نظر کتاب اِسی کمی کو محسوس کرتے ہوئے لکھی گئی ہے۔ یہ تاریخ حقیقت میں اُس جامع اور مفصل کتاب تاریخ ادب پنجابی کی تلخیص ہے جس میں پنجابی ادب کے ہر دور کے متعلق ملکی اور سیاسی حالات کے حوالے سے مکمل بحث کی گئی ہے۔ یہ مفصل تاریخ پنجابی ادبی بورڈ کی طرف سے شائع ہو رہی ہے۔ یہ اطمینان ضرور ہے کہ اِس تلخیص میں وہ تمام ضروریات فراہم کی گئی ہیں جو کسی زبان کی تاریخ کے لئے ضروری ہیں۔ تلخیص کی تیاری میں محترم دوست حکیم محمد علی صاحب فائق ہمدردی بھی شریک رہے۔

اِس بات کا دعویٰ نہیں کہ یہ تاریخ ہر لحاظ سے مکمل اور خامیوں سے مبرّا ہے۔ بہر حال اپنی سعی کوشش کی گئی ہے۔ اِس میں مجھے کہاں تک کامیابی ہوئی، قارئین خود فیصلہ کریں گے۔

مفصل تاریخ کی تیاری میں سات سو کے قریب کتابوں سے استفادہ کیا گیا تھا۔
یہ کتاب اسی تفصیل کا اجمال ہے۔ اس کے آخر میں اختصار کی خاطر کتابیات کی فہرست
درج نہیں کی گئی۔

اس مسودے پر ڈاکٹر وحید قریشی صاحب نے نظر ثانی کی ہے۔ جس کے لیے میں
ان کا ممنون ہوں۔

اس کے علاوہ جناب شہباز ملک کا بھی خاص طور پر ممنون ہوں کہ جدید پنجابی
ادب کے بارے میں ان کی معلومات سے میں نے فائدہ اٹھایا ہے۔

محمد آصف خاں صاحب بھی شکریہ کے مستحق ہیں۔ ان کے بعض مقالات سے بھی میں
نے استفادہ کیا گیا۔

قریشی احمد حسین احمد

گوجرانوالہ
ستمبر ۱۹۶۲ء

حصّہ اوّل

۱. تاریخی پس منظر
۲. رسم الخط کا مسئلہ
۳. زبان کی قسمیں

پنجابی زبان کی مختصر تاریخ

پنجابی زبان سے عام طور پر وہ زبان مراد لی جاتی ہے جو پانچ دریاؤں کی وادی میں بولی جاتی ہے۔ اس کا یہ مفہوم بہت وسیع ہے۔ کیونکہ ہند و پاکستان کی سرزمین جس میں پنجاب کا خطّہ شامل ہے بہت پرانی تاریخ کا حامل ہے جس میں صدہا تہذیبیں گذریں اور ہزارہا بولیاں مروج ہوئیں۔

لیکن یہاں پنجابی زبان سے وہ زبان مراد نہیں جو ان تمام تہذیبوں پر حاوی ہے۔ اس جگہ پنجابی سے مراد وہ پنجابی زبان ہے جو ہم آج کل بولتے ہیں۔ موجودہ پنجابی زبان کی تاریخ اتنی پرانی نہیں جس قدر کہ ہند و پاکستان کی تاریخ پرانی ہے جس میں "موہن جو دارو، ہڑپہ اور ٹیکسلا" وغیرہ کی تہذیبیں بھی شامل ہیں۔ تاہم پس منظر کے طور پر ابتدا میں پاک و ہند کی قدیم زبانوں کا یہاں ذکر کیا جاتا ہے۔

ہند و پاکستان کی باقاعدہ اور مربوط تاریخ آریہ قوم کی ہندوستان میں آمد سے شروع ہوتی ہے۔

اس زمانے میں ویدی سنسکرت میں چاروں وید تصنیف ہوئے۔ رگ وید، یجروید، اتھروید، سام وید —— ان میں رگ وید سب سے قدیم ہے اور آریاؤں کے اس دور کی یادگار ہے جب یہ قوم اس خطے میں رہتی بستی تھی جو پنجاب کا علاقہ کہلاتا ہے۔ تاریخی عمل نے اپنا آپ دکھایا تو اشوک کے زمانے تک مقامی پراکرتوں نے اہمیت حاصل کر لی۔ پھر کلاسیکی سنسکرت کا دور آتا ہے۔ مسلمانوں کی آمد سے کچھ قبل پراکرتوں نے پھر سر اٹھا لیا۔

مسلمانوں کی آمد سے فارسی اور عربی نے ہند و پاکستان کی تہذیبی زندگی میں دخل حاصل کیا۔ اس کے نتیجے میں جو آمیزہ تیار ہوا اُسے اس دور کے مصنفین نے "ہندوی" کے نام سے یاد کیا ہے۔ دورِ حاضر کے محقق ہند و پاکستان کی اس دور کی زبانوں کو اپ بھرنش (یا بگڑی بولی) کے نام سے یاد کرتے ہیں۔ اس ادب کے ابتدائی شعراء میں مسعود سعد سلمان کا نام لیا جا سکتا ہے۔

اس کے رحمٰن کی سنیہہ راسک اور خسرو کی بعض منظومات کا نمبر آتا ہے۔ خسرو کے کلام کے جو نمونے ہم تک پہونچے ہیں وہ غالباً بہت کچھ بدلی ہوئی شکل میں ہیں اور ان سے کوئی تسلی بخش لسانی نتیجہ نکالنا مشکل ہے۔ پرتھوی راج راسا جو چند بردائی سے منسوب ہے، دراصل اکبری دور کی تصنیف ہے اور اسے پرتھوی راج اور معز الدین محمد بن سام کے زمانے کی قرار دینا صحیح نہ ہوگا۔

سلطانی دور کے آخر میں فارسی کی جگہ ایک بار پھر مقامی زبان کا پلّہ بھاری

ہو جاتا ہے۔ بابر کے حملے نے حالات کو کچھ بدل دیا اور اس کی سرکاری اور مرکزی حیثیت مستحکم ہو گئی۔ لیکن مقامی زبانوں کی ترقی جاری رہی۔ بابر کے زمانے کے گرد و پیش پنجابی ادب کے آثار ملنے لگتے ہیں۔ یہ زمانہ پاک و ہند کی تاریخ میں صوفیانہ رجحانات کے لئے اہم ہے۔ بھگتی کی تحریک نے اسی زمانے میں جنم لیا۔ آدی گرنتھ بھی اسی تحریک کی یادگار ہے۔

بھگتی کے سرکردہ گورو نانک ہیں۔ ان کے اشلوک ہم تک پہنچے ہیں جس سے اُس زمانے کی زبان کا اندازہ کیا جا سکتا ہے۔ ہماری رائے ہی آدی گرنتھ ہی کو پنجابی ادب کی پہلی باقاعدہ کتاب سمجھنا چاہیئے۔ اس سے قبل کے ادب کے جو نمونے ہمیں ملتے ہیں ان میں سے بعض کو بعد کے دَور کا ماننا زیادہ صحیح ہو گا اور بعض اس مشترک زبان کے ابتدائی نمونے ہیں جو پنجابی کی ماں ہے اور جسے اِس دَور کے مسلمان ادبا "ہندوی" کے نام سے یاد کرتے ہیں۔

ڈاکٹر موہن سنگھ دیوانہ پنجابی زبان کو ناتھ جوگیوں کے عہد سے شروع کرتے ہیں جس کی ابتدا رتن ناتھ سے ہوتی ہے۔ ہمارے خیال میں موجودہ پنجابی زبان کی ابتدا جوگیوں کے عہد سے نہیں ہوتی بلکہ گورو صاحبان کے عہد سے ہوتی ہے۔

گرنتھ کا اِس لحاظ سے پنجابی زبان کا نقشِ اول سمجھنا چاہیئے۔ اِس میں زیادہ تر گورو نانک صاحب کا کلام درج ہے۔ بابا صاحب پنجابی زبان کے پہلے شاعر ہیں۔ گورو گرنتھ صاحب میں ان کے علاوہ دیگر گورو صاحبان کا صوفیانہ کلام بھی موجود ہے جس کو گورو ارجن دیو نے ۱۵۹۹ء (بکرمی دسمت) میں جمع کیا۔

اِس ڈھب کی دوسری مذہبی دستاویز دسم گرنتھ ہے۔ لیکن قدامت کے لحاظ

سے آدی گرنتھ ہی کو اہم سمجھنا چاہئے۔

زبان کی اقسام

اس سے قبل کہ گورو گرنتھ صاحب کے متعلق کچھ لکھا جائے۔ یہ ضروری ہے کہ اس امر کی وضاحت کر دی جائے کہ یہ ایک طویل بحث ہے۔ زبان پر آب و ہوا اور لوگوں کی آمد و رفت کا اثر ہوتا ہے۔ شاید اُسی اُصول کے پیشِ نظر کہا جاتا ہے کہ ہر بارہ کوس کے فاصلے پر زبان بدل جاتی ہے۔ پھر پنجاب میں جہاں آئے دن نو وارد حملہ آور مختلف ممالک سے آتے رہے، یہاں زبان میں تفاوت ضروری تھی۔ اور اس زبان کا اختلاف اور علاقہ بندی مندرجہ ذیل ترتیب سے کی جاتی ہے۔ اور پنجابی زبان کو مندرجہ ذیل گیارہ حصّوں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔

۱۔ **ماجھی**:۔ وہ زبان ہے جو لاہور، امرتسر اور گورداسپور کے علاقہ میں بولی جاتی ہے۔

۲۔ **دوابی**:۔ یہ زبان جالندھر، کپورتھلہ اور ہوشیارپور کے اضلاع کی زبان ہے۔

۳۔ **پوادھی**:۔ حصار، انبالہ، پٹیالہ اور ریاست جیند کے لوگوں کی زبان ہے۔

۴۔ **مالوئی**:۔ فیروزپور، لدھیانہ، فریدکوٹ اور مالیرکوٹلہ کے لوگ یہ زبان بولتے ہیں۔

۵۔ **مغربی پنجابی**:۔ گجرات، سیالکوٹ، گوجرانوالہ، لاہور، منٹگمری اور بہاول پور والوں کی زبان ہے۔

۶۔ **بھٹیانی**:۔ حصار اور بیکانیر کے راٹھے، اور فیروزپور کے راٹھور بولتے ہیں۔

۷۔ **ڈوگری**:۔ جموں اور کانگڑے کی بولی کا نام ہے۔

اِن سب میں سے بھٹیانی بولنے والوں کی تعداد بہت کم اور ماجھی بولنے والوں کی تعداد بہت زیادہ ہے۔

۸۔ لمبی یا ماجھی:۔ ماجھا سے آگے راوی پار علاقہ ساندل بار کی زبان ہے۔

۹۔ جانگلو:۔ ساندل بار اور نیلی بار کے علاقہ کی زبان ہے جس میں منٹگمری اور پاکپٹن کے علاقے آتے ہیں۔

۱۰۔ ملتانی:۔ کہا جاتا ہے پنجابی کی بنیاد ملتان کے علاقہ میں رکھی گئی۔ بہر حال پنجابی زبان میں ملتانی زبان ایک خاص مقام رکھتی ہے۔

۱۱۔ لہنداری:۔ پوٹھوار، آزاد کشمیر، ہزارہ اور کیمبلپور کے علاقہ کی زبان کو کہتے ہیں۔ راولپنڈی اور جہلم کے علاقے اسی کے زیر اثر ہیں۔

رسم الخط

گورو نانک صاحب کے بانوے ۹۲ سال بعد گورو انگد دیو صاحب نے بابا نانک کی بانی کو ایک نئے رسم الخط میں ڈھالنے کی کوشش کی اور انہوں نے لنڈے شارداؔ اور ٹھاکری کو سامنے رکھ کر ایک نیا رسم الخط ایجاد کیا جو گورو کی مناسبت سے گورمکھی (یعنی گورو کے منہ سے نکلی ہوئی) کہلایا۔ اس کے بعد گورمت کا لٹریچر اسی رسم الخط میں لکھا جاتا رہا اور یہی رسم الخط سکھوں میں رائج رہا۔ دفتری زبان فارسی ہی تھی۔ حتیٰ کہ سکھی عہد آیا۔ اس زمانے میں بھی فارسی ہی سرکاری زبان تھی۔ مذہبیات کے سبب گورمکھی رسم الخط بہر حال سکھوں میں رائج رہا۔ تاہم مسلمان مصنفین

اور شعرا اپنی کتابیں عربی اور فارسی رسم الخط میں لکھتے ہیں۔

شاہجہان اور اورنگ زیبؒ کے زمانہ سے ہی بعض نصاب ملتے ہیں۔ تدریس کے سلیئے کہرلی، سنامی نے ۱۱۰۵ھ میں ایزو باری، امید نے اللہ باری، خدا بخش نے ۱۱۰۶ھ میں نصاب ضروری اور گنیش داس نے صنعت باری لکھی۔ یہ کتابیں اس زمانے کے نصاب تعلیم میں شامل تھیں اور یہ سب کتابیں فارسی رسم الخط میں لکھی ہوئی ملتی ہیں۔ رسم الخط کے ارتقار کی صورت یہ رہی کہ سکھ اس کو اپنی مذہبی زبان سمجھ کر اس کو اپنی زبان تصور کرتے رہے۔ اس میں ماجھے کی زبان اور سنسکرت اور پراکرتی کا پلہ بھاری رہا۔ عربی رسم الخط میں تحریر کا سلسلہ جاری رکھا اور عربی، فارسی اور ترکی کے الفاظ اپنائے۔ اول الذکر سکھی پنجابی اور سکھی رسم الخط اور موخر الذکر اسلامی پنجابی اور عربی رسم الخط کہلائے۔

سکھی پنجابی ادبی کام کی کثرت کے سبب ایک معیاری ادبی زبان بن گئی۔ لیکن مسلمانی پنجابی میں مقامی لہجے اور بولیاں نمایاں رہیں اور اس کی کوئی واضح ادبی سطح (لسانی اعتبار سے) مدت سے قائم نہیں ہو سکی۔

حصّہ دوم

اقسامِ سخن	عہدِ مغول
اصنافِ سخن	سکھی عہد
ابتدائی عہد	پاکستانی عہد
اورنگزیب کا زمانہ	مشرقی پنجاب کا ادب

پنجابی نظم کی اقسام

پنجابی ادب میں نثر سے زیادہ نظم کا ذخیرہ موجود ہے۔ اِس لئے ضروری معلوم ہوتا ہے کہ اس کی مختلف اصناف کا کچھ تعارف کرایا جائے۔

۱۔ مذہبی شاعری :- جس میں شرعیات یعنی مذہبی مسائل بیان کیے جائیں جس کو عبداللہ لاہوری، عبدالکریمؒ فقیر درزی اور حافظ برخوردار وغیرہ اصحاب نے فروغ دیا۔

۲۔ صوفیانہ شاعری :- جس میں تصوّف کے مسائل، اخلاق اور نیکی کی تعلیم دی گئی ہو۔ اِس میں گورو صاحبان کی شاعری، بابا فرید، مادھو لال حسین، حضرت سلطان باہوؒ، سید بُلھے شاہ جیسے بزرگ شامل ہیں۔

۳۔ رومانی شاعری :- اِس شاعری میں عشقیہ قصص اور عشقیہ مضامین

آسکتے ہیں جس کو دمودر، احمد، پیلو، مقبل، وارث شاہ اور فضل شاہ جیسے شعراء نے فروغ دیا۔

۴۔ رزمیہ شاعری:۔ رزمیہ شاعری سے وہ شاعری مراد ہے جس میں جنگی مضامین اور جوانمردی کو ابھارا جائے۔ اِس میں جنگ نامے اور پنجابی کی واریں شامل ہیں جن میں سے گورو ارجن دیو، گورو گوبند سنگھ چنڈی دی وار مشہور ہیں ان کے علاوہ حقیقت رائے دی وار، چٹھیاں دی وار، دلا بھٹی دی وار، ویرجودی وار، نادر شاہ دی وار، شاہ محمد کے بینت اور دیگر جنگ نامے اِس موضوع کی اہم مثالیں ہیں۔

۵۔ مزاحیہ شاعری:۔ یہ اُس شاعری کا نام ہے جس میں طنز و مزاح یعنی ہنسانے والے تخیلات واضح کئے گئے ہوں۔ اِس فن کے امام ستھرا شاہ، جلہن مصدی، چرن سنگھ شہید اور الیشر سنگھ بتائے جاتے ہیں۔ موجودہ دور میں حکیم ناصر صاحب اِس موضوع کے لئے مشہور ہیں۔

اصنافِ سخن:۔

محولہ بالا اقسام کے علاوہ پنجابی شاعری کے بلحاظ فن مختلف انداز ہیں۔ ان کی تفصیل حسب ذیل ہے:

۱۔ سی حرفی:۔ نظم کی وہ قسم جس میں الف سے لے کر ی تک ایک ایک حرف سے شروع کر کے جو مصرعہ بند لکھا جاتا ہے۔ عام سی حرفیاں بحر طویل میں ملتی ہیں۔ پرانے شاعروں کا اکثر کلام سی حرفیوں کی صورت میں دستیاب ہوتا ہے نظم کی اس

صنف ہیں وہ عشقیہ مضامین اور تصوّف کے مضامین بیان کیا کرتے تھے۔ چونکہ فارسی میں حروف ابجد تئیس ہیں اور جب پنجابی پر فارسی کا رنگ غالب آیا تو پنجابی شاعروں، خاص کر مسلمان پنجابی شاعروں نے اسے خوب اپنایا۔ مثلاً

ج ۔ جاڈٹھا سو ہنا بت خانے متھّے تلک تے بغل قرآن دسدا
اِکّی ہتھ مالا، اِکّی ہتھ تسبیح نہ اوہ ہندو تے نہ مسلمان دسدا
کیتا یار دا دین قبول میں بھی، ایہدے وِچ اسلام ایمان دسدا
محمد بوٹیا جلوہ یار سندا سانوں ہمکدا وِچ جہان دسدا

۲۔ بینت :۔ یہ وہی صنف سخن ہے جس کو فارسی میں بیت کہتے ہیں۔ سی حرفی کے ہر دو مصرعوں کو جب علحدہ علحدہ پڑھا جائے تو بینت کہلاتا ہے۔ وارث شاہ صاحب نے ہیر کا قصّہ بینتوں ہی میں لکھا ہے۔ مثلاً ؎

جیٹھ مہینہ تے سیال لوں دامندی کنک ماہ وِچ منج سنہیریاں نی
رونا دیاوہ وِچ، گادنا وِچ سیلپے، ستریں مجلساں کرن منڈیریاں نی

۳۔ چو مصرعہ :۔ چار مصرعوں کے بند کو کہتے ہیں۔ یہ پنجابی زبان میں رباعی کے قائم مقام ہے۔ عموماً سی حرفی میں ہر ایک علحدہ حرف سے متعلق بند چو مصرعہ کہلاتا ہے۔ مثلاً ؎

آوے یار تے بیٹھ کے گل کریے ایسے وِچ خیال دے پٹیاں ہیں
پہلاں حُسن لُٹی، فیر عشق کُٹھی، لاہ سٹیاں زمیں تے پٹیاں میں
دُکھ دُکھ پہن نمانی نے زخم سیتو! انہاں تکلیاں ٹھپاں تے پٹیاں میں
کیدھرے بیٹھ نو یکلے نہ گراوسے: تیریاں یاد کریندیاں پٹیاں میں

۴۔ فرد: ۔ غزل کا مطلع چھوڑ کر باقی اس کا ہر شعر اپنی اپنی جگہ پر فرد کہلاتا ہے۔ مثلاً ؎

کم ظرفیوں رند تے شیخ دونوں اک دُوجے تے چکّڑ اچھالدے نیں
گلمے وِچ جپھّا پا کے مُنہ ویکھن، دونویں ننگے نے ایس حمام دے وِچ

۵۔ کامن: ۔ پنجابی اصنافِ سخن کی ایک خاص قسم ہے جو عورتیں اکثر بیاہ شادیوں میں برات کے مقابل پر گاتی ہیں۔ ہر تین مصرعوں کے بعد ایک مصرع خاص طرز کا ہوتا ہے اور ہر بند کا آخری چوتھا مصرعہ دوسرے تمام بندوں کے ہر چوتھے مصرعے کا ہم قافیہ ہوتا ہے۔ اس چوتھے مصرعہ میں سارے بند کا نتیجہ ہے اور اس کا انداز خاص ہوتا ہے۔ مثلاً ؎

چڑھ چڑھ وے چنّاں! توں ٹُن کر روشنائیاں — کالیاں راتاں ساڈیاں ربّ مکائیاں
پرتنے نیں دن رُتاں سوہنیاں آئیاں — چلّیاں نیک ہوائیں

چلّیاں نیک ہوائیں وے ہادیا تیریاں دُور بلائیں

۶۔ ڈیوڑھ: ۔ فارسی میں اسے مستزاد کہتے ہیں۔ اس کے چار مصرعے ہوتے ہیں جن کو ایک بند کہتے ہیں۔ پھر ہر ایک مصرعے کے عروضی ارکان ڈیوڑھے ہوتے ہیں، یعنی اگر مصرع کے پہلے حصہ میں چار ارکان ہیں تو ساتھ کے مصرع میں دو ارکان اور علیٰ ہذا القیاس پنجابی کی ڈیوڑھ میں عشقیہ قصص بھی لکھے ہوئے ملتے ہیں مثلاً فضل شاہ صاحب نواں کوٹی کی ڈیوڑھیں نہایت اعلیٰ پایہ کی ہیں۔ نمونہ

چینز چین نہیں دل میرے باہجوں دلبر جانی — ہوئی دیوانی
دور رو یاد کریندی سیو اسینے لگدی کانی — وِچ جدائی

برہوں پھوک جلایا تن من بھلّی ہوش جہانی — کوئی نہ جانی
میلے یار بنا نہ جے مولا سوہنا یوسف ثانی — ہوواں قربانی

۷۔ دوہڑا :۔ حقیقت میں ایک چومصرعہ ہوتا ہے جس میں غیر فانی خیالات پائے جاتے ہیں۔ نمونہ

تن دی چخہ بنا وے، ویکھ تاں آجلن پروانے
بھانبڑ ہور ہزاراں وسدے پر اوس تینگ دیوانے
اپنا آپ بنا ٹیے کولے، سوکرے کباب بیگانے
ہاشم رہ دلاں دی دل وچ، ہور جاون سحر بہانے

۸۔ کافی :۔ کافی بھی دوہڑے کی طرح ایک غیر فانی نظم ہے۔ ایک مصرع بار بار آتا ہے جسے پڑھنے والی ٹولی بار بار پڑھتی ہے۔ شاہ حسین اور بلھے شاہ کی کافیاں مشہور ہیں۔ نمونہ

درد وچھوڑے دا حال نی میں کنہوں آکھاں
برہوں پیا خیال نی میں کنہوں آکھاں
جنگل جنگل پھراں ڈھونڈیندی، اجے آیا نہیں مہینوال
نی میں کنہوں آکھاں

دھُکھن دھوئیں شاہاں والے جاں پھولاں تاں لال
کہے حسین فقیر ربانا دیکھ نمانیاں دا حال۔ نی میں کنہوں آکھاں

۹۔ باراں ماہ :۔ عاشق کی زبان سے معشوق کے ہجر میں سال کے بارہ مہینوں میں ہر مہینے کا نام لے لے کر جدائی کی کیفیت بیان کی جاتی ہے کہ فلاں مہینہ یوں گذرا

اور غلاں مہینہ یوں :۔ مثلاً

پوہ ۔ پون پالے بڑے قہر والے رہوں سڑ یاں گے ستے مٹیاں نی
بے کے لیف نہالیاں سون سیاں اساں لاہ رضائیاں سٹیاں نی
کرہاں والیاں رانگلی سیج اتے، سینے لاکے سجناں گھٹیاں نی
گھر آمسافرا تدھ باہجوں اکھیں روندیاں نیر نکھٹیاں نی

۱۰۔ اٹھوارہ ست وارہ } باراں ماہ کی طرح عاشق معشوق کی جدائی میں آٹھ دن کی کیفیت بیان کرتا ہے۔ مثلاً

سوموار پیراں دا وار	میں چرخہ ڈاہنا نہیں
منگلوار منگو چرخہ داناں	میں چرخہ ڈاہنا نہیں
بدھ وار نہیں سدھ کوئی	میں چرخہ ڈاہنا نہیں
جمعرات ہے ٹھنڈا وار	میں چرخہ ڈاہنا نہیں
جمعہ تے مینوں چھٹی ہوئی	میں چرخہ ڈاہنا نہیں
ہفتہ سنیچر وار نکماں	میں چرخہ ڈاہنا نہیں
اتوار مینوں لوک اتیوا کھن	میں چرخہ ڈاہنا نہیں

۱۱۔ مثنوی :۔ فارسی کی طرز میں جس کتاب میں کوئی مسلسل قصہ بیان کیا جائے اور اس کتاب کا ہر ایک شعر ہو مثنوی کہلاتی ہے جس طرح مولوی غلام رسول عالم پوری اور مولوی عبدالستار صاحب کی یوسف زلیخا، اور میاں محمد جہلمی کا سیف الملوک وغیرہ لکھے گئے ہیں۔

۱۲۔ غزل :۔ سخن کی وہ صنف ہے جس کا پہلا شعر بیت ہو اور باقی اشعار فرد۔

اس میں عموماً عشقیہ یا تصوف کے مضامین ہوتے ہیں۔ اشعار کی تعداد بھی طاق ہوتی ہے اور تعداد بھی محدود۔ تیرہ اشعار سے زیادہ غزل نہیں لکھی جاتی۔ وہ قصیدہ بن جاتا ہے۔ مثلاً ؎

جیکر میری قسمت اندر نہیں سی میل صنم دا　　ایڈی بھیڑی قسمت والا کی سی جے ناں جمدا

غلطی کرنا، پچھوتانا، رو رو کے بخشانا　　ایسے فعلوں سب توں ڈاہڈا رتبہ ہے آدم دا

بندے دا اصلی کم ایہو ہوراں نوں کم آونا　　جیہڑا کم کسے نہ آوے اوہ بندہ کس کم دا

توں ہیں نور جمال الٰہی میں موسیٰ کوہ طوری　　تُوں سورج دیاں پہلیاں رشماں میں قطرہ شبنم دا

دونہہ سنگھاں نوں ٹھوٹھے ڈیوچ دونوں جگ لپواناں

دونہہ ہتھاں نوں ٹھوٹھے اگے کی شئے ساغر جم دا

۱۳۔ بانی۔ بانی ہندوؤں کے نزدیک وہی عرفانی نظم ہے جس کو مسلمان کافی کہتے ہیں۔ اس کے مضامین صوفیانہ اور ناصحانہ ہوتے ہیں۔ اشعار کی تعداد کم از کم دو ہوتی ہے۔ نمونہ

ایک نے کہی دوجے نے مانی

نانک کہے دونو گیانی

۱۴۔ شلوک:۔ بھگتوں اور صوفیوں کی شاعری کی خاص صنف ہے جس میں درویشانہ خیال بیان کئے جاتے ہیں۔ ان کی صورت بینت کی سی ہوتی ہے۔ شلوک بابا فریدؒ، شلوک بابا نانک مشہور ہیں ؎

فریدا خاک نہ نندیئے خاک جیڈ نہ کو

جیوندیاں پیراں تھلّے، مویاں سر تے ہو

اُٹھ فریدا سُتیا داڑھی آیا بُور
اگاّ نیڑے آگیا، پچھا رہ گیا دُور

۱۵۔ بشن پدے :۔ ہندو لوگ اپنے دیوی دیوتاؤں کی تعریف میں حمد و نعت جو بیان کرتے ہیں اُنہیں بشن پدے کہتے ہیں۔ جیسے مسلمان شعراء، خدا اور رسول کی شان میں حمد و نعت لکھتے ہیں۔ مثلاً ؎

پریم نگر یا دھوم پڑی من مرہن روپ دکھا یُو رے
شکل اندھیرا مٹ گیا، سادھو کرشن مراری آیُو رے
وہم دُوئی کا مٹ گیا، من سے اونکار کے سودھن سے
جپ اور جاپ سے گئے مٹ دونوں جب گورگیان بتایو رے

۱۶۔ شبد :۔ ہندی زبان میں اُن شعروں یا مصرعوں کو جنہیں بطور وظیفہ پڑھا جائے سبد کہتے ہیں۔

۱۷۔ تھال :۔ چھلّی چھاں جیہے ماں

نمونہ :۔

کھکھڑیاں خربوزے کھال	کھاندی کھاندی کابل جاں
کابلوں آندی۔ گوری گاں	گوری گاں، گلابی وچھا
مائے بنگ تُڑاوے رسہ	مُنڈے کھیڈن گلی ڈنڈا
کڑیاں چڑیاں نہاوندیاں	مرد کرن لیکھا پتا

رناں گھروساوندیاں آل مال بھریا تھال

۱۸۔ سرکھنڈی :۔ انگریزی میں بلینک ورس کی طرز کی جو نظم پنجابی میں لکھی جائے اُس کو سرکھلّی یا سرکھنڈی یا نظم آزاد کہتے ہیں۔ اِس میں ردیف اور قافیہ

کی پابندی نہیں ہوتی۔

۱۹۔ کوررڑا:۔ اِس میں چار یا چھ مصرعے ہوتے ہیں اور ہر مصرعہ میں چھ، سات یا تیرہ تک حروف ہوتے ہیں۔ مثلاً ؎

بھَلّ نہ کڈھے کدے موہنوں گال جی	کرے نہ لڑائی کدے کسے نال جی
کرکے گُیت دھن نہ گوادناں	جھگڑے لڑائی ڈبے نہ نیڑے جاونا

۲۰۔ کُنڈلی:۔ نظم کی وہ قسم ہے جس کے چھ مصرعے ہوتے ہیں، جس کے الفاظ کی آپس میں ملاوٹ اِس طرح کی ہوتی ہے کہ ہر ایک لفظ دوسرے کے ساتھ پرویا ہوا معلوم ہوتا ہے۔ مثلاً

ماری کرماں ماریاں تھاں تھاں تھکی لوڑ	ڈبے بجا کرہ جہر توں داگاں گھرنوں موڑ
واگاں گھرنوں موڑ، سناواں میں ہڈ بیتی	البیا گیوں وچھوڑ پرنت کے سار نہ لیتی
دُکھئے سینے وچ بھرے درداں دی آری	تڑپ تڑپ کیراں نیر کرماں دی ماری

۲۱۔ کِبت:۔ یہ سخن کی وہ صنف ہے، جس میں متعدّد مصرعے ایک ہی وزن اور ردیف قافیہ کے ساتھ مسلسل آتے ہیں۔ اور آخری مصرعہ اُن سے علیٰحدہ ہوتا ہے۔ اِس صنف میں نیاز دے کبت مشہور رہیں۔ مثلاً

پوہ ماہ دا جاڑا بُرا	رونی اتوں جھاڑا بُرا	بھادروں دا کاہڑا بُرا
ہاں تائیں ساڑدے		دانے ایہہ وچار ڈبے

۲۲۔ مثلث:۔ وہ نظم ہے جس کے ہر بند کے تین مصرعے ہوں۔ پیر شہاب دین نے مسدس حالی کا پنجابی مثلث میں ترجمہ کیا ہے ؎

کینی سُرت نہ دلیری قوم نے، گئی مُلّک پہ مٹھّ نہ ہاردی اے

پُھٹی پوہ، نہ اُگھڑی نیند مٹھی؛ ہوئی ٹھس پرمست ہنکار دی اے
گئی پت پریت پر شرم ناہیں، ناہیں ربس گراہنڈن دی مار دی اے

۲۳۔ مخمّس :۔ جس نظم کے ہر بند کے پانچ مصرعے ہوں، وہ مخمّس کہلاتی ہے۔ مثلاً ؎

سچ آکھاں بھانبڑ مچدا اے	جھوٹھ آکھاں تے کجھ بچدا اے
پچ پچ کے جیبھا کہندی اے	جی دوہناں گلاں توں جچدا اے

منہ آئی بات نہ رہندی اے

۲۴۔ مسدّس :۔ جس مسلسل نظم کے ہر بند کے چھ مصرعے ہوں۔ حکیم عبداللطیف عارف گجراتی نے مسدس حالی کا ترجمہ پنجابی مسدس میں ہی کیا ہے۔ مثلاً ؎

پتہ نہیں ایہہ لمحے حیاتڑی دے کیہڑے رنگ اندر ساتوں لنگ جاسن
ناگ حادثے ہور مصیبتاں دے کیہڑی کیہڑی نشاط نوں ڈنگ جاسن
خورے ہور کی کی ایتھے دیکھنا ایں کیہڑے رنگ اندر یا کے ٹھنگ جاسن
بھلا وقت مصیبتاں والیاں دے ایہنوں لنگھدے لنگھدے لنگ جاسن
تیری قبر تے رحمتاں لان جھڑیاں خوشبوں روح تیری دیچ بجان دسے
ایدھر باغ پروار جو چھڈ گئی ایں خوشیاں نال ایہہ دیچ جہان دسے

ان کے علاوہ ساخت کے لحاظ سے پنجابی نظم کے اور بھی اصناف سخن ہیں۔ جو فی زمانہ مروّج نہیں رہے۔ لہٰذا یہاں صرف اُن کے نام درج کیے جاتے ہیں۔
سویا۔ کلیا۔ کافی۔ چوبولا۔ اشٹ پدے۔ سورٹھ

معنوی لحاظ سے اصنافِ سخن

۱۔ حمد:۔ وہ نظم ہے جس میں خداوند تعالیٰ کی تعریف بیان کی جائے۔ یہ لفظ اللہ تعالیٰ کی تعریف کے لئے مخصوص ہے۔

۲۔ نعت:۔ وہ نظم ہے جس میں جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی تعریف بیان کی جائے۔ یہ لفظ بھی حضور صلعم کی تعریف کے لئے خاص ہے۔

۳۔ منقبت:۔ جس نظم میں صحابۂ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین یا اولیائے عظام رحمہم اللہ علیہم اجمعین کی تعریف ہو۔

۴۔ معراج نامہ:۔ جس نظم میں حضورِ پاک کے واقعۂ معراج کا ذکر ہو۔

۵۔ نور نامہ:۔ جس نظم میں حضورِ پاکؐ کی ولادت یا اسلامی مسائل (جن کو نُور سے تعبیر کیا جائے) کا ذکر ہو۔

۶۔ اشتر نامہ:۔ اُس تصوّف بھری نظم کا نام ہے جس میں مصنف اپنے آپ کو اونٹ کی طرح بُردبار سمجھ کر عشق کی تکالیف برداشت کرنے کا ذکر کرتا ہے۔

۷۔ چوہر پیڑی نامہ:۔ وہ نظم ہے جس میں شاعر اپنے آپ کو بھنگن تصوّر کرکے عجز و انکسار کا اظہار کرکے محبوبِ حقیقی سے وصال کی درخواست کرتا ہے۔

۸۔ جوگی نامہ:۔ یہ بھی چوہڑی نامہ کی طرح کی نظم ہوتی ہے، جس میں شاعر اپنے آپ کو جوگی یا جوگن تصوّر کرتا ہے اور اظہارِ انکسار کرتا ہے۔

۹۔ جنگ نامہ:۔ وہ نظم ہے جس میں لڑائی کے واقعات درج ہوں۔ خاص طور پر یزید اور امام حسینؓ کی لڑائی کا واقعہ بیان کرنے والی نظم جنگنامہ کہلاتی ہے۔

۱۰۔ فقر نامہ :۔ وہ نظم جس میں سلوک و معرفت کی باتیں ہوں۔

۱۱۔ حلیہ شریف :۔ وہ نظم جس میں جناب نبی پاکؐ کا سراپا درج ہو۔

۱۲۔ سلام :۔ وہ خاص طرز کی نظم جس میں حضور نبیؐ اکرم پر سلام بھیجا جائے۔

۱۳۔ ہجو :۔ وہ نظم جس میں کسی کی برائی بیان کی جائے۔ پنجابی میں اسے پھٹک یا بند کہتے ہیں۔

۱۴۔ چوٹاں :۔ وہ صنفِ سخن جس میں کسی شعر یا مصرعے میں کسی دوسرے پر چوٹ کی جائے۔ یا چھیڑا جائے۔

۱۵۔ وار یا پوڑی :۔ وہ رزمیہ نظم جس میں کسی لڑائی کے مسلسل واقعات ہوں۔ یہ ایک مخصوص انداز میں لکھی اور پڑھی جاتی ہے کہ سننے والے خواہ مخواہ جوش میں آجاتے ہیں۔ "نادر شاہ دی وار"۔ "چٹھیاں دی وار" مشہور واریں ہیں۔

۱۶۔ چرخہ نامہ :۔ وہ نظم ہے جس میں تصوّف کے رنگ میں شاعر اپنی مثال چرخے سے دیتا ہے اور چرخے سے کاتتے ہوئے سوت کو اعمالِ حسنہ سے تشبیہ دیتا ہے۔ پنجابی میں "چرخے ناموں" کی تعداد کافی پائی جاتی ہے۔

۱۷۔ جندڑی :۔ جس میں شاعر اپنی جان کو مخاطب کر کے اعمالِ حسنہ کی ترغیب دیتا ہے اور جان کو ایک اجنبی مسافر سمجھتا ہے۔

ابتدائی عہد

سنہ ۸۸۰ھ تا سنہ ۱۰۶۸ھ

(لودھیوں کا زمانہ تا اورنگزیب)

گذشتہ اوراق میں اقسامِ اصنافِ سخن کے مفصّل بیان کے بعد ضروری ہے کہ اُس لٹریچر کا بھی ذکر کیا جائے، یا اُن شعرار کا نام لیا جائے جنہوں نے اِن اقسامِ اصناف کو اپنایا۔

پنجابی زبان کی تحریری صورت کی ابتدا، گورو نانک جی مہاراج سے ہوئی۔ اور وہ یہ زمانہ ہے جس میں مختلف زبانوں کی کھچڑی ابھی پختہ نہیں ہوئی تھی۔ اور الفاظ مختلف زبانوں میں اپنی اصلی صورت میں نمایاں نظر آتے تھے۔ اِس لحاظ سے اس دَور کی زبان کو خالص پنجابی نہیں کہا جاسکتا۔ گرنتھ میں پنجابی کے علاوہ دوسرے علاقوں کی زبانیں بھی پائی جاتی ہیں۔ سکھ گورو بھگتی کے پیرو تھے۔ اس پر ان کے تصوف کی عمارت کھڑی ہے۔ اِس سکھی مذہبی ادب کے مجموعے ادی گرنتھ اور دسم گرنتھ کی صورت میں مِلتے ہیں۔ ان کے علاوہ اور بھی گوروؤں کی دیگر بانیاں اور راسی

نوعیت کا کافی لٹریچر اِس دَور کی یادگار ہے۔ جن میں گورو تیغ بہادر، سنت رین جی مہاراج، کاہنا بھگت اور چھجّو بھگت ہو گزرے ہیں۔

تصوّف کے ساتھ ساتھ سکھ قوم اپنی بہادری اور جوانمردی پر بھی فخر کرتی ہے اس جذبے کا اظہار انہوں نے اپنی واروں میں بڑے بڑے جوش و خروش سے کیا ہے۔ جن میں بھائی گورو داس کی چالیس واریں، گورو گوبند سنگھ کا کلام اور عبدل ٹنڈل کا کلام خاص طور پر قابلِ ذکر ہیں۔

جیسا کہ اِس بات کا اوپر بھی ذکر کیا گیا ہے کہ پنجابی زبان کی گاڑی مسلمانوں اور ہندوؤں دو برابر پہیّوں سے چلی۔ اِس لئے ضروری معلوم ہوتا ہے کہ یہاں اسلامی تصوّف کا بھی ذکر کیا جائے۔ ہندوؤں کے تصوّف کے ساتھ ساتھ اسلامی تصوّف کا بھی کافی ذخیرہ اِس دَور میں ملتا ہے جن میں سے بابا فریدؒ ثانی، مادھو لال حسینؒ اور شاہ شرفؒ خصوصیت سے قابلِ ذکر ہیں۔ ان لوگوں کو قلبی صفائی اور راہ راست کی طرف راہنمائی باری تعالیٰ کے ساتھ عشق و محبت آج تک لوگوں کے لئے مشعلِ راہ ہے۔

تصوّف کے ماسوا شرعیات یعنی اسلامی اصولوں کی تعلیم کے لئے بھی اپنی زبان میں اِس دَور میں کچھ کتابیں لکھی گئیں جن میں عبدی، عبداللہ لاہوری اور حافظ مُعز الدّین کے نام آتے ہیں عشق و محبت کے قصص بھی اِس دَور میں لکھے گئے۔ اگرچہ اُن کا ماحصل بھی عشقِ مجازی سے عشقِ حقیقی کی طرف تصوّف کے مضمون کی ایک کڑی ہے۔ پھر بھی ان سے ایک نئے موضوع یعنی رومانی شاعری کا پہلو نمایاں ہوتا ہے۔ اِس باب میں دمودر اور پیلو کے نام آتے ہیں۔

رزمیہ شاعری میں مزاح کی پیدائش بھی اسی دور میں ہو چکی تھی، جس میں ستھرا شاہ اور حلّھن کا کلام آتا ہے۔ نیز فنّی شاعری میں حکیم درویش کی منظومات اس بات پر دلالت کرتی ہیں کہ بعض دیگر فنون بھی پنجابی نظم میں ڈھل چکے تھے۔ غرض اس تھوڑے سے عرصہ میں ہی پنجابی زبان میں ہمہ گیری کی صورت پیدا ہو چکی تھی۔

گورو صاحبان کا عہد اور گورو گرنتھ صاحب

گورو نانک صاحب

اوپر بیان کیا جا چکا ہے کہ پنجابی نظم کی ابتدا الھکنی سرسکھ بانی گورو نانک صاحب سے ہوتی ہے۔ گورو نانک ۱۴۶۹ء میں بمقام ننکانہ ضلع شیخوپورہ مہتہ کالو رائے کے ہاں پیدا ہوئے۔ آپ ایک اچھے بزرگ تھے۔ جنہوں نے درویشی چولا پہنا۔ اور لوگوں کو ہدایت اور نیکی کی باتیں بتائیں۔ انہوں نے ان ہدایت کی باتوں کو پنجابی نظم کی صورت میں ڈھالا۔ اور آپ کے پیروکاروں نے بھی اسی طرزِ عمل کو اپنایا جن کو بعد میں جمع کر کے گرنتھ کا نام دیا گیا۔ اس لحاظ سے گرنتھ سکھوں کی مذہبی کتاب ہے۔ گرنتھ دو ہیں۔ ایک کا نام ادھ گرنتھ اور دوسرے کا نام دسم گرنتھ۔ ادی گرنتھ میں گورو نانک کی بانی درج ہے۔ اور یہ سب سے پہلے معرضِ وجود میں آیا۔ دسم گرنتھ میں سکھوں کے دسویں گورو گوبند سنگھ کا کلام درج ہے۔

گورو گرنتھ میں صرف گورو نانک کا کلام ہی درج نہیں بلکہ اس میں دیگر گورو صاحبان، بھگتوں اور پیروں فقیروں کا کلام بھی ہے۔ اس مجموعے میں ۴۳۸۴ شبد

ہیں۔ جن کو ۱۶۰۳ء میں سکھوں کے پانچویں گورو، گورو ارجن دیو نے امرت سر میں جمع کر کے بھائی گورو داس سے لکھوایا۔ پھر اس میں اپنا کلام اور دیگر ہم عصر بھگتوں کا کلام شامل کر کے ۱۶۰۴ء میں ختم کیا۔ گورو گرنتھ صاحب میں گوروؤں، بھگتوں، پیروں اور فقیروں کے درج شدہ کلام کی تفصیل حسب ذیل ہے:۔

پہلے گورو کے ۲۹۴۹ مصرعے۔ دوسرے گورو کے ۱۷۵ مصرعے۔ تیسرے گورو کے ۲۵۲۲ مصرعے۔ چوتھے گورو کے ۱۷۳۰ مصرعے، پانچویں گورو کے ۶۲۰۴ مصرعے۔ ناویں گورو کے ۱۹۶، دسویں گورو کا ایک، بھگت کبیر کے ۱۱۴۶، نام دیو کے ۲۳۹، شیخ فرید کے ۱۴۹، ردیداس کے ۱۳۴، مردانے کے ۳، رائے بلونڈے کے ۸ اور میراں بائی کے ۳، اور باقی بھگتوں کے ۱۲۸ مصرعے درج ہیں۔

دسم گرنتھ:۔ ادھ گرنتھ سے علیحدہ ہے۔ یہ سکھوں کے دسویں گورو گوبند سنگھ کا کلام ہے۔ گورو گوبند سنگھ جی ہندی کے بہت بڑے شاعر ہیں۔ ادھ گرنتھ کی طرح یہ گرنتھ بھی بہت ضخیم ہے۔ لیکن زبان ہندی ہے۔ جس میں "چنڈی یا بھگوتی" کی دار پنجابی نظم میں ہے۔ گورو گوبند سنگھ جی کی پنجابی زبان کافی واضح ہے۔ مثلاً ؎

متر پیارے نوں حال مریداں دا کہنا

تدھ بن روگ رضائیاں دا اوڈھن، ناگ نواساں دے رہنا

سول، صراحی، خنجر، پیالہ، بنگ قصائیاں دا سہنا

یارڑے دا سانوں سنتھر چنگا، بھٹھ کھیڑیاں دا رہنا

ان گرنتھوں کی زبان خالص پنجابی نہیں۔ کہیں کہیں ہندی، مرہٹی اور سنسکرت کے شلوک بھی ہیں۔ ان پر سنسکرت کا گہرا اثر ہے۔ نیز ان ہر دو گرنتھوں میں یہ بنیادی موضوع

بار بار آیا ہے کہ روح اپنے خالق یعنی خدا کے ساتھ مل جائے اور یہ میل سچے گورو کی راہنمائی کے بغیر نہیں ہو سکتا۔

گرنتھ میں درج شدہ کلام کے علاوہ گورو نانک صاحب کے کلام کی تفصیل یوں بیان کی جاتی ہے:۔

(۱) نصیحت نامہ۔ (۲) ریختے۔ (۳) مناجات۔ (۴) پران سنگلی یا ستّ محلّ کی کتھا۔ (۵) گیان سرود ہے۔ (۶) کافیاں۔ (۷) کتھا کرشن چندر۔ (۸) بانی سنگھم وغیرہ۔ کچھ فارسی میں شبد اور نثر میں حاضر نامہ بتائے جاتے ہیں۔ گورو نانک صاحب کی وفات ۱۵۳۸ء میں ہوئی۔

گرنتھ میں جن گوروؤں کا کلام درج ہے اُن کے اسمائے حسب ذیل ہیں:۔

۱۔ گورو نانک ۱۴۶۹ء سے ۱۵۳۸ء تک
۲۔ گورو انگد دیو جی ۱۵۰۴ء سے ۱۵۵۲ء تک
۳۔ گورو امر داس جی ۱۴۷۹ء سے ۱۵۷۴ء تک
۴۔ گورو رامداس جی ۱۵۳۴ء سے ۱۵۸۱ء تک
۵۔ گورو ارجن دیو جی ۱۵۶۳ء سے ۱۶۰۶ء تک

بھائی گورو داس بھلّہ

بھائی گورو داس گورو رام داس جی کے بھتیجے تھے۔ ہندی اور پنجابی کے اچھے شاعر تھے سکھ گوروؤں کی بانیوں میں آپ کا کلام عمدہ درجے کا مانا جاتا ہے۔ آپ کی چالیس واریں مشہور ہیں۔ آپ کا جنم ۱۵۵۹ء میں ہوا اور آپ نے ۱۶۳۷ء کو وفات پائی۔ آپ کے اشعار سے آپ کا علمی تفوق ظاہر ہوتا ہے۔ آپ کی ایک

وار سے چند اشعار بطور نمونہ درج کئے جاتے ہیں :۔

سوئی تانبا رنگ سنگ جیوں کیہاں ہوئی
سوئی تانبا جیت مل پتل ادھ لوئی
سوئی شیشے سنگتی جھنکار بھلوئی
تانبا پارس پرسیا، ہو کنچن سوئی
سوئی تانبا بھسم ہوئے اوکھت کرجوئی
آپے آپ ورت وا سنگت گن ہوئی

بھائی بیر سنگھ :۔

ان کے کلام میں آج سے ڈیڑھ سو سال پہلے سری گورو گوبند سنگھ جی کے درشن کی خواہش نمایاں نظر آتی ہے ؎

چڑھیا بھگن ناگ پوتر	موڑے پر چھ ڈال ڈھل پتر
کس تیس تایا کھنڈا اُتر	ہے کو بیشر بدھ چلیتر
دھن گورو ارجن گورو ہر	سنگھاسن ست گور بیٹھے راج
سوسلجے انگ بھات سکھ سماج	گوبند سنگھ تین لوک سرتاج
چند چھپ کلغی کر پر یاج	سورے سبھ سکھاں دے کاج
بخشی آوندے ست گور راج	مہر دی نظر کر

گورو تیغ بہادر :۔

آپ سکھوں کے چھٹے گورو ہر گوبند جی کے سب سے چھوٹے صاحبزادے تھے۔ یہ اورنگ زیب کے زمانے میں امرت سر میں سمت ۱۶۲۱ میں پیدا ہوئے۔ آپ

۱۶۵۴ء میں گدی نشین ہوئے لیکن اپنے بھائی سوڈھی سورج مل کی شرارتوں سے تنگ آکر انند پور ضلع ہوشیار پور میں چلے گئے۔ آخر آپ ۱۶۷۵ء میں دہلی میں قتل ہوئے۔ گورو گوبند سنگھ جی آپ کے اکلوتے بیٹے تھے۔

نمونہ کلام

سادھو رچنا رام رچائی

اِک بِنسے اِک استر مانے، چرج لکھیو نہ جائی

کام کرودھ موہ لبس پرانی، ہر مورت بسرائی

جھوٹا تن ساچا کر مانیو، جیوں سپنا رینائی

جو دیسے سو سگل بناسے، جیوں بادر کی چھائی

جی نانک جگ جانیو، ہتھیار ہیو رام سرنائی

شیخ فرید الدین ابراہیم۔ فرید ثانی :-

عام مورخوں کا خیال ہے کہ گورو گرنتھ صاحب میں بابا فرید شکر گنج رحمۃ اللہ علیہ کا کلام ہے۔ لیکن اُن کی تحقیق غلط ہے۔ گورو گرنتھ صاحب میں جس ولی اللہ محترم ہستی کا کلام درج ہے، وہ یہ شیخ فرید الدین ابراہیم المعروف فرید ثانی ہیں۔ آپ گورو نانک صاحب کے ہم عصر تھے۔ گورو نانک صاحب اور آپ کی ملاقاتوں کا ذکر ہر جنم ساکھی اور گلزارِ فرید میں ملتا ہے۔ گورو نانک صاحب کے ساتھ ساتھ آپ بھی پنجابی کے پہلے شاعر ہیں۔ اور صوفی شاعر ہیں۔ آپ کا نام شیخ براہم بھی اکثر جگہ لکھا ہوا ملتا ہے۔ آپ کا زمانہ ۱۴۵۰ء مطابق ۸۵۴ھ اور ۱۵۷۵ء مطابق ۹۸۳ھ بتایا جاتا ہے۔

آپ کی تصنیفات :- کچھ کافیاں اور ایک سو تیس اشلوک ہیں۔ ان کے علاوہ ایک نصیحت نامہ ہے جس کا قلمی نسخہ پنجاب یونیورسٹی کی لائبریری میں بنایا جاتا ہے۔

مکالمہ گورو نانک و شاہ بہرام :-

سوال گورو نانک :-

پڑھتے پڑھتے دند گھسے کسے نہ کیتی ہو

جواب شاہ بہرام :-

وِیکھو حرف پریم کا، پڑھے سو پنڈت ہو

سوال بابا نانک :-

صاحب دیاں دو حداں   کسنوں پکڑاں، کسنوں چھڈاں

جواب شاہ بہرام :-

صاحب کی دو حد   سچ نوں پکڑ، کوڑ نوں چھڈ

سوال بابا نانک :-

کلمہ کہاں تاں گل پوے بن کلمیوں بھی ناں
ہندو کہاں تاں ماریاں مسلمان بھی ناں

جواب شاہ بہرام :-

دوہاں تے پانی وار پی جے پانا بھگوان
ایکو برہم پچھان کے دنیا ناسی جان

دیگر نمونۂ کلام

بڈھا ہویا شیخ فرید کنبن لگی دیہہ   جے سو ورھیاں جیونا بھی تن ہونا کھیہہ

یشخ حیاتی جگ نہ کوئی تھر رہیا   جس آسن ہم بیٹھے کیتنے بیس گیا
بولئے سچ، دھرم جھوٹ نہ بولئے   جو گرو سے اٹ فریدا جو لیئے

آپ نے پورے ۴۶ سال سجادہ نشینی کی اور ۹۵۹ھ میں وفات پائی۔

سنت رین جی مہاراج :-

ڈاکٹر موہن سنگھ دیوانہ، آپ کو گورو نانک صاحب کا ہم عصر بتاتے ہیں۔ قریشی عبدالغفور صاحب آپ کو پلیسوا (پوربی پنجاب) کے مشہور اداسی مہاتما بتاتے ہیں۔ پنجابی میں آپ کی ماجھاں، دوہڑے اور چار سی حرفیاں ملتی ہیں۔ آپ پنڈ ڈھبلں ریاست مالیر کوٹلہ کے رہنے والے تھے۔ ماجھاں کا قلمی نسخہ پنجاب یونیورسٹی لائبریری میں موجود ہے۔   نمونہ کلام

دیہہ وید ارسک لاہ اساڈی۔ اسیں درس تیرے دے پیاسے
ایہہ منگاں کجھ ہور نہ منگاں اک خیر توپے وچ کاسے
ڈھونڈاں تینوں تہ ملیوں نیہوں اسیں عجب حیران ہراسے
سنت رین اوہ پیارا ملیا، جیہڑا اگے ہی ملیا سے

تدھ سائیں وچ فرق نہ کوئی جے ٹک دوئی گوائیں
اتے باہر ڈھونڈن تھیں توں چھٹیں دل دچ دلبر پائیں
چھڈ شک تے حق پچھاتے ہردم ہر دل لائیں
سنت رین سکھ ہتھ نہ آوے جے نہ دکھیں دائیں بائیں

مادھو لال حسین :-

پیدائش ۹۴۵ھ مطابق ۱۵۳۹ء وفات ۱۰۰۸ھ بعمر ۶۳ سال

آپ لاہور میں پیدا ہوئے۔ آپ کے آباؤ اجداد ہندو تھے۔ جنہوں نے فیروز شاہ کے عہد میں اسلام قبول کیا تھا۔ آپ کے والد صاحب کو لوگ شیخ عثمان کے نام سے پکارتے تھے۔ شاہ حسین نے ۱۲ سال کی عمر میں قرآن کریم حفظ کر لیا۔ ایک خدا رسیدہ بزرگ ابوبکر نامی آپ کے اُستاد اور شیخ بہلول آپ کے پیر طریقت تھے۔ ریاضت اور مجاہدہ میں آپ نے یہاں تک کمال کیا، کہ آپ سے کرامات کا ظہور ہونے لگا۔ اور آپ مست الست شہر میں پھر کر قرآن حکیم کی تبلیغ کرتے لیکن داڑھی وغیرہ منڈوا رکھی تھی۔ اور طریقۂ ملامتیہ اختیار کر رکھا تھا۔ اکبر مغل بادشاہ آپ کے تقدس کا بہت قائل تھا۔ آپ کے مجمعوں میں ایک خوبصورت لڑکا مادھو لال بھی شریک ہوا کرتا تھا۔ وہ آپ کا مقبول نظر ہو گیا۔ ماں باپ نے اُسے بہزار روکا لیکن وہ نہ رکا۔ وہ شاہ حسین کی کرامات کا حد درجہ تک قائل ہو چکا ہے۔ پیر و مرید کی محبت یہاں تک پہنچی کہ حسین، مادھو لال حسین کے نام سے مشہور رہے۔ آپ کا مزار باغبانپورہ میں ہے۔ ہر سال مارچ کے آخری اتوار کو شالامار باغ میں میلہ چراغاں ہوتا ہے حالانکہ یہ میلہ ایک موسمی تقریب ہے۔ لیکن لوگوں نے اِس تہوار کو سولھویں صدی کے نامور پنجابی صوفی بزرگ اور شاعر مادھو لال حسین کے نام سے منسوب کر رکھا ہے۔ یہ میلہ ایک عرس کی شکل اختیار کر چکا ہے۔ قوالی ہوتی ہے۔ چڑھاوے چڑھتے ہیں۔ قوال آپ ہی کی کافیاں گاتے ہیں۔

بحیثیت شاعر مادھو لال حسین پنجابی شعراء میں ایک بہت بلند مرتبے کے

حامل ہیں۔ آپ کے کلام میں سوز کُوٹ کُوٹ کر بھرا ہوا ہے۔ زبان سادہ، میٹھی، عام فہم اور رسیلی ہے۔ آپ کی کافیاں ایک دفعہ تو ڈاکٹر موہن سنگھ دیوانہ نے اور دوسری دفعہ مع شرح محمد افضل نے شائع کیں۔ محترم دوست غلام یعقوب انور صاحب نے ان کا انگریزی نظم میں ترجمہ کیا ہے۔ نمونہ کلام

آپ کمینہ تیری عقل کمینی کون کہے توں داناں
اینہیں راہیں جاندے ڈٹھڑے میر ملک سلطاناں
آپ مارے تے آپ جواوے عزرائیل بہاناں
کہے حسین فقیر سائیں دا اُٹھ مصلحت اُٹھ جانا

تانے پیٹے اِکو سُوتر دو تیا بھاؤ نہ جانا
چوسی پیٹی چھڈ کراہی حضوری وچ چھانا
تاناں آندا، باناں آندا، آندا چرخہ پڑانا
اکھن دی کجھ حاجت ناہیں جو جانے سو جانا

چار دے پلے چو نڑی نیں روندی دے بھنے
کت نہ جانا پونیاں وینی آں منے
آون آون کہہ گئے، بارہ ماہ پنے
اِک انہیری کوٹھڑی اِک ہتڑ چھنے
کالے ہرناں چر گیوں شاہ حسین دے بنے

بیندا دل رانجھن را دل منگے جنگل بیلے پھراں ڈھونڈیندی رانجھن میرے سنگے
مہیں آیاں میرا چاک نہ آیا ہیر کوکے وچ جھنگے
رانئیں وہیں پھراں دے وچ جھل دے
بڑاں بلنبولاں دے کنڈھے
کہے حسین فقیر نماناں، رانجھن ملے کت ڈھنگے

دمودر :-

دمودر گھلاٹی ذات کا ہندو تھا۔ جھنگ میں اس نے اپنی دکان کھول رکھی تھی۔ سر رچرڈ ٹمپل لکھتے ہیں کہ دمودر نے ہیر رانجھا کا معاشقہ اپنی آنکھوں سے دیکھا۔ ہیر کے والد چوچک سے اس کے گہرے مراسم تھے۔ دمودر کہتا ہے کہ ہیر رانجھے کا واقعہ شہنشاہ اکبر کے عہد میں ہوا۔ سب سے پہلے ہیر رانجھا کا قصہ دمودر نے ہی لکھا ہے۔ لکھتے ہیں ؎

پندرہ سے اُنہتر سخت بکرم والے   ہیر تے رانجھا ہوئے اکٹھے جھگڑے رب مکائے
- - - - - - - - - - - -   بادشاہی جو اکبر سن دی وِچ دِن تیج سوائے

لیکن دمودر کے بیانات کو نقاد تسلیم نہیں کرتے۔ کیونکہ سمت ۱۵۶۹ بکرمی اکبر کا زمانہ نہیں۔ اکبر نے سمت ۱۶۱۳ بکرمی سے سمت ۱۶۶۲ تک حکومت کی ہے۔ لہٰذا یہ واقعہ اور دمودر کا یہ شعر تاریخی لحاظ سے درست نہیں لیکن راجندر سنگھ بیدی ہیر کے دیباچہ میں لکھتے ہیں :-

"ایہہ یقین اے کہ کوی دمودر نے ایہہ قصہ اکھیں ڈٹھا لکھیا اے۔ تے سب توں پہلاں تے پرانا تے واقعات نوں اصلی رنگ وچ دسن والا اے۔ ایس کرکے چھپ چکیاں سب قصیاں نالوں قدر یوگ تے سچا اے۔ ایہہ قصہ جھنگ دے علاقے وچ پڑھیا تے گانویاں جاندا رہیا اے۔ اصل وچہ ایہو پہلا قصہ اے، جہدا آسرا لے کے پاٹھ سنا کے مقبل تے وارث شاہ وغیرہ کویاں نے کئی تبدیلیاں نال قصے رچے۔"

رانجھا جب قاضی کی عدالت سے ہیر کو ساتھ لے کر نکلتا ہے تو دمودر لکھتا

ہے ۔

بادشاہی جو اکبر سندی دِن دِن چڑھے سوائے
آکھ دموودر دیندے سیساں شہروں باہر آئے

بہرحال سب سے پہلے ہیر کا قصّہ لکھنے والا دموودر ہی ہے ۔ اور راج سمت کا بھی اسی نے ہی پتہ دیا ہے ۔ ممکن ہے کاتبوں کی غلطی سے یہ سمت تبدیل ہو گیا ہو ۔

دموودر کی اصلی ہیر کا نسخہ فارسی رسم الخط میں تھا ۔ لیکن جب یہ گورمکھی رسم الخط میں لکھا گیا تو اس میں بہت سے الفاظ بدل گئے ۔

نمونہ کلام

مائے نی ! میں چاک لدھوئی نت اُٹھ مجھیں چارے
برکت تیندی گھاہ نہ مُکلے ، مجھّ نہ کٹّی ہارے
جُتّی بھورا مُول نہ منگے ، لتّے پورے چارے
اوڑا مُول نہ لگے کداہیں ساون وسّے بھوہارے

محبّت اور پیار کا منظر :-

ہیر — وِچ رانجھا حال نہ جانے کوئی ، رانجھا رانجھا میں کنہوں آکھاں آپے رانجھا ہوئی
رانجھا ہیر تے ہیر رنجھیٹی رتّی فرق نہ ہوئی ، آکھ دموودر بھار عشق دی مُوئی جان مکائی

کاہنا بھگت :-

جہانگیر کے زمانہ میں لاہور میں پیدا ہوئے ۔ ہندوؤں میں ان کی بڑی قدر و منزلت

تھی۔ جب گورو ارجن دیوجی گرنتھ جمع کر رہے تھے کاہنا بھگت ان کے پاس پہنچے۔ اور اپنے کلام کو گرنتھ میں شامل کرنے کے لئے کہا۔ گورو جی نے کہا "ذرا اپنی بانی تو سناؤ۔" آپ نے یہ شعر پڑھا ؎

ایس ادہ ہی رہے، میں اوہ ہی رہے   جان کو سرز منجن کھوجت نہ پاوت کوئی رے

گورو جی نے ویدانتی خیال سن کر شامل کرنے سے انکار کر دیا۔

نمونہ کلام

اوجھڑ پنتھ پریم دے پینڈے، میں اِک اکلڑی مُٹھی
گجھی سانگ لگی تن میرے کر کے کلیجے نوں اٹھی!
بہے سو آکھے مڑساں ناہیں جے کر لاہو کھل اپٹھی
کاہنا کہے میں تھل جڑھ کو کاں میں عشق پنوں دے مٹھی

آپ نے ۱۶۰۰ء میں وفات پائی۔

چھجو بھگت:۔

لاہور میں صرافی کی دکان کرتے تھے۔ وہاں آپ کا چوبارہ مشہور تھا۔ بھگوت گیتا کا ترجمہ نظم میں کیا اور شبد لکھے ہیں۔ قلمی نسخے پنجاب یونیورسٹی کی لائبریری میں موجود ہیں۔

آپ نے ۱۰۵۲ء میں وفات پائی

نمونہ کلام

گالی دات نہ جوڑیا، پیری روگ نہ پندھ
چھجو جتھے عقل نہ اپڑے تتھے مریاں دی سندھ

حکیم درویش :-

یہ حکیم درویش ہی تھے جنہوں نے ویدک طریقۂ علاج اور یونانی طب کو پنجابی نظم کے قالب میں ڈھالا۔ اور اس علم کو قارئین کے لیئے دلچسپ بنا دیا آپ گڑھ کلاس (کلاس کے) ضلع گوجرانوالہ کے باشندے تھے۔ آپ شاہجہان کے عہد میں ہوئے۔ آپ کے فن کا شہرہ سارے ملک میں پھیل چکا تھا۔ کہتے ہیں کہ شاہی حرم میں کسی بیگم کو ورم پستان کا مرض لاحق ہو گیا۔ شاہی طبیبوں نے بہتیرا زور مارا لیکن شفا کہاں؟ آخر کسی نے حکیم درویش کا نام لیا۔

حکیم درویش کی دربار شاہی میں طلبی ہوئی۔ مریضہ کو دیکھنے کی اجازت بھی نہیں تھی۔ حکیم صاحب نے پردے کے باہر بیٹھ کر ہی ایک کلائی کے ساتھ بندھے ہوئے ریشمی دھاگے کے ذریعہ نبض کی حرکات کا جائزہ لیا اور تشخیص مکمل کی فصد کے بغیر مریضہ تندرست نہیں ہو سکتی تھی۔ آپ نے ایک مکان میں راکھ بچھوائی۔ مریضہ کو ننگے پاؤں اُدھر سے گذرنے کو کہا۔ آپ نے ایک پاؤں کے نشان میں ایک مخصوص جگہ نشتر کھبو دی۔ اور مریضہ کو پھر اُنہی نشانوں پر پاؤں رکھ کر گذرنے کو کہا۔ مریضہ گذری۔ جب مریضہ کا پاؤں اُس نقش پر بیٹھا جہاں نشتر گڑی تھی۔ نشتر چُبھ گئی۔ فصد ہو گیا۔ اُدھر پاؤں سے خون بہہ رہا تھا۔ اُدھر پستان کی ورم کم ہو رہی تھی۔ جب پستان ٹھیک حالت پر آ گیا تو خون بند کر دیا گیا۔ بادشاہ نے اِس مسیحائی پر خوش ہو کر ایک گاؤں جاگیر میں دیا جو آج کل بھی "درویش" کے نام سے مشہور ہے۔ آپ کی قبر بھی وہیں ہے۔

حکیم صاحب کی فنی اور ادبی یادگار "پران سکھ" نام ایک چھوٹا سا منظوم ہندی

رسالہ ہے جس میں طب ہندی کی رُو سے چیدہ چیدہ امراض کا علاج درج ہے۔ یہ رسالہ مطبع عام لاہور میں چھپ چکا ہے۔ ہمارے ملک کے وید اور طبیب آج تک اِس سے مستفید ہو رہے ہیں۔ حکیم صاحب نے اِس رسالہ میں اپنے وطن کے متعلق اِن اشعار میں ذکر کیا ہے ؎

جب درویش حکیم بجھائے راز   تب گڑھ کیلاس نہے شیراز
گڑھ کیلاس کی ایسی گیستا   بولن ساچ جھوٹ نہیں ریتا

اور تاریخ تصنیف رسالہ "پران سُکھ" حسب ذیل ہے ؎

سمت پوتھی دیکھ کر لکھیا گُنے گھمیر   والے شاہ جہان دے دلّے یوسف میر
ایک ہزار چھیاسٹھ سن نبیؐ کا جا   سولاں سے سایا رھواں سمت بکرم رائے

علاوہ ازیں مفتاح الحکمت۔ دافع المرض، حکیم درویش کی علم طب میں مشہور کتابیں ہیں۔ مفتاح الحکمت فارسی میں منظوم رسالہ ہے۔ اِس کا دیباچہ فارسی نثر میں ہے جس میں حکیم درویش اپنے آپ کو بابا فرید شکر گنج کا مرید ظاہر کرتے ہیں۔

نمونہ کلام
دافع المرض میں سے
علاماتِ سوزاک

ایہہ نشان رکھو ترے آکھ سناداں قول   گرمی سردی دیکھ کر علاج سوزاکی بول
ہے گرمی بول کر بندیا آلت بہت سڑے   پیلا بول اِس گرم ترہ تا گو خشک رہے

نامردی کا دُور کرنا

سوکھا، منجل، کھنڈ، سے ترے اِک اِک دام
رس برگ چنبیلی کڈھ بھی تیل تلاں دا خام

ایہہ دونویں پکا پاؤ پاؤ وچ کڑاہی پا
اگ جلائیں نرم نرم پانی سب کھپا

ٹھنڈا کر کے ——————
راتیں مل کے برگ دھتورہ اپر بنھ لیئے

سرد پانی تھیں پرہیز ہو، بادی ترش نہ کھا
نامردی نوں رد کرے منگے فضل خدا

پیلو:-

پیلو گورو ارجن دیو جی جن کا زمانہ ۱۵۶۳ء سے ۱۶۰۶ء تک بتایا جاتا ہے، کے ہم عصر تھے۔ قصہ مرزا صاحباں سب سے پہلے آپ ہی نے پنجابی میں نظم کیا۔ اور اسی قصہ کے سبب آپ کی شہرت ہوئی۔ حتیٰ کہ آنے والے شاعروں نے بھی بڑے اہتمام سے آپ کا ذکر کیا ہے۔ خاص کر حافظ برخوردار نے تو آپ کی بہت تعریف کی ہے ؎

یارو پیلو نال برابری شاعر بھُل کریں
جنہوں پنجاں پیراں اُٹھا اپنا کنڈیں دست دھریا

(حافظ برخوردار)

پیلو کون تھا، ہندو یا مسلمان، اس کے متعلق اختلاف ہے بعض تو پیلو کو ماجھے کا مسلمان زمیندار بتاتے ہیں۔ باوا بدھ سنگھ صاحب اِسے ہندو لکھتے ہیں۔ ڈاکٹر موہن سنگھ دیوانہ دو پیلو بتاتے ہیں۔ ایک گورو ارجن دیو کا معاصر اور دوسرا پیلو ستارھویں صدی عیسوی کا۔ عبدالغفور قریشی ایک ہی پیلو کے قائل ہیں اور اسے مسلمان ثابت کرتے ہیں۔

نمونہ کلام

پیلو آکھے شاعراکت دل گیا دھیان
بہہ بہہ گیاں مجلساں لگ لگ گئے دیوان

پیلو دساں ناواں نے بھلے جمدے ای ہوئے   اوہناں جھگڑ پاواں نہ بوڑیا نہ اُلو دیتھیے

عورت کی محبت کے متعلق پیلو کا یہ بند خاص طور پر مشہور رہے ہے

چڑھدے مرزے خان نوں حبٹ دتھبل دیندا مت

بھٹ رناں وی دوستی کھُری جنہاں دی مت

ہس کے لاندیاں یاریاں رو کے دیندیاں دس

بہتھیں یار کو باندیاں دھر چھاتی تے لت

عبدالغفور قریشی نے یہ شعر یوں لکھا ہے۔

پیلوں ہس ہس لاندیاں یاریاں پچھوں رو دیندیاں دس

عبدل :-

آپ گورو گوبند کے ہم عصر تھے۔ وار خوب لکھتے تھے۔ مشہور وار ہے، لیکن نایاب ہے۔

نمونہ کلام

تیر کمان کی تعریف

ٹھٹے تے ملتان وچ نوچیز بنایاں   روغن رنگ ولایتی سونے چمکائیاں

مارن مرداں گھوڑیاں تیر بہتّو عمفایاں   جن کر سرخاں جال وچ نوکاں ابھرائیاں

ستھرا شاہ :-

ستھرا شاہ ۱۶۱۵ء میں پیدا ہوئے۔ گورو ہرگوبند صاحب متوفی ۱۶۴۴ء کے ہم عصر تھے۔ اٹھارہ شلوک آپ کی یادگار ہیں۔ قلمی نسخہ پنجاب یونیورسٹی لائبریری میں موجود ہے۔

نمونہ کلام

جے دولت ہتھ نہ آوے ملے امیر وے	جے منتر کم نہ آوے وے ملے بھیڑ وے
جے سینہ صاف نہ ہووے ملے فقیر وے	جے دارو نفع نہ دیوے وچ سر یہ وے
ماں گُھمریاں پنجے گھت دگا وچ وہند نیر وے	جے تُرت مراد نہ پاوئیں سوریاں پیر دے

جلّھن :-

پنڈ دھبڈانا[1] ضلع امرت سر کے رہنے والے تھے۔ سندھو ذات کے زمیندار تھے۔ فرماتے تھے اگر محبت نہیں تو عبادت فضول اور بے معنی ہے۔ گورو ہرگوبند صاحب متوفی ۱۶۴۴ء کے ہم عصر تھے۔ ان کے شبد ۱۹۱۴ء میں چھپ چکے ہیں لیکن آج کل نایاب ہیں۔

نمونہ کلام

(۱) نکے ہندے ڈھگے چارے، وڈے ہوئے ہل واہیا

بڈھے ہوئے مالا پھیری رب دا لاہنبا لاہیا

جلّھن آکھے تیرا فٹے مُنہ	(۲) جے پڑھ گرڈھ کے رکھیں ہو نہہ
جلّھن لے سوروپن شتّا	(۳) جاگے چور نے بھونکے کتا

ولی رام :-

یہ شاہجہان کے زمانہ میں ہوئے۔ ان کی وفات ۱۶۵۸ء میں ہوئی عشق حقیقی کی لگن والے بزرگ تھے۔ عربی اور فارسی میں بھی شعر کہتے تھے۔ ان کی مثنوی ملقب بہ "شش وزن" نادر العلوم میں چھپ چکی ہے۔

---

[1] ایک روایت سے موضع جُلّھن تحصیل و ضلع گوجرانوالہ کے باشندے بتائے جاتے ہیں اور جُلّھن آپ کے ہی نام سے منسوب کیا جاتا ہے۔

نمونہ کلام

سجن تیرے دوار تے جائیں سجن تینوں کیہا عملا جیں

میں تے سجن اکو نی گلاں دل دے ہتھ سینہے گھلاں

تیتھوں گھول گھمائیں

شیرانی صاحب نے آپ کی اردو کی ایک نظم بھی "پنجاب میں اردو" میں درج کی ہے۔

شاہ شرف:۔

بٹالہ ضلع گورداسپور کے رہنے والے تھے۔ یہاں آپ کے والد قانونگو تھے۔ خاندانی اعتبار سے آپ ذات کے کھتری تھے۔ دادا مسلمان ہوئے۔ آپ سنہ ۱۶۵۹ء میں پیدا ہوئے۔ شادی ہوئی۔ پھر بیوی سے ناراض ہو کر ترکِ دنیا کے خیال سے لاہور آ گئے۔ یہاں شیخ محمد فاضل قادری کے ہاتھ پر بیعت کی۔ آپ نے ۱۷۲۵ء میں مطابق سنہ ۱۱۳۷ھ وفات پائی۔ آپ کی تصانیف کافیاں ہیں۔ کافیوں کا قلمی نسخہ پنجاب یونیورسٹی لائبریری میں موجود ہے۔

نمونہ کلام

اکھیاں دکھ بھری میری ویکھن یار تساں نوں

ڈھٹھے باہجوں رہن نہ موسے لگی چوٹ بنیاں نوں

جے تن لگے سو تن جانے گجھی دیدن اساں نوں

شاہ شرف دل درد گھنیرے معلم حال منہاں نوں

عبدیؔ :-

کو دھن ذات کے تھے۔ والد صاحب کا نام محمد تھا اور موضع باتو کے رہنے والے تھے۔ رسالہ مُہتدی آپ کی مشہور تصنیف ہے۔ یہ رسالہ ۱۰۹۹ھ میں لکھا گیا۔ یہ اورنگ زیب کے معاصر تھے۔ رسالہ مُہتدی کے علاوہ ایک اور تصنیف معنی نماز بھی ہے جو اتنی مشہور نہیں۔ رسالہ مُہتدی میں فقہی مسائل درج ہیں۔ فرائض یا بوطی اسی رسالہ کا دوسرا نام ہے۔

نمونہ کلام رسالہ مُہتدی

روزے ماہ رمضان دے سب ہی فرض پچھان | سمجھاں کارن نیتنا فرض کیتا رحمان
چھوڑن کھانا پیونا، کرن ترک جماع | ایہو روزہ جُجھ نوں نال قیاس سماع

معنی نماز سے

معنی دُعا قنوت دے کریں بیان متین | جیہڑے سُنے یاد کر نعمت فی نال یقین
اسیں یاری تد دھ تھیں ربا بخشن ہار | توں خدا کریم ہیں، توں غفار ستار

عبداللہ لاہوری :-

عبداللہ لاہوری پہلے مسلمان شاعر ہیں جن کا کلام کافی تعداد میں ملتا ہے۔ ان کی مشہور کتاب بارہ انواع ہے جس میں فقہ کے بارہ رسالے شامل ہیں جو مختلف سنین میں تصنیف ہوئے۔ اُن رسائل کے اسما حسب ذیل ہیں۔

۱۔ تحفہ ۱۰۲۵ھ ۲۔ خلاصہ ۱۰۳۴ھ ۳۔ انواع العلوم ۱۰۴۲ھ
۴۔ خیر العاشقین کلاں ۱۰۵۴ھ ۵۔ سراجی ۱۰۵۸ھ ۶۔ نص فرائض ۱۰۳۰ھ
۵۔ خلاصہ معلومات ۱۰۴۳ھ ۸۔ حصار الایمان۔ ۹۔ خیر العاشقین خورد ۱۰۶۵ھ

۱۰۔ معرفت الٰہی ۱۰۴۵ھ ۱۱۔ صیقل اوّل ۱۲۔ صیقل دوم

بعض مؤرخین عبدی مصنف رسالہ مہتدی اور عبداللہ کو ایک ہی آدمی تصور کرتے ہیں جو صحیح نہیں۔ عبدی کے متعلق باوا بدھ سنگھ صاحب مصنف پریم کہانی لکھتے ہیں کہ آپ ہانس علاقہ منٹگمری کے رہنے والے تھے۔ ابتدا میں بکریاں چرایا کرتے تھے۔ بعد میں علم حاصل کیا۔ اور اپنی زندگی اسلامی تبلیغ کے لئے وقف کر دی۔ پھر آپ منٹگمری سے لاہور چوک جھنڈا میں آ کر رہنے لگے اور چکی پیس کر گذارہ کرتے تھے۔ عبداللہ کا تمام کلام شرعیات پر مبنی ہے۔

نمونہ کلام

ارکان ایمان:۔

رکن ایمان تصدیق قرارا ایہہ مخلوق ظہور	اللہ باب آسان کر ایمانے وا مذکور
ایہہ غیر ہین مخلوق دو مسعودی نسما	توفیق ایمان تانیں بخشش رب عطا

حافظ معز الدین:۔

آپ لاہور کے رہنے والے تھے۔ آنکھوں سے نابینا تھے۔ خان سعد اللہ خاں وزیر شاہ جہاں کے کہنے پر آپ نے ۱۰۹۶ھ میں قصیدہ امالی کا ترجمہ پنجابی میں مسجد سپر اداں لاہور میں بیٹھ کر لکھا۔ آپ کی دوسری تصنیف توبہ نامہ ہے جس کا ایک قلمی نسخہ ہمارے پاس ہے۔ نمونہ کلام

یا رب تینوں واحد جاتا اسماں صفتاں نال پچھاتا
پاک محمد حق پچھاتا منیا حکم نہ کراں عدول
یا رب توبہ کریں قبول

ان کے علاوہ اس دور کے مذہبی رسائل لکھنے والوں میں سے مندرجہ ذیل اصحاب کے نام خاص طور پر قابلِ ذکر ہیں۔

دولت علی نے سنہ ۱۰۵۴ھ میں نور نامہ تصنیف کیا جس میں فقہ کی مشہور کتابوں کے افادہ سے بعض عقائد کے مسائل درج ہیں۔

درویش محمد:۔ مولوی عبداللہ لاہوری کے اہم مقلدوں میں سے ہیں۔ فرائض درویش محمد آپ کی مشہور کتاب ہے جس کے قلمی نسخے اکثر ملتے ہیں اور یہ کتاب انواع مولوی عبداللہ کے ساتھ مدارس اسلامیہ میں متداول رہی۔

اورنگ زیب کا زمانہ

سنہ ۱۰۶۸ھ سے سنہ ۱۱۱۸ھ تک

اورنگ زیب کا زمانہ ہندوپاکستان کی تاریخ میں ایک سنہری زمانہ ماناگیاہے۔ لودھیوں سے لیکر اورنگ زیب کے زمانہ تک بلکہ اورنگ زیب کی وفات تک پنجابی زبان کی کھچڑی پختہ اور لذیذ ہوچکی تھی۔ حتیٰ کہ بذاتِ خود پنجابی زبان کی صورت میں نمایاں حیثیت اختیار کرچکی تھی۔ پرانی زبانوں کے الفاظ اس کے ذاتی الفاظ معلوم ہونے تھے۔ حتیٰ کہ اس وقت تک یہ ایک مکمل زبان کی صورت میں معرضِ وجود میں آچکی تھی جس کی تفریق آج کی زبان سے بھی نہیں کی جاسکتی۔

پروفیسر محمود شیرانی اپنی کتاب "پنجاب میں اردو" میں لکھتے ہیں کہ اورنگزیب کے زمانے سے ہی پنجابی زبان میں بچوں کے لئے نصابی کتابوں کے لکھنے کا سلسلہ شروع ہوتا ہے۔ کہڑل رائے شامی نے سنہ ۱۱[illegible]ھ میں ایزد باری اور امید نے سنہ ۱۱[illegible]ھ میں اللہ باری کی تالیف کی۔ عبدالرحمٰن بن قاسم قصوری نے فارسی نامہ لکھا۔ ارشاد شاہ

نے اپنی کتاب ہیر رانجھا میں۔ رازق باری اور واجد باری کا ذکر کیا ہے۔ اس کے علاوہ اس زمانہ میں کئی اور مصنفین نے اس موضوع پر کتابیں لکھیں، خدا بخش نے نصاب ضروری مرتب کیا اور گنیش داس نے صفت باری لکھی۔ اس ذریعۂ تعلیم سے پنجاب میں دیگر علاقوں کی نسبت نصاب تعلیم بہتر تھا اور ذریعۂ تعلیم خالص پنجابی تھی۔

شعر و سخن کے باب میں شرعیات کی تعلیم، تصوّف کے حقائق و معارف کے علاوہ عشقیہ قصص اور اشعار، رزمیہ شاعری میں جنگ نامے معرضِ وجود میں آئے۔

تصوّف کے باب میں پنجاب کا جلیل القدر صوفی سلطان العارفین حضرت سلطان باہو اسی زمانے کی قابل قدر یادگار ہیں۔ شاہ لطیف کے عشقیہ بیت بھی اسی موضوع کی یاد دلاتے ہیں۔

شرعیات کے باب میں حافظ برخوردار کی انواع، عبدالکریم کی نجات المومنین، فقیر ورزی کا اخبار الآخرت اور فقہ اصغر، عبدالرحمٰن منہاس کا بحر المسائل اور سعید کا رسالۂ قرأت مدتوں تک اسلامی مدارس میں متداول رہے۔ بلکہ تقسیم ہند و پاک تک بھی نجات المومنین اور اخبار الآخرت بچیوں کو گھروں میں زبانی یاد کرائی جاتی تھیں۔

عشقیہ شاعری کے باب میں اس موضوع کی ابتدا حافظ برخوردار کے قصّہ یوسف زلیخا، تصنیف ۱۰۹۰ھ مرزا صاحباں اور سسی پنوں سے ہوئی۔ بعد میں احمد کا قصّہ ہیر رانجھا اور میراں کی ہیر بھی اسی زمانہ کی پیداوار ہیں جو کہ آنے والے شعراء کے لئے سنگِ بنیاد کا کام دیتی رہیں۔

رزمیہ شاعری کی ابتدا پیر محمد کاسی نے ۱۰۹۲ھ میں کی اور یہ سلسلۂ سخن

بھی اِسی عہد سے شروع ہوا۔ اِسی دور میں حافظ برخوردار نے بھی ایک جنگ نامہ تصنیف کیا، جو مشہور نہ ہو سکا۔ اس کا قلمی نسخہ ہمارے کتاب خانے میں موجود ہے۔

اب یہاں ہم اُن ہستیوں کا ذکر ذرا تفصیل سے کرتے ہیں جو اِس دور کی نمایاں اور درخشاں یادگاریں ہیں۔

سُلطان باہُوؒ:۔

سلطان العارفین حضرت سلطان باہوؒ کا شمار متفقہ طور پر پاک و ہند کے سب سے بڑے صوفیائے کرام میں شمار ہوتا ہے۔ آپ رمضان ۱۰۳۹ھ کو مقام اعوان کا علاقہ شورکوٹ ضلع جھنگ میں پیدا ہوئے۔ باپ کا نام حضرت سلطان بایزید تھا جو کہ خراسان سے ہندوستان میں آئے اور شاہ جہان بادشاہ کی طرف سے جاگیردار تھے۔ حضرت سُلطان باہوؒ مادر زاد ولی تھے اور صاحب تصانیف کثیرہ ہیں۔ آپ کی تصانیف کی تعداد چالیس سے زیادہ بتائی جاتی ہے۔ آپ کے متفرق پنجابی اشعار کو جمع کر کے ملک محمد فضل دین ککے زئی نے بنام "مجموعہ ابیات سلطان باہوؒ" لاہور سے شائع کیا جس میں آپ کی پانچ سی حرفیاں پائی جاتی ہیں۔ آپ کے کلام سے عشق حقیقی، حق گوئی اور راست کرداری کے جذبات ظاہر ہوتے ہیں۔ کلام نہایت عمدہ اور شُستہ ہے۔

نمونہ کلام

الف اللہ چنبے دی بوٹی میرے من وچ مرشد لائی ہُو

نفی اثبات دا پانی دتا ہر رگ وچ ہر جائی ہو

اندر بُوٹی مشک مچایا، جاں پھُلّن تے آئی ہو

جیوے مُرشد کامل باہُو جیں ایہہ بُوٹی لائی ہو

مذہباں دے دروازے اُچّے راہ حقانی موری ہُو

پنڈتاں تے مُلوانیاں کولوں چُھپ چُھپ لنگھے چوری ہُو

اَڈّیاں مارن، کرن بکھیڑے، دردمنداں دیاں گھوری ہُو

باہُو چل اُتھائیں وسیّے جتھّے دعوٰی کسے نہ ہوری ہُو

نہیں عالم نہیں فاضل نہ مفتی نہ قاضی ہُو

نہ دل میرا دوزخ منگے نہ بہشتیں راضی ہُو

نہ میں تریہے روزے رکھے نہ میں پاک نمازی ہُو

باجھ وصال اللہ دے باہُو دُنیا کوڑی بازی ہُو

آپ کی وفات جمعہ کے دن ماہ جمادی الثانی سنہ ۱۱۰۲ھ بمطابق سنہ ۱۶۹۱ء ہوئی۔ آپ کا مزار مرجع خاص و عام ہے۔

حافظ برخوردار:-

حافظ برخوردار اِس دَور کی ایک اہم شخصیت نہیں۔ ان کے نام سے پنجابی ادب میں بہت سا ذخیرہ کُتب ملتا ہے جن میں سے حسب ذیل ہمارے پاس بھی موجود ہیں۔

(۱) فرائض درنظم ۱۰۸۰ھ۔ (۲) یوسف زلیخا سنہ ۱۰۹۰ھ (۳) سسّی پنوں۔ (۴) مرزا صاحباں۔ (۵) حکایت پاک رسول دی۔ (۶) جنگ نامہ امام حسینؑ۔

(۷) ترجمہ قصیدہ غوثیہ۔ (۸) ترجمہ قصیدہ بانت سُعاد۔ (۹) رسالہ نادریہ (۱۰) قصّہ کھنبری (۱۱) ہیر را نجھا۔ (۱۲) متفرق نظمیں۔ (۱۳) چرخہ نامہ۔ (۱۴) انواع برخوردار؛ جس میں اُنیس ۱۹ رسائل ہیں۔ سن تصنیف ۱۱۷۶ھ۔

اِن تصانیف کے سنین تصنیف میں فرق کچھ اس نوعیت کا ہے کہ یہ ایک آدمی کی تصانیف معلوم نہیں ہوتیں۔ دوسرے مختلف النّوع مذاق اِس کی تائید کرتا ہے۔ سب سے بڑی اُلجھن یہ ہے کہ اِن کتابوں میں حافظ کے حالات، خاص طور پر جائے رہائش مختلف مقامات ہیں جس سے حافظ کے حالاتِ زندگی مرتّب کرنے میں بڑی مشکل کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ مثلاً فرائض درشہ میں مسلمانی چمبہ چھٹّہ پرگنہ صوبہ لاہور کا ذکر ہے اور علم پڑھنے کا ذکر جہان آباد میں کیا ہے۔ انواع اور ترجمہ قصیدہ غوثیہ میں اپنا وطن تخت ہزارہ ظاہر کیا ہے اور سیالکوٹ سے علم حاصل کرنے کا ذکر کیا ہے۔ ترجمہ قصیدہ "بانت سعاد" میں رسول نگر رہائش بتاتے ہیں۔ نیز اُن کی پہلی تصنیف ۱۰۸۱ھ اور آخری تصنیف انواع ۱۱۷۶ھ کی ہے۔ اِن دونوں سنین میں فرق اتنا ہے کہ ہمیں اتنی لمبی عمر کا آدمی کہیں سے معلوم نہیں ہو سکا جو اتنا عرصہ تصنیف و تالیف میں مشغول رہا ہو۔

علاوہ ازیں بعض دیگر پنجابی شاعروں، مثلاً احمد یار، میاں محمد اور مولوی دلپذیر نے اپنی کتابوں میں اِس بات کا ذکر کیا ہے کہ حافظ برخوردار دو ہوئے ہیں۔ ایک حافظ برخوردار مسلمانی پنڈ والا، اور دوسرا تخت ہزارہ والا۔ لیکن سنین کے اتنے فاصلہ میں قرابت کے لحاظ سے اِن دو کو جُدا کرنا بھی مشکل ہے۔ بعض احباب کا خیال ہے کہ حافظ برخوردار ایک ہوا ہے جس کا اصلی وطن تخت ہزارہ تھا۔

تحصیل علوم کی خاطر جگہ بہ جگہ پھرتا رہا اور تصنیف و تالیف کا سلسلہ بھی ساتھ ساتھ رکھا جس جگہ کوئی کتاب لکھی اُس جگہ کا نام لکھ دیا مسلمانی، جہان آباد، رسول نگر سے ہوتا ہوا آخر سیالکوٹ پہنچا۔ اِسی جگہ سے تحصیل علوم کی اور آخر یہیں کا ہو رہا۔ اس کی قبر چھتی ٹٹینجاں متصل سیالکوٹ تا حال موجود ہے۔

بہر حال اِن پر دو بیانات کی ترتیب مشکل ہے۔ اگر حافظ برخوردار دو سمجھے جائیں تو تصانیف کے سلسلہ کی یوں تقسیم ہو گی۔ حافظ برخوردار مسلمانی والا کی تصانیف فرائض ورثہ، یوسف زلیخا، سسی پنوں اور مرزا صاحباں ہونگی۔ دوسرے حافظ برخوردار کی تصانیف حکایت پاک رسول دی۔ جنگنامہ امام حسینؓ۔ ترجمہ قصیدہ غوثیہ۔ ترجمہ قصیدہ بانت سعاد۔ رسالہ نادریہ۔ قصہ کھیتری۔ ہیر رانجھا۔ متفرق نظمیں چرخہ نامہ اور انواع حافظ برخوردار یہ ہو سکتی ہیں۔ کیونکہ اِن ہر دو حصص میں فنِ شعر کا بھی فرق نمایاں ہے۔ واللہ اعلم بالصواب :۔

انواع کے رسالے حسب ذیل ہیں :۔

(۱) شمس العلوم۔ (۲) بحر العلوم (۳) نفقہ اجمال۔ (۴) مفتاح المصلیٰ۔ (۵) نجات المسلمین۔ (۶) شرف النکاح۔ (۷) تنبیہہ المستارین۔ (۸) رسالہ نماز۔ (۹) نہر العلوم۔ (۱۰) سایہ اصلی۔ (۱۱) میزان شریعت۔ (۱۲) مفتاح الفقہ۔

علاوہ ازیں ذیل کے رسائل بھی انہیں میں شامل ہیں۔

۱۔ مسئلہ بانگ و نکاح۔ (۲) شرح الحمد شریف۔ (۳) رسالہ نفل نماز۔ (۴) شرح خلاصہ کیدانی۔ (۵) مفتاح السعادت۔ (۶) سراج المعاملات۔

نمونۂ کلام

سیالکوٹ کی تعریف

اللہ شہر سیلکوٹ نوں کرے شاداں آباد
ہر خانہ دارالفضل ہے، عملوں فضل آباد

کعبے وانگوں قافلے طالب علموں آ
ہک فاضل ہک شغل فضیلت علم دا علم الا

ہر جا درس کتاب فضیلت ہر جائے تکرار
ہر جا سیر مسائل کتب ہر جا ہے گلزار

ہر مسجد وچ ذکر شغل تلاوت درس قرآن اوراد
ہر گھر صورت خضر ہے، زیارت کر نوں شاد

ایہہ دوم بخارا فضل وچ ظاہر باطن آ
ایہہ معنی عالم جاندے، عامی کیہہ دل لا

وچ ولایت اوہ بخارا، وچ پنجابے ایہہ
جو منکر اس فضل تھیں اس دے سر پر کھیہہ

ایہہ چشمہ شیریں علم دا، جو آوے پی جا
سجناں یاراں نہ ہووے گھر گھر بھانڈے جا

جے اس کافر کرن خراب شرف نہ موے جا
کعبہ بھی دار خراب، عزت اوس نہ جا

بد فضیلت احتساب فاضل کراں ادا
ایہہ فرض کفایہ ادا کر نہیں لوکاں راہ وکھا

اس عاصی جس استاد پڑھیا ہے کجھ آ
رب دیوس ایمان سلامت بہشت نصیب کرا

حضرت کرے شفاعت اس دی حشر دہاڑے جا
حور قصور بہشتی میوے دیوے رب لقا

ربا! اس بہا گلزار نوں دا نہ لا
بدل امن وسا اس اتے نہ ایہہ گل گرا

یوسفؑ زلیخا سے

نین یوسفؑ دے بلن مشالاں جھات زلیخا پائی
جل بل خاک ہویاں سب رناں تابش رہی نہ کائی
اکناں چوے کپڑے پاڑے اکناں ململ خاصے
اک گیاں در تک محذوبہ اک کرن پیاں ہاسے

پلکاں تیر جگر وچ مارے، ابرو کھچ کماناں
لگی قیچی زلف یوسفؑ دی، بھلا ہوش زماناں
بھل گئے اوہ فخر نال تُسے، لافاں وسّر گیّاں
یوسفؑ دسے ول تاریاں دانگوں نزر وکھیں پیاں
چھریاں نال ترنج کٹ دیاں پُرزے ہتھ کبوترنے
قلم انگشت شنگرف ہویاں سر خط لکھ دتّو سرنے

عبدالکریم :-

مولوی عبدالکریم ضلع جھنگ تگھیانہ کے ایک گاؤں کے رہنے والے تھے۔ ۱۰۶۸ھ میں آپ نے ایک فقہی رسالہ لکھا جس کا نام نجات المومنین رکھا۔ اس رسالہ کی مقبولیت کا یہ عالم ہے کہ اُس زمانہ سے لے کر آج تک ہمارے اسلامیہ مدارس میں متداول ہے۔ آپ کی ایک کتاب "نجات الایمان" بھی بتائی جاتی ہے۔

نمونہ کلام :- ایمان لانے کے بیان میں

پچھے عقل بلوغ دے ایمان فرض پچھان
واجب ہوون اطاعتاں سبھے بعد ایمان
منّوں چاہے یار بھی دِل سچے تصدیق
اونہاں وچ بہشت ملّی جو ہوون انہاں رفیق
ایمان اندر فرض ترے اوّل منّن ذات
دوجا وحدت رب دی تریجا من صفات

ایمان آکھن بکواری ایہا فرض پچھان
سنّت ایہہ ہی دت بھی جان بہادی تان

فقیر درزی :-

مولوی حبیب اللہ المتقلب فقیر درزی موضع چودھووالی ضلع گجرات کے باشندے

سے۔ آپ کے والد کا نام طیّب تھا۔ فقہ اصغر اور اخبار الآخرت آپ کی تصانیف ہیں جن میں سے اخبار الآخرت زیادہ مشہور ہے۔ یہ کتاب سنہ ۱۱۰۰ھ میں لکھی گئی اور اس میں پندرہ سو اشعار ہیں۔ فقہ اصغر کے اشعار تعداد میں ۹۹۰ ہیں۔

نمونہ کلام :۔ قیامت کی نشانیاں۔

روز قیامت حق ہے دل تھیں آن یقین ۔۔۔ علم الیقین جو ایہا ہوسے عین الیقین
وچ ارشاد المسلمین بحر مجالس تھیں ۔۔۔ لکھیاں ایہہ علامتاں سمجھو کراں متیں
جھتیں حق نشانیاں روز قیامت کون ۔۔۔ جاں اوہ اوّل ہوسی آدسے اوہ ندون
کرن ترک نماز تھیں ہور جماعت تھیں ۔۔۔ اوس نوں سہل جو جانسن کافر ہون یقین
ہور علامت جھتّوں کرسن بہت خیانت ۔۔۔ ناحق غبن جو بیع وچ دلیں چھوڑ دیانت
ہور علامت جھتوں حاکم قاضی چور ۔۔۔ کرسن ہور بداعتاں وڈھی لیسن چور
لعنت دیہاں رسول دی طعنہ دیسن لوک ۔۔۔ ننگ نہ ہوسی لہنیاں درس ناہیں خوک
ہور علامت کرسن اُچے کوٹھے منار ۔۔۔ منزل محل جو باریاں سہنے نقش نگار
غافل ایہہ نہ جانسن تھیسن محل فنا ۔۔۔ حساب قیامت نفس تے رہسی گل بقا

کمال دین بھٹو :۔

اسی موضوع کے ایک اور شاعر مولوی کمال دین بھٹو ضلع ہزارہ کے باشندے تھے جن کے والد کا نام مولوی خیر الدین تھا۔ آپ نے سنہ ۱۱۱۲ھ میں فقہی مسائل پر مشتمل ایک کتاب لکھی :۔

نمونہ کلام

ایمان آن غیب تے پہلی شرط ایمان   خبراں غیب خدائے نوں ہور کسے نہ جان

تریجا ڈرن خدا تھیں چوتھا کرن امید   رحمت منگ خدائے تھیں اس تھیں کر امید

پنجواں جان حلال نوں چھیواں جان حرام   آپے آن ایمان توں حکم کیتا نعمان

ایہہ ستے شرطاں یاد کر وڈا اجر پا
جے کوئی ایہناں تے عمل کریسی راضی ہوسی خدا

عبدالرحمٰن منہاس :

ان کے باپ کا نام تاج دین تھا اور راج پورہ لاہور میں رہتے تھے ۱۱۱۷ھ میں جبکہ عالمگیر غازی کا سینتالیسواں جلوس تھا فقہی مسائل پر مشتمل ایک کتاب موسوم بہ "بحر المسائل" لکھی جس میں حمد و نعت، وضو، نماز اور روزہ کے مسائل درج ہیں۔ کتاب کے کل ۱۰۳۱ اشعار ہیں۔

نمونہ کلام

من خدا رسول نوں نال اقرار زبان   دل تھیں کر کے سچ من ایہہ دو رکن ایمان

کلمہ کافر جے پڑھے ناقص حال انجان   قتل بند نہ اوس نوں، نہ کر بد الگمان

ایہہ دنیا تے پنج دو فائدہ آخر دیہہ دار   ایس خلاصی دوزخوں ہوسی جنت بہار

خبراں غیب خدا نوں ایمان غیب تے آن   خیار امید تے بھے تھیں دوناں حلال حرام پچھان

من خداوے فرشتے، کتب رسول تے دوہ حشر   نیکی بدی مارا اٹھالن جو کچھ خلقت بشر

جنت دوزخ کرسی عرش لوح روح قلم   ایہہ ستے چیزاں نہ ہوسن فانی رہسن ایہہ مسلم

شرط بقا ترے ظلم نہ کیجے ڈرے قہر خدا
ایمان بدلے تشکر ہمیشہ مست ہوسے ایہہ فنا

محمد سعید:-

آنکھوں سے نابینا تھے۔ چاپ ملوک اپنا وطن بتاتے ہیں۔ شرعیات میں علم قرأت کا رسالہ آپ کی تصنیف ہے۔

ان شعرا کے علاوہ جنہوں نے اپنا موضوع مذہبیات اور شرعیات رکھا، اس دور میں کچھ وہ شعرا بھی نظر آتے ہیں جنہوں نے رزمیہ اور بزمیہ اصناف سخن میں بھی طبع آزمائی کی۔ جن میں سب سے اوّل نام پیر محمد کاسبی کا آتا ہے۔

پیر محمد کاسبی:-

آپ باشندہ قوم سے تھے۔ پیدائش موضع کوٹلی متصل بپنیالکھا ضلع گوجرانوالہ میں ہوئی۔ پیر محمد، شیخ تاج محمد ساکن چاپ اگوکا مرید تھا۔ اورنگ زیب کے زمانہ میں ۱۰۹۲ھ میں پیر محمدؒ نے جنگنامہ امام حسین تصنیف کیا۔

نمونہ کلام

در مقتل امام حسینؑ

عقبا، تر یدہ بھیّن کی وڈّی ہدینے پھیر — مٹھّا ہویا غلغلہ ماتم بیٹھے شیر
غُفنیا لکھ یزیدنوں گھلّے حقیقت دی — پاک محمدؐ میریاں بھرے شفاعت جی
ہیرا دتّا حسنؑ نوں، کیتا دغا کما — کارن تیری بادشاہ کیتا رنج خدا
لکھیا دیکھ یزید پھیر دل وچ ہویا شاد — تُوں کیوں چھڑیں عتبیا! تینوں لیساں اُد
منصب ہور ودھایا گھلّ دتا سر دیا — مارا امام حسینؑ نوں کرکے کوئی دا
علنے دا دل کنبیا، لکھیا دست لیا — ڈیری شاہ حسینؑ دا راتیں چھُپ گیا
کہے امام حسینؑ نوں توں سن میری گلّ — لکھیا پھیر یزید دا آیا میرے ولّ

یتنوں بجا ہے ماریا حضرت دے فرزند ہیرا دتا حسنؑ نوں اوس کرائی پند
میں کی کراں عتبیا! مرت السانوں دیہہ عتبہ کہے امام نوں کر بیٹھو ہر دی دیہہ
شہر مدینہ چھڈ لوں مکے کر لوں واس اوتھے فتح نہ کسے دی کھ دکھا انھوں راس
مصلحت شاہ حسینؑ نوں دل وچ لگی خوب شہر مدینہ چھڈیا دشمن ہون مغلوب
روضے پاک رسولؐ دے دعا کرن گیا اکھیں . . . . . . پھر اوہ نکران وچ پیا
روضے کہہ کے فاتحہ ستا کر کے خواب ویکھے پاک رسول نوں نورانی مہتاب

حضرت بیٹھا چن جیوں تارے لاٹاں یار
گردے گردی اہلبیت چن جویں پروار

احمد

اورنگ زیب کے زمانہ میں احمد نے ہیر رانجھا کا قصہ لکھا جو ۱۰۹۳ھ میں مکمل ہوا۔ کہا جاتا ہے کہ مقبل اور وارث نے اسی کی تقلید میں قصہ ہیر رانجھا تصنیف کیا۔

نمونہ کلام

نظم باز پھر وا وچ کھیڑیاں دے جائے اتنیں پوندا جھاتیاں جی
اک ہسدیاں کھیڈدیاں گاوندیاں نی اک بیٹھیاں چپ چپاتیاں جی
کوئی ساولیاں کوئی گوریاں نی، کوئی لمبیاں کوئی سنگھاتیاں جی
اک ہنسدے دن انوپ کھڑیاں، اک سوہنیاں نی الہ واتیاں جی
اک نظر چھپا کے ویکھدیاں اک ظاہرا ماردیاں کاتیاں جی
اک کڈھ گھنگھٹ شرماوندیاں، اک کھول وکھاندیاں چھاتیاں جی

کوئی ویاہیاں کوئی کواریاں نے سبھے رنگ بھریاں رس ماتیاں جی
کدوں آیوں وسے راولا جا کہہ دسے ل ناتھ نوں چھڈیاں باتیاں جی

میرن :-

اسی زمانہ میں میرن نے علیش نامہ اور ایک سی حرفی ہیر تصنیف کی ۔

نمونہ کلام

ب ۔ برہاں نے مار ستایا میں میرا حال بھی بہت بے حال ہویا
مینوں کھاونا پیونا منبس کھیل سب خواب خیال ہویا
سئیاں چھڈ گیاں میں اکڑی نوں میرا جالناں دکھاں دے نال ہویا
مرن سکھ نوں جگ ل بیٹھدا لے دکھ کٹنا بہت محال ہویا

شاہ ظریف :-

آپ لاہور کے رہنے والے تھے ۔ ان کا زمانہ حیات ۱۰۳۲ھ سے ۱۱۱۰ھ تک بتایا جاتا ہے ۔ آپ کی ایک سی حرفی مشہور ہے ۔

نمونہ کلام

ت ۔ توڑیا کفر نوں شاہ مرداں نال کر . . . . . . چور کیتا
سے کے سبق قرآن دا نبی کولوں منسوخ توریت زبور کیتا
مسلمان کیتا علی کافراں نوں سینہ صاف دلاں اوہ پرنور کیتا
دکھ واری علیؓ دے نام اُتوں دکھ درد ظریف دا دور کیتا

ان شعراء کے علاوہ اس دور میں کچھ فنی شعرا بھی نظر آتے ہیں جنہوں

نے مذہبی اور رومانی شاعری کے علاوہ کچھ ایسی تصانیف پنجابی میں کیں جو کہ نصابی کتب کے طور پر استعمال ہوتی رہیں۔ جن کا ذکر گذشتہ اوراق میں ہو چکا ہے۔ جن میں سے فارسی نامہ

عبدالرحمٰن قصوری کا نمونہ ملاحظہ ہو۔ ؎

قسم غلہ کے سن توں یار | تیرے اگے کراں اظہار
گندم کنک علیف ہے موٹھ | شامخ سوانک لب ہے ہونٹھ
ارز ہے چاول جرت جوار | عدس مسور کم ہے کار
ارزاں چیناں کنک نے کال | گاورس ڈھل مٹاہ چڑال
جاورش باجرا، شعیر ہے جَو | کودرم، کودھرا ترس ہے بھَو
سرشف سرسوں خردل رائی | سمسم کنجد تل ہے بھائی
کتان، السی بافتاہ رواہ | ریحان تُلسی دام ہے پھاہ

شملیت، میتھی سبرت ہے سویا
حیّ زندہ مُردہ ہے مویا

اس کے علاوہ اللہ باری، واحد باری اس دور کی اس موضوع کی قابل ذکر کتابیں ہیں۔

نعمت خاں جانؔ

آپ کا پورا نام دیوان نعمت خاں تھا، جانؔ تخلص کرتے تھے۔ سن پیدائش ۱۶۵۰ بکرمی اور وفات ۱۷۲۹ بکرمی۔ فتح پور آگرہ کے باشندے تھے۔ ان کی وار "دیوان الف خاں دی وار" کے نام سے مشہور ہے۔

نمونہ کلام

نام محمد لیجئے سبھناں سرداں ‏ ‏ پنتھ وکھالیا دین دا سگلے سنسار
جنہاں کلمہ آکھیا سے لگے پار ‏ ‏ دل میں رکھیا جن دغا تے سٹی مار

بہاری لال :-

گورو گوبند سنگھ جی کے درباری شعراء میں سے تھے۔

نمونہ کلام

ہائے محبت کہی لائی میرے سینے اندر رڑکے
جیوں جیوں ویکھاں باغ ماہی دا میرے اندر آتش بھڑکے
امبڑی جھڑکے مینوں بابل مارے مینوں پیر ملاون لڑکے
ایس وچھوڑے دی آتش کولوں دم نکل جاوے سڑکے

چراغ :-

چراغ دین چراغ قوم اعوان، موضع کھیڑو، ضلع ڈیرہ غازی خاں کے رہنے والے تھے۔ بشنلہ ھ کے قریب آپ پیدا ہوئے۔ انہوں نے ۱۱۲۱ھ میں ہیر رانجھا کا قصہ لکھا۔ زبان اکثر ملتانی ہے۔

نمونہ کلام

بھابی لال پلان کجاوے شتر سنگار بھر بندے
ہیبت جھلے کر ہتھ مہاراں خوب سنبھال چھکیندے
بانکی چال دِسن سب کھیڑے سوراں خان ڈلیندے

ڈنگی پیچ بدھن دستاراں کمر بند چلکیندے
شملے خوب ددپٹے چیرے سہج کنول ول دیندے
کنگن دست بھوٹے عشو سوہن وگ چلیندے

تتمہ ا۔

ڈاکٹر موہن سنگھ دیوانہ نے اپنی کتاب "اے ہسٹری آف پنجابی لٹریچر" میں مندرجہ ذیل شعرا کے نام درج کیئے ہیں۔ افسوس ان کے حالات زندگی اور نمونہ کلام میسر نہیں ہو سکتے۔

اناتھ داس:۔ اس نے وچر مالا لکھی، جو ۱۶۹۹ء میں ختم ہوئی قلمی نسخہ پنجاب یونیورسٹی میں موجود ہے۔

چتر داس:۔ سنت داس کے مرید تھے ۱۶۱۰ء میں بھگوت گیتا لکھی قلمی نسخہ پنجاب یونیورسٹی کی لائبریری میں موجود ہے۔

دیال اناھی یا دیال داس:۔ گورو نانک جی کے بعد پانچویں گورو تھے۔ بھگت بلاس ۱۶۷۵ء میں لکھا جس میں ساہر دا آبدھ بھی شامل ہے۔ نیز اگیان پرمنی کا ایک نسخہ بھی پنجاب یونیورسٹی کی لائبریری میں موجود ہے۔

ہردوئے رام:۔ ۱۶۳۰ء میں ہنومان ناٹک تصنیف کیا جو کہ طبع ہو چکا ہے۔ ایک نسخہ پنجاب یونیورسٹی کی لائبریری میں موجود ہے۔

حسین بالتی بلگرامی:۔ باقر کے کہنے کے مطابق غلام نبی کے بیٹے تھے ۱۱۵۷ھ میں راس ہرابودھ لکھا۔

دیوان لکشمی رام :۔ بدھ پرکاش درپن ۱۶۰۱ء میں لکھا۔ قلمی نسخہ پنجاب یونیورسٹی کی لائبریری میں موجود ہے۔

ہر لال :۔ وٹال پچیسی لکھی قلمی نسخہ پنجاب یونیورسٹی کی لائبریری میں موجود ہے۔

سین پتی :۔ گورو گوبند سنگھ جی کے معاصر تھے۔ انہوں نے چانکیہ نانی کا ترجمہ پنجابی ہندوی میں کیا جو کہ ۱۷۰۹ء میں ختم ہوا انیگلو سنسکرت پریس لاہور میں طبع ہو چکا ہے۔

سیتا رام :۔ قومی تریخ فارسی سے پنجابی میں نظم کیا۔ یہ حکمت کی ایک کتاب ہے جو ۱۶۵۱ء میں ختم ہوئی۔ قلمی نسخہ پنجاب یونیورسٹی لائبریری میں موجود ہے۔

ان شعرا کے علاوہ یوسف زلیخا کا قصہ اسی دور میں ۱۶۰۴ء میں لکھا گیا جس کا مصنف معلوم نہیں ہو سکا۔ اس کا قلمی نسخہ ڈبلن لائبریری میں موجود ہے صرف یہی نہیں اس دور میں واروں کا وسیع سلسلہ ملتا ہے جن کے مصنفوں کے نام معلوم نہیں ہو سکے۔ ٹنڈا سراج، سکندر ابراہیم، ملک مراد، چندر بار الوہار۔ رائے مہا ماتھنا۔ کلیاس ملاڈو اور موسیٰ۔ ان واروں کے حوالہ جات ادی گرنتھ میں درج ہیں۔ ان میں سے اکثر واریں نانک کے زمانہ میں لکھی گئیں اور بعض نانک سے قبل کی ہیں۔ ان ادبی کارناموں سے قطع نظر فنی ذخیرہ دل میں بھی کوئی کمی نہیں۔ حکیم درویش نے ہران سکھ فن حکمت میں پنجابی کی کتاب تصنیف کی بسیتا رام نے ۱۶۵۱ء میں فارسی سے پنجابی میں ایک حکمت کی کتاب کا ترجمہ کیا۔ محمد سعید نے علم قرأت میں ایک رسالہ لکھا جس کا ذکر اوپر ہو چکا ہے۔

عہدِ مغول اواخر

۱۱۱۸ھ تا ۱۲۱۶ھ

تیسرا باب

اورنگ زیب کی وفات کے بعد مغلیہ خاندان کا وہ عروج نہ رہا اور یہ عظیم الشان سلطنت روبہ تنزل ہونے لگی۔ طوائف الملوکی کا دور آیا۔ سکھوں اور مرہٹوں کی یورشیں، نادرشاہ اور احمد شاہ ابدالی کے حملوں نے ملک میں ابتری پھیلا دی۔ اور پنجاب کی سیاسی حالت خراب سے خراب تر ہونے لگی۔ لیکن اِس ابتری کے دور میں پنجابی شاعری نے وہ عروج حاصل کیا، جو کسی دوسرے دَور کو نصیب نہیں ہُوا۔ پنجابی زبان کا سرتاج الشعرا شاعر سیّد وارث شاہ اِسی دَور کی یادگار ہے۔ نیز بلھے شاہ، مقبل، علی حیدر، حامد شاہ عباسی، کوی نجابت اِسی زمانے کے درخشندہ ستارے ہیں۔ اِس کے علاوہ موضوع کے لحاظ سے شرعیات کا سلسلہ بھی بدستور رہا اور تصوّف کے موضوع نے فنِ شاعری کو اور بھی ترقی دی۔ قصّہ گوئی (رزمیہ۔ بزمیہ) عروج

پر پہنچی۔

شرعیات کے سلسلے میں حسب ذیل شعرا کا نام قابل ذکر ہے۔ ان کی تصانیف ان کے اسامی کے ساتھ درج کی جاتی ہیں۔

۱۔ حافظ محمد اکرم :۔

گجرات سے مغرب کی جانب موضع ٹھٹی میں پیدا ہوئے۔ والد کا نام حافظ امان اللہ بن الباری بن ابوالفضل بن فتح اللہ بن مخدوم عثمان بن مخدوم نصیرالدین ہے۔ ان کا اصلی وطن ملتان تھا۔ ۱۱۲۱ھ میں سراج القاری رسالہ شیریں اور طریقۂ تلاوت وغیرہ لکھیں۔

۲۔ عبداللہ لاہوری عرف برخوردار :۔

والد کا نام میاں مرزا ہے۔ انہوں نے ۱۱۳۹ھ میں ذبح نامہ پنجابی میں تصنیف کیا جس میں ذبح کے متعلق شرعی احکام درج ہیں۔

۳۔ حاجی نور محمد صاحب ساکن شیر گڑھ سندھ نے ۱۱۴۰ھ میں رسالہ میّت نامہ لکھا۔

۴۔ علاول خاں ولد درویش محمد :۔

آپ نے مقدمۃ الانوار نام کا رسالہ فقہی مسائل میں لکھا، اور یہ اُس زمانے کی بات ہے جبکہ لاہور میں نان بہادر صوبے دار تھا۔

۵۔ مولوی محمد شاہ وزیر آبادی :۔

ان کا زمانۂ حیات ۱۱۶۵ھ بتایا جاتا ہے۔ علوم دین کے جیّد فاضل تھے۔ حل المشکلات (شرح قصیدہ غوثیہ) نجات المساکین۔ مرغوب القلوب اور منطق کے

چند رسالے ان کی اہم یادگاریں ہیں۔ پنجابی نظم میں رسالہ عقیقہ لکھا جس کا سن تصنیف معلوم نہیں ہو سکا۔

۶۔ محمد فقیر نے ۲۰ ماہ رمضان ۱۱۸۷ھ کو رسالہ راستِ گفتار تصنیف کیا۔

۷۔ غلام نبی نے یکم شوال بروز جمعہ ۱۱۸۷ھ کو جامع الوجوہات تصنیف کی جو کہ ۱۲۴۰۔ اشعار کا مجموعہ ہے اور اس میں فقہی مسائل درج ہیں۔

۸۔ حافظ رمضان :۔

ساکن موضع چک سکندر ضلع گجرات۔ ذات کے کا سبی تھے معرفت الآخرت اور کسب نامہ بافندگان ان کی تصانیف ہیں۔ معرفت الآخرت میں قیامت کے متعلق مسائل ہیں۔ اور یہ کتاب ۱۷۳۰۔ اشعار کا مجموعہ ہے۔

۹۔ واصل گجراتی :۔

ساکن موضع خواص پور ضلع گجرات۔ انہوں نے ۱۱۹۶ھ میں معاشرت نامہ تصنیف کیا۔

۱۰۔ سید محمد مخدومانی :۔

ساکن چک بگن جالی لاداں ضلع سید پور متصل پنڈ دادنخاں، ۱۰ اجمادی الاول کو کسب نامہ نعلین دوزی لکھتے ہیں جو کہ ۱۲۵۔ اشعار پر مشتمل ہے۔

۱۱۔ محمد بازولد پیر محمد :۔

ساکن کوٹ کالی، بار رانجھیاں والی متصل تخت ہزارہ نے ۱۱۹۶ھ میں آفرنیش نامہ (در ذکر ولادت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم) اور ۱۲۰۲ھ ہجری میں نافع الصلوٰۃ لکھیں۔

۱۲- مولوی نور محمد صاحب ولد چوہدری جھنڈا قوم جویا۔ ساکن رانیاں تحصیل سرسہ ضلع حصار ۱۸۶۲ء میں پیدا ہوئے۔ آب حیات۔ خطبات مولود، شہباز شریعت۔ چراغ شریعت۔ خورشید شریعت۔ مفاد شریعت آپ کی مشہور تصنیفات ہیں۔

ان مذہبی شعراء کے علاوہ صوفی شعرا کی بھی اس دور میں کمی نہیں بلکہ پنجابی کے اکابر صوفی شعرا اسی دور میں ہوئے ہیں جن میں سب سے پہلے ذکر خواجہ فرد فقیر کا آتا ہے۔ خواجہ فرد فقیر گجرات کے رہنے والے تھے۔ آپ کا زمانہ حیات ۱۷۲۰ء سے ۱۷۹۰ء تک قیاس کیا جاتا ہے۔ ۱۱۶۳ھ میں آپ نے کسب نامہ لکھا۔ آپ کی تصانیف میں سے بارہ ماہ۔ دوہڑہ جات۔ سی حرفی نصیحت نامہ کسب نامہ بافندگان۔ صوفی خیال کی پنجابی نظم میں مشہور کتابیں ہیں جن کے مجموعہ کو دریائے معرفت کا نام دیا گیا ہے۔ اور یہ مجموعہ متعدد بار مسلم سٹیم پریس لاہور سے شائع ہوا۔ ان کے فقر نامہ کا ایک قلمی نسخہ ہمارے پاس موجود ہے۔ ان کے علاوہ فرد فقیر کی شہرہ آفاق کتاب روشن دل ہے جو کہ عبدی کے رسالہ مہندی، عبداللہ کی انواع اور عبدالکریم کی نجات المومنین کے سلسلہ کی ایک کڑی ہے۔ یہ کتاب ابھی تک اسلامیہ نظامیہ مدارس میں متداول ہے۔ روشن دل میں فقہی مسائل درج ہیں جن کے متعلق فرد فقیر کے اپنے تاثرات یہ ہیں:-

فرد فقیرا سے تے چایا ای ڈاہڈا بھار
ایہہ ادکھے مسئلے نقہ نے سنبھل کریں شمار

کسب نامہ بافندگان میں ایک بافندہ کی صورت میں تصوف کے مسائل درج ہیں۔ فرد فقیر کا بارں ماہ ایک خاص صنفِ سخن کا حامل ہے۔ سی حرفی کا انداز بیان

عام سی حرفیوں سے علحدہ ہے۔

نمونۂ کلام (روشن دل سے)

جیکر تینوں آئیکے پچھے ایہہ بیان | کتھوں ہویوں دس کھاں کند دا مسلمان
اگوں اُس نوں دس تدں نال زبان حلیم | میں ہویا روز میثاق دا مسلمان قدیم

(باراں ماہ سے)

ربا کہندے چیتر آیا | میرے جانی کیوں چھ لایا
میریاں چشماں پوہو پھٹیاں | میں رو رو بہت نکھٹیاں
میریاں دڑاں نکلیاں کڈھیاں | جاں آئی رت بہار دی
نت ہتی شگن ٹڈیاں | میر باں سولاں شاخاں کڈھیاں
سل پوچھتی نار پریم دی | دل چھوڑے چھ ———
میں دو تیاں بہت ستایا | اج رو رو آہیں مار دی

سید حضرت بُلھے شاہ ؒ

سید بُلھے شاہ صاحب پنجابی کے سرتاج صوفی شاعر ہیں۔ آپ کا اصلی نام عبداللہ شاہ تھا اور والد صاحب کا نام سید درویش محمد تھا۔ آپ کے بزرگوار اُچ گیلانیاں علاقہ سندھ سے ملکوال میں آکر آباد ہوئے۔ بعد میں ایک گاؤں پانڈو کے بھٹیاں تحصیل قصور میں آگئے۔ یہاں سید بُلھے شاہ کی پیدائش ۱۶۸۰ء میں بتائی جاتی ہے۔ بُلھے شاہ کی تربیت اسلامی طریق پر مساجد میں ہوئی۔ بعد میں آپ کی طبیعت میں تصوف کا جوش پیدا ہوا اور آپ لاہور آکر ایک قادری سلسلہ کے بزرگ عنایت شاہ شطاری متوفی ۱۱۴۷ھ جو کہ علی رضا شاہ شطاری کے خلیفہ تھے اور

باغبانپورہ کے ارائیں قبیلہ سے تعلق رکھتے تھے، سے ملے۔ اور آپ ان کے مریدوں کے حلقہ میں شامل ہو گئے۔ آپ کے کنبہ کے لوگوں کو اِس بات کا سخت قلق ہوا کہ ایک سید ارائیں کا مرید کیوں ہو۔ اکٹھے ہو کر بُلھے شاہ کو روکنے آئے۔ اِس واقعہ کا ذکر خود بُلھے شاہ صاحب نے کیا ہے ؎

بُلھے نوں سمجھاون آیاں بھیناں تے بھرجائیاں
آل نبیؐ اولاد علیؑ دی نوں بُلھیا توں کیہہ لیکاں لائیاں
من جا بُلھیا ساڈا کہنا چھڈ دے پلاّ رائیاں

لیکن بُلھے شاہ شراب شوق میں سرمست تھے۔ جواباً فرمایا۔ ؎

جیہڑا سانوں سیّد آکھے دوزخ ملن سزائیاں
جیہڑا سانوں رائیں آکھے بہشتیں پینگاں پائیاں
جے توں باغ بہاراں لوڑیں بُلھیا ہو جا طالب رائیاں

بُلھے کو اپنے پیر سے بے حد عقیدت تھی اور اِس شرابِ معرفت میں وہ اِس قدر مست ہوئے کہ شرعیات سے بھی آزادانہ روش اختیار کر لی۔ آپ کی تصانیف وہ مشہور کافیاں ہیں، جن میں آپ نے سلوک و معرفت، جذبۂ حق و صداقت اور التقائے الٰہی کے گیت بڑی بے باکی سے گائے ہیں۔ دیکھئے! آپ کا ایک بے باکانہ شعر کیسا زوردار ہے ؎

بُلھیا! پی شراب تے کھا کباب، ہیٹھاں بال ہڈاں دی اگّ
چوری کر تے بھن گھر رب دا، اوس ٹھگاں دے ٹھگ نوں ٹھگ

بُلھے شاہ ایک عالم فاضل ہونے کے باوجود علوم کو جہالت سے تعبیر کرتے ہیں۔

لوکاں دیاں سب گلڑیاں تے اللہ اللہ دی گلّ
کجھ رولا پایا عالماں، کجھ ورقاں پایا جھلّ

بلّھے شاہ کی کافیاں متعدد بار مختلف مطابع سے شائع ہو چکی ہیں اور لوگوں کو کافی سے زیادہ زبانی بھی یاد ہیں۔ حال ہی میں پنجابی ادبی اکیڈمی نے ایک نفیس نسخہ کلیات بلّھے شاہ کے نام سے شائع کیا ہے۔ بلّھے شاہ کے کلام میں عشق الٰہی، حق گوئی، بے باکی اور راست کرداری کوٹ کوٹ کر بھری ہے۔ زور کلام مثالی ہے۔ ان خوبیوں کی وجہ سے بلّھے شاہ کا نام پنجابی شعراء کی صف اوّل میں لیا جاتا ہے۔ بلّھے شاہ کی وفات ۱۱۷۱ھ کو ہوئی۔

کلیات میں کافیاں۔ سی حرفیاں۔ دوہڑے۔ اٹھوارے۔ اور باراں ماہ شامل ہیں۔ ان کے کلام کی مقبولیت کا یہ عالم ہے کہ ان کی بعض منظومات کو ——— (C. S. USBRANA —) نے انگریزی میں ترجمہ کیا تھا۔ حال ہی میں ہمارے محترم دوست قریشی غلام یعقوب انور بی۔ اے ایل ایل بی ایڈووکیٹ ہائیکورٹ ساکن گوجرانوالہ نے کلیات بلّھے شاہ کا انگریزی نظم میں ترجمہ کیا ہے جو تا حال طبع نہیں ہوا۔

نمونہ کلام

وید قرآناں پڑھ پڑھ تھکّے | سجدے کر دیاں گھس گئے متھے
نہ رب تیرتھ، نہ رب مکّے | جس پایا تس نور جمال

عشق دی نویوں نویں بہار

ہیر رانجھے نے ہوئے میلے | بھُل ہیر ڈھونڈیندی بیلے
رانجھا یار بغل وچ کھیلے | سُدھ نہ رہیا سُرت سنبھال

عشق دی نویوں نویں بہار

پھوک مصلّیٰ نے بھن سوٹا نہ پھڑ تسبیح عاصا لوٹا
عاشق کہندے دے دے ہوکا ترک حلالوں کھا مردار
عشق دی نویوں نویں بہار

عمر گنوائی وچ مسیتی اندر بھریا نال پلیتی
کدے نماز وحدت نہ نیتی ہن کرناہیں شور پکار
عشق دی نویوں نویں بہار

جاں میں سبق عشق دا پڑھیا مسجد کولوں جیوڑا ڈریا
ڈیرے جا ٹھاکر دے وڑیا جتھے وجدے ناد ہزار
عشق دی نویوں نویں بہار

عشق بھلایا سجدہ تیرا ہن کیوں پانا ایں ایویں جھیڑا
بلھا ہوندا چپ بتیرا عشق کریندا مارو مار
عشق دی نویوں نویں بہار

ناں میں مومن وچ مسیتاں ناں میں وچ کفر دیاں ریتاں
ناں میں پاکاں وچ پلیتاں نہ میں موسیٰ نہ فرعون
بلھیا کیہ جاناں میں کون

نہ میں بھیت مذہب دا پایا نہ میں آدم حوا جایا
نہ میں اپنا نام دھرایا نہ وچ بیٹھن نہ وچ سون

بُلھیا! کیہ جاناں میں کون

اوّل آخر آپ نوں جاناں　　نہ کوئی دوجا ہور پچھاناں
میتھوں کوئی نہ ہور سیانا　　بُلّھیا شوہ کھڑا ہے کون

بُلھیا کیہ جاناں میں کون

نہ خدا مسیت نہ مندر نہ خانے کعبے　　نہ خدا قرآن کتابیں نہ خدا نمازے
نہ خدا اے نیر تھیں انہوں پینڈے جھاکے　　بُلّھیا شوہ نوں مرشد ملیا چُھٹّے سب تقاضے

حاجی لوک مکّے نوں جاندے اساں جانا تخت ہزارے
جتول یار ادتے وِل کعبہ بھانویں پھول کتاباں چارے

سیّد علی حیدر:-

سیّد علی حیدر ضلع ملتان کے قصبہ قاضیاں میں یکم شعبان ۱۱۰۱ھ مطابق ۱۶۹۰ء پیدا ہوئے۔ آپ کے والد بزرگوار کا نام شیخ محمد امین تھا۔ آپ جیلانی سیّد تھے اور خواجہ فخرالدین دہلوی کے مُرید تھے۔ پنجابی صوفی شعرا کی مصنفہ مِس راما کرشنا لاجونتی آپ کے سیّد ہونے پر شک کرتی ہیں۔ علی حیدر کا کلام صوفیانہ حقائق سے بھرپور ہے۔ اگرچہ یہ بلّھے شاہ کے کلام کے پایہ کا نہیں۔ تاہم اکابر شعرا کے کلام شامل ضرور ہوتا ہے۔ ان کا یہ کلام مدت تک غیر مدوّن رہا جس کو بعد میں ملک فضل دین سگے زئی نے حضرت غلام میراں کی مدد سے مکمل کر کے "مکمل مجموعہ ابیات علی حیدر" کے نام سے ۱۳۲۵ھ میں شائع کیا جس میں چھ سی حرفیاں سی حرفی

ابیات اور ایک قصہ ہیر شامل ہے۔ قصہ ہیر تحقیق سے معلوم ہوا ہے کہ یہ علی حیدر ملتانی کا نہیں بلکہ غلام قادر حیدر جلال پوری کی تصنیف ہے۔ اور اس مصنف کا قلمی نسخہ ہمارے پاس موجود ہے۔ علی حیدر کی وفات ۱۱۹۰ھ میں ہوئی۔

نمونہ کلام

ف:۔ تاریاں لاریاں تیندیاں نے مینوں لاریاں کاریاں ماریاں نی
ہیر جیہیاں سے گڈیاں گھوڑیاں نے حد تے کیتیاں تیتھوں واریاں نی
چھوڑ مار تروڑ پاسے پاسے، توڑ دتیاں ہڈیاں ساریاں نی
حیدر کون کھلاریاں، تیتھوں اساں جتیاں بازیاں ہاریاں نی

ا:۔ ایتھے اوتھے اساں آس تیندی اتے آسرا تیندڑے ور دا اے
میہیں سب حوالڑے تیندڑے نی اساں خوف نہ کھندڑے جور دا اے
توں ہی جان سوال جواب تھیوں، سانوں خوف نہ اوکھڑی گور دا اے
علی حیدر نوں سک نہیں تیندڑی اے تیندڑے باجھ نا ہیں ساک ہوردا اے

ع:۔ عشق ماہی دی کھڑی تپ دی، تپ دی ستے بھاہ بھاہ کرے
عاشق سڑدے تے تڑ تڑ کردے باہر عشق بیا واہ واہ کرے
سلیمان بھٹیاری دا الھٹ جھوکے اتے سنگ مچھیانی نشہ یاہ کرے
جنہاں اپنا آپ ماریا دسے حیدر تیری جنت دی کی پرواہ کرے

ع:۔ عرش کتھے ہو عشق دی طلبیں، کرسی ہو حیران کھلو رہی
پیا شور رسی دوہاں جہاناں اندر تدوں چھپ کے گئی سی جال دی
عاشق رب سپات نہ جاندے فی نہیں جاندے صیغہ امر نہی
حیدر وارے جائیے اُنہاں عاشقاں دے جنہاں امر وچوں کیتا رب جی

مُقبل:۔

مُقبل محمد شاہی عہد کا مشہور اور نامور شاعر ہے۔ آنکھوں سے نابینا تھا۔ قصّہ ہیر، جنگنامہ امام حسینؑ، اور ایک سی حرفی در مدح پیران پیر آپ کی مشہور تصانیف ہیں۔ جن میں سے قصّہ ہیر بہت مشہور ہے۔ اس قصہ میں کُل ۴۲۳ بند ہیں۔ مختصر ہونے کے باوجود جامع اور دلکش ہے۔ وارث شاہ کی ہیر اسی کی تقلید میں لکھی گئی۔ اس کا جنگنامہ ۱۱۵۹ھ تا ۱۱۶۰ھ میں نظم ہوا۔ مقبل کی تصنیفات متعدد بار شائع ہو چکی ہیں اور بازار میں عام ملتی ہیں۔

نمونہ کلام۔ (ہیر میں سے)

راجے عدلی نے دوہاں نوں وداع کیتا، دانتے رب دا نام دھیائکے جی
ہیر آکھدی رانجھنا جان میری، اکو گل جے سنیں دل لائکے جی
ساڈا عشق قبول درگاہ پیا، لیلیٰ مجنوں دے نال رلائکے جی
میں آکھدی ہاں گل منّ میری، مُقبل سوال خدا دا پائکے جی

پہنچی جھنگ سیال نوں ہیر ڈھی، رانجھا تخت ہزارے نوں جاوندا اے

پنج پیراں نوں رانجھنے یاد کیتا، پلٹے کن درست کراندا اے

امام حسینؑ کی شہادت

زینب آہیں ماریاں نالے آپ کلثوم | ویرا ساڈوں کرگیوں نانیاں تے مظلوم
بی بی چوڑا بھنیاں پٹ پٹ سٹے وال | سایاں کربلڈی چیکاں مار بے حال
نکوں نتھ اتار کے لبندی کر کر وین | ڈیرا رنڈا کر گیوں دولو شاہ حسینؑ

سیّد وارث شاہ:۔

سیّد وارث شاہ پنجابی زبان کا بلا شبہ سرتاج الشعرا شاعر ہے۔ اور پنجابی زبان اس ہستی پر جتنا بھی فخر کرے کم ہے لیکن یہ بات نہایت افسوس سے لکھنی پڑتی ہے کہ جس قدر اس کی شاعرانہ عظمت نمایاں ہے اسی قدر اس کی زندگی کے حالات مخدوش ہیں۔ آپ کی صحیح تاریخ پیدائش، تاریخ وفات اور خاندان کا علم کہیں سے میسر نہیں آسکا، سوائے آپ کے اس مصرعہ سے۔ ع

بناں عمل دے نہیں نجات ہونی، پیا مارسیں قطب دیا بیٹیا وے

اس مصرعہ سے آپ کے والد صاحب کا نام سید قطب شاہ مستنبط ہوتا ہے۔ علاوہ ازیں آپ کی زندگی کے تمام پہلو غیر مصدقہ روایات پر مبنی ہیں۔

بہرحال قصہ ہیر رانجھا آپ کی وہ زندہ جاوید تصنیف ہے جو وارث شاہ کو ہمیشہ زندہ رکھے گی۔ کہا جاتا ہے کہ یہ قصہ ۱۱۸۰ھ میں تصنیف ہوا۔ اس قصہ میں وارث شاہ نے اپنا وطن جنڈیالہ بتایا ہے جو ضلع شیخوپورہ میں اب جنڈیالہ شیر خاں

کے نام سے

وارث شاہ وسنیک جنڈیالڑے واستے مرید مخدوم قصور ۱۱ اسے

مخدوم قصور سے بعض محقق سیّد غلام مرتضیٰ مراد لیتے ہیں اور بعض مولانا غلام محی الدین قصوری بتاتے ہیں۔ غلام محی الدین قصوری والی روایت تو قطعی طور پر غلط ہے۔ غلام مرتضیٰ صاحب والی روایت کے متعلق کچھ وثوق سے نہیں کہا جا سکتا۔ واللہ اعلم بالصّواب۔

اِس کے علاوہ قصّہ ہیر رانجھا کا سبب تصنیف وارث شاہ کا بھاگ بھری سے معاشقہ بتاتے ہیں جو کہ محض افواہ ہے اور ہمارے نزدیک قطعی طور پر غلط ہے۔

بعض تذکرہ نگار یہ بھی لکھتے ہیں کہ سید وارث شاہ، حضرت بُلھے شاہ قصوری اور سید علی حیدر ملتانی کے ہم درس تھے۔ یہ قصہ بھی محض روایت کی حیثیت رکھتا ہے۔ وثوق سے اِس کے متعلق بھی کچھ کہا نہیں جا سکتا۔ یہ ہو سکتا ہے کہ یہ تینوں شاعر ہم عصر ہوں۔ کیونکہ بُلھے شاہ کی وفات ۱۱۷۱ھ میں ہوئی۔ علی حیدر ۱۱۹۱ھ میں فوت ہوئے اور وارث شاہ کے متعلق مشہور ہے کہ انہوں نے ہیر ۱۱۸۰ھ میں لکھی۔ ان کے ہم درس ہونے کا ثبوت کہیں سے نہیں ملتا۔

وارث شاہ کی ہیر پنجابی ادب کا وہ شہ کار ہے جس کا جواب آج تک پیدا نہیں ہو سکا۔ لیکن اِس کے بارے میں بھی یہ بات نہایت افسوس سے لکھنی پڑتی ہے کہ اس میں ترتیب کے وقت ترمیم و تنسیخ کا کام اِس زیادتی سے لیا گیا ہے کہ وارث شاہ کی اصلی ہیر پر بھی شُبہ ہونے لگتا ہے کہ آیا وہ اب موجود ہے یا نہیں۔ کیونکہ ہیر کے ناشرین نے اِس کی طباعت کے وقت ہمیشہ یہی خیال پیش نظر

رکھا ہے کہ اس کو بڑھا چڑھا کر پیش کیا جائے۔ تاکہ لوگوں میں زیادہ سے زیادہ مقبول ہو۔ اور وہ سب سے اوپر بڑے فخر سے لکھتے ہیں۔

"سب توں وڈی تے اصلی ہیر"

اس کو بڑی اور اصلی بنانے کے لیے اشعار کا اِس قدر اضافہ کیا کہ اس کی اصلی صورت بگڑ گئی۔ اس کی طباعت کی کہانی خان بہادر مولوی محمد شفیع صاحب اور سر رچرڈ ٹیمپل لکھتے ہیں کہ سب سے پہلے ہیر "ہوپ پریس" میں شائع ہوئی ۱۸۶۰ء اور ۱۸۷۰ء کے درمیان رائے صاحب منشی گلاب سنگھ، حاجی سراج الدین چراغ دین ملک ہیرا مصطفائی پریس لاہور نے یکے بعد دیگرے اِس کو شائع کیا۔ امرت سر میں بھائی چتر سنگھ، جیون سنگھ نے بھائی میلا سنگھ صاحب کے اُستاد سے لکھوا کر گورمکھی حروف میں طبع کروائی۔ اِس کے بعد بھائی کشن سنگھ عارف اور نیاز علی نے افغانی پریس سے طبع کرائی۔ اس کی اِس قدر مقبولیت سے اس پر اضافات کا سلسلہ شروع ہوا، چنانچہ اِن اضافات کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

میاں رُکن دین کے نسخہ میں ۱۶۷۳ مصرعے ہدایت اللہ نے زیادہ کہے۔ میاں پیرانند نے ۱۱۹۲ مصرعے، محبوب عالم نے ۵۰۷ مصرعے، محمد دین سوختہ نے ۹۴۷ مصرعے، اشرف علی نے ۵۰۰ مصرعے اور عبدالرحمٰن نے ۶۶۰ مصرعے زیادہ کہے۔

اس کے علاوہ عزیز دین نے بھی کچھ مصرعے زائد کہے، جن کی تعداد معلوم

نہیں۔ ان اضافات کے پیشِ نظر وارث شاہ کی اصلی ہیر کہاں ہے۔

ہیر کے علاوہ وارث شاہ کی تصنیفات چوہڑیٹی نامہ، معراج نامہ، اشتر نامہ، دوہڑے، ترجمہ قصیدہ بُردہ، وصیت نامہ اور مدح غوث الاعظم مشہور ہیں۔

نمونہ کلام

مرد صاف چہرے ہین نیکیاں دے، صورت رَنّ دی مہم موقوف ہے نی
مرد عالم فاضل اتے اصل قابل کسے رَنّ نوں کون وقوف ہے نی
صبر فرح ہے مَنّیاں نیک مرداں اتے صبر دی واگ معطوف ہے نی
دفتر مکر فریب دے خچرّ وادی اہناں پستاں وچ ملفوف ہے نی
اندر خاص جے عمل نہ نیک ہوون، انسان کہاونا زوف ہے نی
"اِنّ کیدکُنّ" حق عورتاں دے انہاں وچ قرآن حروف ہے نی
رَنّ مرد دی سدا محکوم ہوندی، ایہہ تاں گل مشہور معروف ہے نی
وارث شاہ ولایتی مرد میوے اتے رَنّ مسواک دا صوف ہے نی

چینیاں خبر دنیا منداجو گیاں نوں، مچھی ہلبڑے نوں، ماس بہمناں نی
کیف بھگت قاضی، تیل کھنگ والے، ڈھشناں لوگ پہمناں نی
زہر جیوندے نوں آن سن والے، پانی ہلکیاں نوں دھرن سا ہمناں نی
سہیا چوہڑیاں نوں، بباج موتناں تے روچکڑ یدا ہونا ضامناں نی
مندی جھڑک یتیم مسکین سائل دالوں ہٹک دنیا دیاں دانیاں نی
منداموڑ کھاں دے وچ واس کرنا، پندھ چلنا نال ارگا نساں نی

دانشمنداں دی مجلسوں ترک کرنی، اتے احمقاں نوں یار جاناں نی
اوڑ خچراں نوں، شیر اکبراں نوں دینا اٹھیاں ضرچھپاناں نی
بُرا جھگڑناں نال تیر ہوندا، جانوں مار دینا عقل داناں نی
وارث شاہ جیوں لکھیا چوہیاں نوں سکھ ملاں نوں نے بانگ ہمناں نی

صبح کا منظر

چڑی چوہکدی نال جاں ٹرے پاہندی پیاں دُدھ دے وچ مدھانیاں نی
صبح صادق ہوئی جدوں آن روشن نندوں لالیاں آن مچلانیاں نی
اکناں اٹھ کے ربّ کا یاد تا، اک ھوندیاں پھرن دودھانیاں نی
اک اُٹھ کے بلیں تیار ہوئے اک ڈھونڈے پھرن پرانیاں نی
لیاں کڈھ ہرنالیاں ھالیاں نے بیتاں ھویں نوں جنہاں نے لانیاں نی
گھر بار رناں چکیاں جھوتیاں نے جنہاں تاوناں گنھ پکانیاں نی
کاربار وچ ہویا جہان سارا، چرخے ڈاہندیاں اُٹھ سوانیاں نی
اُٹھ غسل دے واسطے جاں وڑے، سیجاں جنہاں نے رات دیاں مانیاں نی

ہمیج وسدیاں جیڈ نہ بھلا کوئی، بُرا نہیں جے کم فتور جیہا
دان دیونے جیڈ نہ عمل کوئی، ذکر رب دے جیڈ نہ نور جیہا
غصے جیڈ ناہیں کوڑی چیز کوئی، مٹھا یار دے لباں دے بور جیہا
صحت جیڈ ناہیں کوئی ہور نعمت، منداُدکھ نہ گھاہ نہ نھور جیہا

مُوذی نفس دے جیڈ پلیدنا ہیں، بے غیرتا بُرا نہ شور جیہا
وارث شاہ جیہا گنہگار ناہیں، بخشنہار نہ رب غفور جیہا

حامد شاہ عباسی :-

حامد شاہ عباسی ہنڈ چوفنہ پرگنہ پٹھان کوٹ ضلع گورداسپور کے رہنے والے تھے۔ سن پیدائش ۱۱۶۱ھ، والد کا نام سید عطاء اللہ اور دادا کا نام سید اعظم شاہ تھا۔ ان کے دادا تبلیغ اسلام کی غرض سے ہندوستان میں علاقہ ماوراء النہر سے آئے تھے۔ حامد شاہ، نورپور کے راجہ کے مصاحبوں میں سے تھے اور اپنے گاؤں میں امام مسجد تھے۔ حامد شاہ کثیر تصنیفوں کے مالک ہیں تفصیل جن کی ذیل میں درج ہے۔

۱۔ جنگ نامہ حامد۔ (۲) اخبار حامد۔ (۳) ہیر حامد (۴) گلزار حامد۔ (۵) تفسیر حامد۔ (۶) فقر نامہ جدید (۷) احکام الصلوٰۃ۔ ان میں سے جنگنامہ اور ہیر بہت مشہور ہیں۔ جنگنامہ حامد ۱۱۸۱ھ میں شروع ہوا تھا اور ۱۱۹۱ھ میں پایۂ تکمیل تک پہنچا۔

نمونہ کلام

اکھیاں قاسم شیر دیاں میٹھے مٹھاں نال — ریش مبارک اُپّر دل پو سینے خون دے وال
زلف قاسم شیر دی جو سی گرد غبار — کنگھی زلفاں پاک کر ہوئی بہت کھنجال
کھندی میر با قاسماں ہویوں درج شہید — کیہہ کھڑیا تدھ سی انہیں شر یزید
بے تقصیر ماریوں کوئی نہ گناہ — نہ سی دشمن کسے دا بندہ نیک اللہ

اُٹھیں میرا قاسما اِنال میرے لگ گل — جگر دا پھالا ہو گیا، گیا کلیجے سل

صدیق لالی:۔

صدیق لالی کے حالات کہیں سے دستیاب نہیں ہو سکے۔ صرف یہی معلوم ہو سکا ہے کہ آپ نے ۱۱۳۵ھ میں قصہ یوسف زلیخا تصنیف کیا جس کے متعدد نسخے پُرانے کتب خانوں سے دستیاب ہوتے ہیں۔

نجابت:۔

"نادر شاہ دی وار" پنجاب کے علاقہ میں ایک اہم کتاب ہے جو گذشتہ زمانے میں مراسیوں اور بھانڈوں کو زبانی یاد تھی اور وہ عام مجلسوں میں ایک خاص انداز سے سنایا کرتے تھے۔ لوگ اس وار کو نہایت اشتیاق اور انہماک سے سنتے تھے۔ اس میں نادر شاہ کے ہندوستان پر حملہ کے واقعات بیان کیے گئے ہیں۔ ۱۸۹۲ء میں سر ایڈورڈ میکلیگن صاحب بہادر جب کالونائزیشن آفیسر مقرر ہوئے تو انہوں نے خانقاہ ڈوگراں کے ایک میراثی سے سُن کر اسے مرتب کیا اور رومن رسم الخط میں لکھا۔ اس کا کچھ حصہ "خالصہ ینگ مین میگزین" میں شائع ہوا۔ پھر خالصہ ٹریکٹ سوسائٹی نے مینجر میگزین کی اجازت سے اسے ٹریکٹ کی شکل میں شائع کیا۔ پھر یہ وار پنجاب ہسٹاریکل ایسوسی ایشن کے جرنل جلد ۶ نمبر ۱ میں شائع ہوئی۔ اس کے مصنف کے بارے میں محققین کچھ وثوق سے نہیں کہہ سکے بعض کا خیال ہے کہ یہ علاقہ پنڈی کے شاہ چراغ کی تصنیف ہے۔ جس کو نجابت نے بنا سنوار کر اپنے نام کر لیا۔ ہمارے نزدیک نجابت والا سلسلہ بھی قابلِ وثوق نہیں۔ بہرحال لوگ

اس کو نجابت کی "نادر شاہ دی وار" کہتے ہیں۔

نمونہ کلام (دہلی کی تاریخ)

اوّل دہلی کو روڈاں گھر اپنے پائی — فیر لئی سی غوریاں کجھ مدت وسائی
فیر چوہاناں رکھیا خوش رنگ کرلائی — فیر لئی پٹھاناں، گھر چوہتے آئی
فیر لئی بابر کیاں چوغطیاں دُھر سار کمائی — دہلی نت نُو دریمیں رت دھڑی لوائی
تُد لکھ کھپائیاں کھُونیاں مہر ذرا نہ آئی — اِک ماریں اِک سر دھریں رنگ حُسن سوائی
نویاں کل ولائتاں جگ جیہے دوہائی — ماس کھائے راج پتّراں جو بکر قصائی

دہلی نوں شہزادیاں کھیہہ ہمو ندی آئی

محرم شاہ :-

محرم شاہ کی ایک سی حرفی مشہور ہے جو کہ متعدد بار شائع ہو چکی ہے مزید حالات معلوم نہیں ہو سکے۔

عظیم ولد محمد سعید :-

بارھویں صدی کے شعرا میں سے ہیں۔ باراں ماہ۔ قصہ لڑکا جنگ نامہ حضرت علیؓ آپ کی تصانیف ہیں، جن کے متعدد نسخے ہمارے پاس موجود ہیں۔

علم بخش درویش :-

آپ کی دو سی حرفیاں اور پنج بیتے لکھے ہوئے ملتے ہیں۔

میاں اشرف :-

لاہور کے رہنے والے تھے۔ ۱۱۳۷ھ میں وفات پائی۔ آپ نے باراں ماہ اور جوبرگے لکھے۔

اسی طرح شاہ حبیب اور مولوی جان محمد صاحب ساکن جانی والا اس دور کے شعرا میں سے ہیں۔ مولوی جان محمد صاحب کی وفات ۱۲۰۰ھ میں ہوئی۔ آپ کی ایک سی حرفی اور رسالہ رتسیا مشہور ہیں۔

نمونہ کلام

ایس پلنگڑی مینوں پائی دلگیری ویکھ پاوے غم آوے
ہتیاں کرڈکن وانگ سنیاں، مینوں سیر وشیر ڈراوے
جُولوں سوال اُٹھے مَن میرے مینوں امن کھاون آوے
جان محمد ابیٹھ پئی پلنگڑی جتھے پیارا نظر نہ آوے

فیض اللہ:۔

تحفۃ العاشقین کے مصنّف ہیں جس میں حضرت موسیٰؑ کی تاریخ درج ہے۔ اس موضوع پر اتنی ضخیم کتاب تاحال نہیں دیکھی جا سکی۔ کتاب کا قلمی نسخہ ناقص الآخر ہے جس سے فیض اللہ کے حالات معلوم نہیں ہو سکے۔ صرف قرائن سے اندازہ کیا گیا ہے کہ یہ محمد شاہی دَور کا آدمی ہے۔

مولوی رکن دین:۔

آپ نے ۱۱۳۶ھ میں جنگ نامہ امام حسین علیہ السلام لکھا جو کہ روضۃ الشہدا کے نام سے مشہور ہے۔

شیخ امام الدین:۔

آپ ہری پور ہزارہ کے باشندے ہیں۔ ایک رسالہ "نمانی جندڑی" اور ایک سی حرفی آپ کی تصنیفات میں سے ہیں۔ نمانی جندڑی ۱۱۹۴ھ میں لکھی گئی۔

میاں چراغ دین اعوان :-

پنڈ کھینتر متصل ہرنڈ ضلع ڈیرہ غازی خاں کے رہنے والے تھے۔ اورنگزیب کے بیٹے معظم خاں کے کہنے پر قصہ ہیر رانجھا ۱۱۲۱ھ میں تصنیف کیا۔

ان کے علاوہ میاں نعیم، سائیں لنگھاہ مسکین۔ غلام رشید۔ مولوی بخشا۔ سری بھگت صاحب۔ اگرا مصنف "حقیقت رلئے دی وار" اس دور کے مشہور شاعر ہیں۔ گلاب سنگھ اور بہبل لاہوری بھی اس دور کی اہم یادگاریں ہیں۔ گلاب سنگھ کا باراں ماہ اور بہبل کی ہیر اور قصہ سسی پنوں بہت مشہور رہیں۔

نمونہ کلام گلاب سنگھ

چھیتر چا معشوق ملن دی زلف کنڈل وچ پلوے ڈنگ چلاوے
نازک کمر ویکھ دلبر دی خاطر شیر نہ آوے سو سرناوے
نرگس نین، صراحی گردن، لباں لعل دکھلاوے مار مکاوے
گلاب سنگھا سوہنی دے باجھوں کونج وانگوں کرلاوے نظر نہ آوے

نمونہ کلام بہبل

ص۔ صفائی دل دی باجھوں ناہیں قرب حضوری تے منظوری
بے صبراں نوں حاصل ہیرے ناہیں اجر ضروری رتبہ نوری
اوّل آخر ظاہر باطن لوڑے نہ کوئی پوری باجھ صبوری
کریں متابعت ہیرے بہبل نہ کر بے شعوری تے مغروری

سکھی عہد

۱۲۱۶ھ تا ۱۲۶۶ھ

چوتھا باب

مُغلیہ خاندان کے زوال کے بعد ہند و پاکستان میں سکھوں کا عروج ہوا۔ یہ سارے کا سارا دور ملکی بد امنی کا دَور تھا جس میں علم و ادب کی طرف کوئی خاص توجہ نہ دی گئی۔ جیسا کہ اوپر بیان کیا جا چکا ہے کہ پنجابی زبان کے متعلق سکھوں کی رائے یہ ہے کہ یہ اُن کی زبان ہے۔ کیونکہ اس کی ابتدا ان کے مذہب کے بانی گورو نانک سے ہوئی۔ مسلمان پنجابی زبان کے اس لئے دعویدار ہیں کہ پنجاب میں اِس کی نزدیک اُن کی آمد سے ہوئی اور اس کی ہئیت کذائی انہیں کی زبانوں فارسی، عربی کے اختلاط سے معرضِ وجود میں آئی۔ لہٰذا ان ہر دو قوموں کا دعویٰ اِس زبان کے ارتقا میں شروع سے آخر تک کار فرما رہا۔ سکھوں نے اسے

اپنی مذہبی زبان سمجھتے ہوئے ہندوستان کی قدیم زبانوں کی چاشنی کو نہ چھوڑا اور تاحال اُنہی زبانوں کے الفاظ پنجابی زبان میں استعمال کرنے میں فخر سمجھتے ہیں اور مسلمان فارسی اور عربی زبانوں کے الفاظ سے اِس کی شان کو چار چاند لگاتے ہیں اور یہ فرق تاحال موجود ہے۔

مغلیہ دور میں دفتری زبان فارسی تھی۔ سکھی دَور میں اِس بات پر ہنگامہ ہوا کہ دفتری زبان پنجابی ہونی چاہیئے۔ لیکن رسم الخط اور ہر دو قوموں کی مساویانہ زبان کے ارتقاء کے پیشِ نظر سکھی دَور میں بھی پنجابی زبان دفتری زبان نہ ہو سکی اور فارسی ہی دفتری زبان رہی۔ اور پنجابی کے ارتقاء کا سلسلہ جوں کا توں ہی رہا۔
البتہ حسب سابق ذریعۂ تعلیم مساجد میں پنجابی ہی تھا۔ شعر و سخن کے باب میں نظم کے موضوعات جوں کے توں رہے لیکن اِس دَور کے شعراء کو اتنا فروغ نہ ہوا جس فروغ کے حامل گذشتہ ادوار کے شعراء ہیں۔ البتہ ہاشم شاہ، خواجہ غلام فرید۔ احمد یار۔ نادر یار اور میاں عبدالحکیم ملتانی وہ چند ہستیاں ہیں جن کو اِس موضوع میں کسی صورت میں بھی بھُولا نہیں جا سکتا۔ اِس دَور کے شرعیات کے سلسلہ میں مولوی سید احمد اور حافظ خان محمدؐ خصوصیت سے قابلِ ذکر ہیں۔ رزمیہ شاعری کے باب میں حاتم علی اور میاں مصطفیٰ نے جنگ نامہ امام علی الحق لکھ کر اور پیر محمد نے "چٹھیاں دی وار" لکھ کر اِس موضوع کو پورا کیا۔ شاہ محمد نے سکھوں اور انگریزوں کی لڑائیاں لکھیں، جن میں شاہ نامہ فردوسی والا جوش و خروش تھا۔ اِس دَور کے ان نامور شعراء کا ذرا تفصیلی ذکر آئندہ اوراق میں ہوگا۔

حسب سابق مسلمان اپنا شرعیات کا سلسلہ پنجابی زبان میں بیان کرتے

آئے، کیونکہ مساجد میں تعلیم پنجابی زبان میں ہوتی تھی۔ اس لحاظ سے اس دور میں بھی شرعیات کا سلسلہ پنجابی زبان میں کافی سے زیادہ موجود ہے۔ البتہ فقہی مسائل سے اسلامی قصص کا ذخیرہ نسبتاً زیادہ ہے۔ مذہبی لٹریچر کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

شاہ حسین۔ ساکن موضع ڈھینڈا، ضلع ہری پور ہزارہ میں دس جمادی الاول ۱۲۵۲ھ میں تنبیہہ المشرکین، بدعات سئیہ کے رد میں تصنیف کی جو کہ ۱۳۰۰ھ میں مطبع محمدی میں طبع ہوئی۔

حافظ خان محمد نے ۱۲۴۲ھ میں رسالہ مفید العلماء تصنیف کیا جس میں فقہی مسائل درج ہیں۔

غلام محی الدین قصوری:۔

قصور کے جلیل القدر علماء سے ہیں، جن کی فارسی تصنیف تحفہ رسولیہ اسلامی نظامیہ مدارس میں کافی عرصہ تک متداول رہا۔ اس کے علاوہ ان کی فارسی تصنیفات حلیہ شریف۔ شرح دیباچہ گلستان سعدعربی متفرق منظومات عربی، فارسی اور مکتوبات مشہور ہیں۔ آپ نے پنجابی نظم میں مسائل حج اور درود مستغاث کا ترجمہ پنجابی نظم میں کیا۔ مولانا صاحب موصوف کی وفات ۱۲۷۰ھ میں ہوئی۔ آپ کا مزار مبارک قصور میں مرجع خاص و عام ہے۔

سید احمد ناظم:

شادیوال ضلع گجرات کے جلیل القدر علماء میں سے ہیں۔ آپ کا اصلی وطن قلعدار ضلع گجرات ہے۔ حافظ خان محمد صاحب کے فرزند ارجمند تھے۔ فارسی عربی اور پنجابی میں آپ کی تصانیف مشہور ہیں۔ عقائد ناظم فارسی نظم،

مُستاصل البدعت رسالہ بجواب مولوی غلام رسول صاحب ساکن قلعہ میہاں سنگھ ایک رسالہ بجواب حافظ عبد المنان وزیر آبادی بزبانِ عربی "ارشاد الجاہلین" پنجابی زبان میں آپ کی مشہور کتاب ہے۔ آپ کی وفات بروز یکشنبہ بوقت ظُہر ماہ ربیع الثانی ۱۳۰۲ھ میں ہوئی۔

حافظ پسروری :-

ضلع سیالکوٹ کے رہنے والے تھے۔ رسالہ فتح القلوب ۱۲۸۰ھ میں کسی محمود کے کہنے پر مسجد چنگڑاں میں بیٹھ کر لکھا جس میں مزامیر کی تردید ہے۔ گُل حسن نے اسی دور میں ایک رسالہ ھمدوسی مسئلہ ۱۳۰۰ تصنیف کیا۔ اس سے مزید اس کے حالات دستیاب نہیں ہو سکے۔

بہار شاہ ولد حافظ عظمت اللہ قریشی نے رسالہ راحت الفقرا تصنیف کیا جس کا قلمی نسخہ ہمارے پاس موجود ہے۔

عبد الغنی نے ایک رسالہ بنام کوٹھا پنجابی نظم میں لکھا جس میں وضو اور نماز کے فرائض اور سنن درج ہیں۔

خدا بخش نے بدعت نامہ دھونکل ۱۲۶۰ھ میں لکھا جس میں میلہ دھونکل کی بدعات کا ذکر ہے۔

ان شرعیات گو شعرا کے علاوہ بعض شعرا کے اسلامی قصص بھی اس دور کی یادگار ہیں جن میں سے مُراد علی کا قصہ "وفات نامہ بی بی فاطمہ" مشہور ہے۔ محمد بخش نامی ایک شاعر نے جنگ نامہ عمر تصنیف کیا۔ حافظ نامی شاعر نے معجزہ حضرت سلیمان فارسی سے پنجابی میں منتقل کیا۔

صوفی شعراء:-

اِس دَور میں کچھ صوفی شعراء کا سلسلہ بھی نظر آتا ہے جن کا کلام زبان زد خاص و عام ہے۔ اِن سب کے سرکردہ سیّد ہاشم شاہ سکھّی عہد کے سب سے بڑے شاعر ہیں۔ یہ امرتسر کے ایک گاؤں جگدیو میں ۱۷۵۳ء میں پیدا ہوئے اور ۱۸۴۳ء میں وفات پائی۔ آپ کی قبر ٹھرپال ضلع سیالکوٹ میں بتائی جاتی ہے۔ ہاشم شاہ کے حالاتِ زندگی کے متعلق دو متضاد روایات دیکھنے میں آئی ہیں۔ باوا بدھ سنگھ صاحب بمبیہا بول میں لکھتے ہیں۔ ہاشم شاہ ولد قاسم شاہ قوم ترکھان جگدیو پنڈ ضلع امرتسر میں پیدا ہوئے۔ تعلیم معمولی تھی۔ جب رنجیت سنگھ کا والد مہان سنگھ فوت ہوا تو ہاشم شاہ نے مرثیہ لکھ کر پیش کیا جس سے یہ درباری شاعر بنا لیے گئے۔ پنجابی صوفی شعرا کی مصنفہ مس راما کرشنا لاجونتی بھی اِسی روایت کو صحیح مانتی ہے۔ لیکن اُن کی رنجیت سنگھ کے دربار میں رسائی کا ذکر نہیں۔ مزید براں لکھا ہے کہ اُس کو درباری زندگی سے نفرت تھی جس کے استشہاد میں وہ شعر پیش کرتی ہیں ؎

کہہ سُن حال حقیقت ہاشم ہن دیاں بادشہاں دی
ظلموں کُوک گئی اسمانیں دکھیاں روز دلاں دی
آدمیاں دی صورت دسدے راکھش آدم خورے
ظالم چور رلیپت زنا ہی خوف خداؤں کورے
بس ہُن ہور نہ کہو کجھ ہاشم جیوں رب رکھے رہنا
ایہہ گل نہیں فقیراں لائق بُرا کسے نوں کہنا

اس کے برعکس مسلمان محقق محمد سرور مصنف "پنجابی ادب" اور عبدالغفور قریشی "مصنّف پنجابی زبان دا ادب تے تاریخ" لکھتے ہیں۔ کہ ہاشم شاہ ۱۷۵۳ء میں ضلع امرت سر کے ایک گاؤں جگدیو میں پیدا ہوئے۔ آپ کے والد حاجی محمد شریف ایک قریشی النسل عرب تھے۔ جنہیں جگدیو کا ایک بڑھئی الہ بخش نامی فریضۂ حج کے موقع پر عرب سے اپنے ساتھ لے آیا۔ حاجی محمد شریف صوفی منش بزرگ تھے۔ انہوں نے ہاشم کی تربیت اِس ڈھنگ پر کی کہ ہر شخص محسوس کرتا تھا کہ یہ بچّہ ایک بہت بڑا صوفی بن جائے گا۔ چنانچہ ۱۴ سال کی عمر میں ہاشم نے عربی، فارسی اسلامی علوم پر کافی عبور حاصل کر لیا۔ بہرحال ہاشم شاہ ایک اچھے پڑھے لکھے انسان تھے۔ اِن کی مہاراجہ کے دربار میں رسائی کے متعلق بھی اِس کی غیر مصدقہ روایات موجود ہیں۔ جو بخوفِ طوالت حذف کی جاتی ہیں۔

تصنیفات:۔ سسّی پنّوں۔ سوہنی مہینوال۔ ہیر رانجھا۔ لیلیٰ مجنوں۔ شیریں فرہاد۔ چنتا ہر۔ زبدۃ الرمل۔ ٹیکا پنج گرنتھی۔ گیان مالا۔ راج نیتی۔ دیوان ہاشم۔ چہار بہار ہاشم۔ بیاض ہاشم۔ دوہڑے ہاشم۔ شلوک ہاشم۔ کافیاں ہاشم بتائی جاتی ہیں۔ اِن کے علاوہ محمد سرور صاحب نے آپ کی فارسی غزلیات اور قصہ یوسف زلیخا فارسی کا بھی ذکر کیا ہے۔

نمونہ کلام

سسّی کو دریا میں ڈالنے کا واقعہ

واہ کلام نصیب سسّی دے نام لبال دل ڈردا

تختوں چا سٹّی سلطاناں خیر لوے در در دا

بیل غریب نا قابل جیہا، چا زمیں سر دھردا
ہاشم جا نہ بولن والی جو چاہے سو کردا

جس اُستاد صندوق سسی دا گھڑیا نال تھڑے
افلاطون ارسطو جیہے ہون شاگرد ہُنر دے
زینت زیب سُکھن سب اِس تھیں دلبر چین مصر دے
ہاشم دیکھ ہُنر بس کر دے صاحب عقل ہنر دے

یا صندوق رڑھا سسی نوں، نوح طوفان وگیندا
باشک ناگ نہ ہاتھ لیاون، ڈھول پناہ منگیندا
پار اُوراربلائیں پھردیاں ڈانواں ڈول زمیندا
ہاشم دیکھ نصیب سسی دے کیہہ کجھ ہو کریندا

ٹریا توڑ زنجیر صدق دا چایاں رزق مہاراں
گردش فلک ہویا سرگرداں باہجہ ملال کہاراں
سُورج تیز ہویا بل سُولی پئیں سان چمکاراں
ہاشم دیکھ سسی دے گھر وچ دُشمن لکھ ہزاراں

گھُمن گھیر جو پھیر گھیرے ٹھاٹھاں لین ہولاڑے
لہراں نہ درکن ہر طرفوں اِک آوے اِک جاوے
صورت شمس صندوق جڑاؤ بجلی چمک ڈراوے
ہاشم ماہ جیوں کنعانی دیکھ صندوق چھپاوے
شہروں باہر کوہتیں ڈھویا دھونداندی کنارے

اتنا نام مثال فرشتہ بزرگ نیک ستارے
ڈٹھا اوس صندوق دوراڈا دل دے وچ چھپالے
ہاشم گیوس ہوش دماغوں ویکھ صندوق نظارے

دوہڑے

رب دا عاشق ہووݨ سوکھا، اتے بہتی سوکھی بازی
گوشہ پکڑ رہو ہو صابر پڑھ تسبیح بݨ غازی
سکھ آرام جگت اس سوہیا اتے ویکھ ہووے رب راضی
ہاشم خاک رلاوے گلیاں ایہہ کافر عشق مجازی

جس وس جنگ ہجر دا پیا، تس نال لہو دکھ دھوتا
شمع جمال دتا پروانہ اتے آن شہید کہلوتا
جاں منصور رہویا سولی نال پروتا
ہاشم عشق ایہا جیہا ملیا جنیں دین مذہب سب دھوتا

توڑ زنجیر شرائط نسدا جد وسدا عشق مجازی
دل نوں کٹ لگی جس دن دی اس خوب سکھی ند بازی
بھج بھج روح وڑے بت خانے تے ظاہر جسم نمازی
ہاشم خوب پڑھایا دل نوں اس ہیبت عشق دے قاضی

خواجہ غلام فرید :-

خواجہ غلام فرید صوفی شعراء میں بلھے شاہ کے بعد یاد کیے جاتے ہیں۔ آپ سہ شنبہ ۲۶، ماہ ذیلقعد ۱۲۶۱ھ حضرت خواجہ خدا بخش صاحب کے ہاں پیدا ہوئے۔ تاریخی نام خورشید عالم رکھا گیا۔ آپ کا شجرہ نسب حضرت عمرؓ بن خطاب سے ملتا ہے۔ اِن کے خاندان کے مورثِ اعلیٰ مالک بن یحییٰ عرب سے سندھ میں آئے تھے۔ خواجہ صاحب کے والد بزرگوار سکھوں کے عہد میں نواب صادق محمد خان اوّل کی دعوت پر بہاولپور آ گئے۔ اور دریائے سندھ کے مشرقی کنارے پر موضع چاچڑاں میں مقیم ہوئے۔ خواجہ صاحب کی ولادت اِسی قصبہ میں ہوئی جو بعد میں آپ کے یُمن و برکت کی وجہ سے چاچڑاں شریف کے نام سے یاد کیا جانے لگا خواجہ صاحب عربی، فارسی، اردو، ہندی اور مارواڑی زبانوں پر پورا پورا عبور رکھتے تھے۔ اور ظاہری اور باطنی علوم سے مالا مال تھے۔ آپ کی تصانیف میں آپ کا پنجابی دیوان بہت مشہور ہے جس میں تصوف کے حقائق کافیوں کی صورت میں درج ہیں۔ آپ کی وفات ۵۸ برس کی عمر میں بروز چہار شنبہ ۶ ربیع الثانی ۱۳۱۹ھ مطابق ۲۴ جولائی ۱۹۰۱ء بوقت نماز مغرب حرکتِ قلب بند ہو جانے کے سبب ہوئی۔

نمونہ کلام

اُڈ وسے کالگا کالیا توں چھڈ اساڈے پیر

توں تاں بیٹھا کر دائیں باتیاں ایڈے اَلّڑے زخم نہ چھیڑ

تبنوں کُٹ کُٹ کھوانی اں چوریاں توں تاں منگیں دعائیں ڈھیر

سند یدا ادہ دیتھہ رب کرسی چلسے وجنوں مدینے دی سیر

صفت خرید کرے کوئی ساکوں تے حال ڈیوے سجناں دا
چین وہاڑے ڈوے سجن سد ھائے دیندا ضعف جگر نوں کھاندا
مٹے سئے ہماں پٹیاں بنھ بنھ بیٹھاں تے زخم کھڑ مچلاندا
باہجوں پیر فرید ان یار دے ساڈی وعدن کوئی نہ لیندا

دل تیرا جے نال نہیں تیرے کا مہنوں پڑھیں نمازاں
پڑھیا علم تے عمل نہ کیتا کس کم تیریاں وعظاں
نہ گھر نہ گھر والا ڈٹھا، کِدھیاں دیں نیازاں
غلام فرید، پتہ نہ لگسی جدوں چڑی اُٹی ہتھ بازاں

اِن صوفی شعراء کے بعد سکھی عہد کے اُن شعراء کا ذکر کیا جاتا ہے جن کو پنجابی زبان میں خاص مقام حاصل ہے۔

عبدالحکیم مُلتانی :-

عبدالحکیم عباسی نے ۱۲۱۸ھ میں قصہ یوسف زلیخا پنجابی میں نظم کیا۔ یہ اُچ تحصیل احمد پور علاقہ بہاول پُور کے باشندے ہیں۔ یہ قصہ انہوں نے نواب بہاول پور کے نام سے معنون کیا۔ قصہ کی زبان ملتانی ہے۔ اپنے حالات یوں بیان کرتے ہیں۔

زمانے شاہ عالی شان عالی   شجاع الملک ذی الاحسان والی
وچ احمد پور بہادل خان والی   بہادل خان ذی احسان والی

اساں ایہہ قصہ عشقیہ بنایا — موافق فکر ناقص دے الایا
سنہ آیا سال باراں سے اٹھاراں — دہاڑے پین زیادہ دہ ہزاراں
بیں عباسی ذکر سے شیخ ہوں لار — اوجہاں وچ مصطفیٰ لائی میرے یار
اُجہاں وچ اصل نہیں میرا ٹکانہ — وچ احمد پور دے ہے مشہور ٹھانہ

حقیقت حال بی بی زلیخا

جد دل تتی لگائی رات کالی — وچھائی ہجر تے غم دی نہالی
خیال اُس یار دا خاطر لیا کے — سناوے روبرو حاضر بہا کے
تساڈے درد ماری سانگ کاری — سوا تیرے کرے ہن کون یاری
مینوں وچ خواب دے مکھڑا وکھاؤ — عزیز اسم اپنا مینوں بتاؤ
نشانی مصر دی مینوں دسائی — بھلاوے یاد کیتا اینو کہائی
جو مینوں دیس نہیں پردیس آندا — وساکے آپ اپنا دیس آندا

تسیں جاکے وڑے مڑ اپنے گھر
نہیں پچھدے جو کیا گذری ترے سر

حاتم علی:۔

ڈسکہ ضلع سیالکوٹ میں پیدا ہوئے۔ ڈسکہ میں پرورش پائی ۱۲۶۲ھ میں جنگ نامہ امام علی الحق سیالکوٹی تصنیف کیا جس میں کل ۴۲۵ اشعار ہیں۔ امام علی الحق کی شہادت ۵۷۵ھ میں ہوئی۔

میاں مصطفیٰ:۔ آپ ۱۱۷۵ھ میں چک قاضیاں ضلع گورداسپور

میں پیدا ہوئے۔ والد صاحب کا نام احمد تھا۔ آپ کے والد قاعنیاں چھوڑ کر کوٹلی لوہاراں ضلع سیالکوٹ میں آ بسے مصطفیٰ نے جنگ نامہ امام علی الحق ۱۲۳۸ھ میں نظم کیا جس کا ماخذ حاتم علی کا جنگ نامہ ہے۔ عبدالغفور قریشی آپ کی چند سی حرفیاں اور ابیات بھی بتاتے ہیں۔

قادر بخش وزیر آبادی :-

قادر بخش ولد مولوی غلام علی ولد حافظ محمد عابد وزیر آبادی جن کا ذکر گذشتہ اوراق میں ہو چکا ہے۔ اپنے وقت کے جیّد عالم تھے۔ خطابت اور کتابت پیشہ تھا۔ آپ نے پنجابی نظم میں کافی کتابیں لکھی ہیں لکھی ہیں جن کے قلمی نسخے بخطِ مصنّف ہمارے پاس موجود ہیں۔ اور اُن کی تفصیل حسبِ ذیل ہے۔

۱۔ قصہ قاضی چور۔ ۱۲۳۰ھ میں لکھا گیا۔ اس میں ۴۰۶۔ اشعار ہیں۔

۲۔ قصہ لیلیٰ مجنوں :۔ ۱۲۳۳ھ میں مکمل ہوا۔ اس میں ۴۶۴۔ ابیات ہیں۔

۳۔ قصہ چندر بدن مہیار :۔ ۱۲۳۳ھ میں مکمل ہوا۔ اس میں ۲۰۷۔ اشعار ہیں

۴۔ ریزہ نامہ :۔ اس میں مختلف کسب داروں کے حالات درج ہیں۔

۵۔ مسائل نادرات :۔ علم فرائض میں کتاب ہے۔ جو ۱۲۴۰ھ میں مکمل ہوئی۔ اس کے ۱۴۰۔ ابیات ہیں۔

۶۔ شرح قصیدہ غوثیہ :۔ اس کا سن تصنیف معلوم نہیں ہو سکا۔

۷۔ ان کے علاوہ چند دوہڑہ جات بھی پائے جاتے ہیں۔ فارسی میں آپ کی ایک مناجات حضرت ابوبکر صدیق رضؓ کی عربی مناجات پر تضمین ہے۔

احمد یار:-

حکیم احمد یار پنجابی کے اُن مقتدر شعرا میں شمار ہوتے ہیں جن کی تصانیف کثرت سے پائی جاتی ہیں۔ اور تمام کی تمام مقبول ہیں۔ حکیم احمد یار ۱۷۶۸ء میں پیدا ہوئے۔ آپ کے بزرگوار سوہدرہ متصل وزیر آباد کے رہنے والے تھے وہاں سے آپ کے دادا قلعہ اسلام گڑھ متصل جلال پور جٹاں ضلع گجرات میں آبسے! احمد یار اسی شہر میں پیدا ہوئے۔ ڈاکٹر موہن سنگھ دیوانہ لکھتے ہیں کہ اوائل عمر میں آپ کو ایک غیر مسلم لڑکی سے محبت ہو گئی۔ اِس سلسلہ میں آپ اپنا وطن چھوڑ کر مرالہ تحصیل پھالیہ میں آبسے۔ کہتے ہیں کہ ۱۸۴۷ء میں مہاراجہ گلاب سنگھ نے آپ کو لاہور بلایا اور سکھوں کی تاریخ لکھنے کے لئے کہا۔ احمد یار نے یہ تاریخ فارسی نظم میں لکھی اور اس کا نام شہنچی نامہ یا شہنشاہ نامہ رکھا جو حال ہی میں ہندوستان میں طبع ہوئی۔

پنجابی میں آپ کی بے شمار تصانیف بتائی جاتی ہیں۔ ڈاکٹر موہن سنگھ دیوانہ نے اُن کی تصانیف کی تعداد چالیس بتائی ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ اُن کی تصانیف چالیس سے کہیں زیادہ ہیں۔ خود کہتے ہیں۔ ؎

کسے اِک بنایا ہو دسی یا دو کسے رسالے — چالی برس ہوئے میں لکھدیں کاغذ کردیاں کالے

ان کتابوں کی فہرست حسب ذیل ہے:-

ہیر۔ قصہ چندر بدن۔ قصہ کامروپ۔ قصہ راج بی بی۔ سسی پنوں۔ لیلیٰ مجنوں۔ سوہنی مہینوال۔ حاتم نامہ۔ تفسیر سورۂ یوسف۔ طب احمد یار۔ قصہ تمیم انصاری۔ جنگ بدر۔ جنگ اُحد۔ جنگ خندق۔ تولد نامہ۔ وفات نامہ۔

ان کے علاوہ احمد یار اپنی تصانیف اِن الفاظ میں بیان کرتے ہیں ؎

باراں ماہی تے سی حرفی نہیں شمار انہاں دا

شرح قصیدے بُردے ——— ؟

شرح بہشتی غوثیہ دے نالے شرح امالی

ہور رسالے کجھ نہ پچھیں سے مذکور خیالی

سنے وفات تراں یاراں جنگ امام علیؓ دا

ویکھ شواہد قصّہ لکھیا حسن حسین ولی دا

جتنی گنتی اوکھ مصیبت ——— تمیم انصاری

قصہ ڈھونڈھ مصابیح وچوں لکھی حقیقت ساری

عمر اوائل وچ بنائی شرح دعا سریانی

——— ؟

کِسے اِک بنایا ہوسی یاد نہ کسے رسالے

چالی برس ہوئے میں لکھ دیاں کاغذ کر دیاں کالے

خواب نامے تے فالنامے بھی جوڑے کر تدبیراں

اسپ نامے پنجاہ جیہوں جیہوں کیتے حکم امیراں

ان کے علاوہ کسب نامہ مدد گراں، للاریاں، دھوبیاں، درزیاں کے قلمی نسخے ہمارے پاس موجود ہیں۔

احمد یار نے ۱۲۶۵ھ میں وفات پائی۔ میاں محمد بخش صاحب مصنف سیف الملوک آپ کے متعلق لکھتے ہیں۔ ؎

پھر ولایت شعر سخن دی احمد یار سنبھالی
دھونسا مار تخت تے بیٹھا مل پنجاب حوالی

تیغ زبان چلائی تکھی وچ پنجاب زمینے
سکہ ملک سخن دے اُتے جڑیوس نال آئینے

ایسی غالب بن کے چلی ضرب اوہدی وچ دھرتی
بہت حرفاں نے چھنکائی دھمالا نہ پرتی

پھر پھر ٹک ستے اُس موتی ملکاں اندر ونڈے
سوہنے صاف گھنیرے قطرے جل وانگوں چھنڈے

نمونہ کلام ۔ ہیر کا حسن

شوہا کرتہ لہراں مارے بجلی جویں شفق وچ
وہ مرغائیاں بحر حسن وچ تریاں غرق وچ

یا دہوے پھل اناری شبنم لال ورق وچ
یا دو فرنگی جنگلی خونی دردمنداں دے حق وچ

یا قطب تلے دکھن پربت آ گئے سیر زمینے
جوڑے ہوئے دو لعل بدخشاں اُبلے اُپر سینے

لک سجی چادر جیوں دسن نیلے دیاں چھاتاں
ساق بلوری دے لشکارے حسن دیاں ٹھاٹھاں

سنگی بچپن کرے کر دے کا رانجھا ایک جواناں
جھنگ سیالاں منگو چارت باربیلے بیاباناں
ہیر سیال کے ساتھ لگا نیوں عشق کیا دیواناں
بھول گئی سدھ بدھ دنیا کی ہو گیا پرم بہاناں
تم چوری کٹ توڑے جاوت اور رانجھا دودھ پلاناں
تم چھاتی ادہ مست بھناں جوبن حسن جواناں
اُس کو تم بن، تم کو اُس بن صبر قرار ذرہ ناں
بھواں کمانیاں، پلکاں کمانیاں دو نیہہ کی چلن نشاناں

جل بل جان اگن پر ہر پل ، دیپک پر پروانا ں
وہ مُرلی کی دُھنک سناوت، تم سنگو سنگ گاناں
بابل تُمرے کاج رچایا، ئیں اُس کے من بھاناں
وہ گاوت وہ اُو پر لاوت جب باندھا ہتھ گاناں

احمد یار ثانی :-

احمد یار کی تصنیفات کا ذکر تفصیل سے ہو چکا ہے۔ ہمارے کتاب خانہ میں ایک ضخیم کتاب "داستان امیر حمزہؒ" پنجابی نظم میں موجود ہے مصنّف نے اپنا نام احمد یار بتایا ہے۔ سن تصنیف درج نہیں۔ کتاب میں جو کوائف انہوں نے درج کیے ہیں وہ احمد یار اوّل سے مختلف ہیں۔ لہٰذا اس کو احمد یار ثانی کہتے ہیں۔

قادر یار :-

ماچھی کے ضلع شیخوپورہ کے رہنے والے تھے۔ ہاشم شاہ کی طرح ان کے حالاتِ زندگی متضاد روایات پر مبنی ہیں۔ بہر حال آپ سدھو ذات کے زمیندار تھے۔ یہ قوم اب بھی جھنگ، شیخوپورہ اور گوجرانوالہ کے دیہات میں آباد ہے قادر یار کی پیدائش یا وفات کی تاریخ تعین کرنا مشکل ہے۔ بہرحال قرینِ قیاس یہ ہے کہ اس کی وفات تقریباً ایک سو ڈیڑھ سال پہلے ہوئی۔ کیونکہ اُن کی آخری تصنیف معراجنامہ ۱۲۵۷ھ میں معرضِ وجود میں آئی۔ قادر یار کی تصانیف معراجنامہ سوہنی مہینوال پُورن بھگت۔ وار ہری سنگھ نلوہ اور راجہ رسالو بہت ہی مشہور ہیں۔

نمونہ کلام

ذ۔ ذرا نہ رہی تن وِچ طاقت رانی گاوندی غماں دے گیت لوکو
میں بھُلی آں تُسیں نہ ہوے کوئی، لائیو جوگیاں نال پریت لوکو
جنگل گئے نہ ملدے نہیں مُندراں نوں جوگی نہیں جو کسے دے میت لوکو
قادر یار پچھے کیہڑا دُکھ میرا، اوس وقت ہویا ہتھ چیت لوکو

س۔ رنگ محل تے چڑھی رانی رو رو آکھدی پُورنا لُٹ گیوں
باغ شوق دے پکّ تیار ہوئے نیہوں نہہ لاکے پورنا سٹ گیوں
گھڑی بیٹھ نہ کیتیاں رجّ گلاں جھبّ کٹی پریت لگا کے اُٹھ گیوں
قادر یار میاں سسّی وانگ مینوں تھلاں وچ کرلاوندی سُٹ گیوں

(ہری سنگھ نلوہ کا زخمی ہونا)

س۔ سینے سردار دے زخم لگا کنب گیا سُو جیرا سدیر سارا
گھر بار پُترّ دھیاں یاد آئے، لگا سل وچھوڑے دا تیر بھارا
لکّ بنھ کے گھوڑے تے جیش دِتی، اجے چل پیا سُو جدوں نیر سارا
قادر یار جا قلعے بٹھایو نے، سُن کے بے ہتھ ہو گیا دلگیر سارا

ش۔ شب پہنچے خدمت گار سارے جا کے ویکھ سردار دا دل جاندا
خدمت گاراں نوں پاس بٹھا لیا سُو، ویڑے بیتّ دا دکھ وڈھا جاندا
کوئی لیا دے گنگو منسا دے یعقوب ایہناں ساہاں دا کیہہ وساہ جاندا
قادر یار نہ موئے دا ناں لینا، اساں دوست محمداں لُٹ پاندا

فضل شاہ:-

سید فضل شاہ ۱۲۴۲ھ مطابق ۱۸۲۷ء بمقام نواں کوٹ لاہور میں پیدا ہوئے۔
آپ کا شجرہ نسب امام علی نقی سے ملتا ہے۔ فضل شاہ کے دادا باہر سے نواں کوٹ میں آکر بسے۔ مغلیہ عہد میں اُن کو بہت سی زرعی جائداد بھی بطور جاگیر کے ملی ہوئی تھی۔ آپ عربی، فارسی کے اچھے ماہر تھے۔ اور حضرت غلام محی الدین قصوری سے بیعت تھے۔ آپ اٹھارہ سال کی عمر میں فنانشل کمشنر کے دفتر میں ملازم ہوئے۔ اور تمام عمر اسی عہدہ پر گذاری۔ آپ کی تصانیف سوہنی مہینوال ۱۲۶۵ھ سسی پنوں ۱۳۰۲ھ لیلیٰ مجنوں ۱۲۸۰ھ۔ قصہ یوسف زلیخا ۱۳۰۲ھ۔ قصہ ہیر رانجھا ۱۲۹۰ھ سی حرفی ۱۲۷۰ھ اور اخلاقی اشعار کا مجموعہ بنام تحفہ فضلی ۱۲۶۰ھ میں تیار ہوا۔
فضل شاہ نے ۱۳۰۷ھ مطابق ۱۸۹۰ء میں وفات پائی۔ آپ کے کلام میں صنعت تجنیس کا التزام کافی پایا جاتا ہے۔

ہیر کا حُسن و جمال

بعضے کہن پستان دو ماہیاں سن، زلفاں کنڈیاں مثر شکار پیارے
بعضے کہن دو گیند رُخسار آہے ابر دچونڈیاں ٹُرے دونویں مار پیارے
گردن کُونج گوبندی وچ سیاں، ہیر ڈا رکونجاں سردار پیارے
اکھیں خواب گوایا عاشقاں دا، نیم خواب دونویں نرگس ار پیارے
بھواں قوس کمان کہان آہے مژگاں تیر سینے جہ یار پیارے
بعضے قوس قزح ابرو دہین نسبت، بعضے آکھدے رغبار پیارے

بس بس میاں متّبں وس ناہیں، عشق جان دا نہیں نکھیڑیاں نوں
متاں سب نصیحیاں گھول پیواں کاہنوں چھیڑیائی انہاں چھیڑیاں نوں
ہن گل مقصود دی آکھ مُونہوں چھڈ ساریاں جھگڑیاں جھیڑیاں نوں
فضل منگ دعا خدا کولوں، جیہڑا پار لائے لکھاں بیڑیاں نوں

سسّی پنوں سے

بنوں ساتھ لدّی بن ماہوں ٹُرجاں بلیاں تاں بھی بلیاں
مِٹھی جان مُٹھّی وِچ گلیاں، ہوتاں مٹھیاں گلیاں سُن من گلیاں
پاس مروڑاں پاس نہ پیار لنوالں کھیاں بلیاں وداں بلیّاں
فضل بنوں کرداناں کھڑیا، ٹھٹھ چرخہ ٹھٹھ بھلیّاں ہائے میں بھلیاں

سی حرفی سے

الف. الہٰی میل ماہی نوں ہیجڑی نے تلیاں بھیاٹن بلیاں
ہک ماہی نوں سے گل لاون ہک اُٹھ ڈھونڈن گلیاں اُس غم گلیاں
میں نہ بھلّیاں ماہی تیجھے، بھلیاں بھلیاں بھلیّاں
ہک ترڑفن فضل بیلے با ہجوں جیوں بن پانی ملیاں دراں بلیاں

مولوی غلام رسول صاحب:۔ پیدائش ۱۲۳۰ھ، وفات ۱۲۹۱ھ
آپ بمقام قلعہ میہاں سنگھ ضلع گوجرانوالہ مولوی رحیم بخش کے ہاں پیدا ہوئے۔

ان کے دادا نظام الدین خادم کا انشائے خادمی مشہور رہے۔ مولوی غلام رسول صاحب نے مولوی غلام محی الدین بگوی اور مولوی احمد دین صاحب بگوی سے علم حاصل کیا۔ پنجابی زبان میں آپ کا قصہ سسی پنوں مشہور رہے جو کہ ۱۲۶۴ھ میں تصنیف ہوا۔ اس کے علاوہ حلیہ شریف۔ سی حرفی۔ اشتیاق نامہ۔ پکی روٹی آپ کی مشہور تصانیف ہیں جو کہ تمام کی تمام مقبول ہیں۔ آپ کا یہ شعر پنجابی زبان میں لاجواب ہے ؎

بلو چاچا لماں سُن دین میرے   کجاد ا یار دا کر نین میرے

سی حرفی میں دنیا کی بے ثباتی کا نقشہ اِن سے بڑھ کر کسی نے نہیں کھینچا ؎

ذ۔ ذکر کریں ایتھوں چلنا ایں مال چھوڑ کے محل حویلیاں دے
بنت نرنجناں دِچ نہ کتنا ایں، نہیں بیٹھنا سنگ سہیلیاں دے
مونہاں سوہنیاں ستے مٹی یاد نہیں گئے تھڑے ہون کے پھل چنبیلیاں دے
اللہ پاک دے نال پریت لائیں، کوڑے سنگ غلام سہیلیاں دے

جان محمد :۔

آپ بگو والہ ضلع سیالکوٹ کے باشندے تھے۔ دریائے چناب کی تباہ کاریوں کے سبب بگو والہ چھوڑ کر منگووال ضلع گجرات میں آ بسے۔ آپ عربی فارسی کے بھی اچھے شاعر تھے اور راقم (احمد حسین احمد) کے قبلہ والد بزرگوار کے نانا تھے۔ پنجابی میں آپ کی ایک وار مشہور رہے جو "نادر شاہ دی وار" کی طرز پر لکھی گئی ہے اور ایک مقامی جراح کے فنِ جراحی کی تضحیک ہے۔

شاہ محمد:-

شاہ محمد وڈالہ ورک ضلع امرت سر میں ۱۷۸۰ء میں پیدا ہوئے۔ آپ قریشی خاندان سے متعلق تھے۔ ان کے بزرگوار مسلمان بادشاہوں کے وقت قاضی اور کارداری کے عہدوں پر فائز تھے۔ شاہ محمدؒ کی مہاراجہ شیر سنگھ کے میر منشی میاں دین محمد سے اچھی ملاقات تھی۔ آپ نے سکھوں اور انگریزوں کی لڑائیاں بینتوں میں لکھی ہیں۔ ایک قصہ سسی پنوں بھی ان کی یادگار ہے۔ آپ کی وفات ۱۸۶۲ء میں ہوئی۔

نمونہ کلام

(رانی جند کوراں کا خفی ارادہ بیان کرتے ہیں)

جہناں ماریا کوہ کے ڈیرہ میرا، میں تے کراں گی اوہناں دیاں جنڈیاں نی
دھماں سب ولائتیں پین جا کے پاواں بکرے شیر انگ ٹنڈیاں نی
چوڑے بہن گے کئی سہاگناں دے نتھ لونگ تے والیاں ڈنڈیاں نی
شاہ محمدا پین گے وین ڈھیکے جدوں ہون پنجاباں رنڈیاں نی

ان قابل شعرا کے علاوہ کچھ غیر معروف شعرا کا سلسلہ بھی اس جگہ درج کیا جاتا ہے جو اس دور میں ہوئے ہیں۔

سید کرم علی شاہ:-

سکھوں کے عہد میں پیدا ہوئے اور انگریزی عہد میں وفات پائی۔ آپ پیر حسین ساکن کوٹلہ کے مرید تھے۔ مجموعہ خیال آپ کی تصنیف ہے جس میں اسی کافیاں سترہ غزلیں اور بارہ لوریاں ہیں۔ کلام صوفیانہ ہے۔

الٰہی بخش :۔

جناب خواجہ سلیمان تونسوی کے مرید تھے۔ آپ کے نور نامہ کا قلمی نسخہ پنجاب یونیورسٹی کی لائبریری میں موجود ہے۔ نالۂ فراق آپ کی ایک مشہور نظم ہے جس کا مطلع ہے ؎

موڑ مہاراں آ کر باراں چیت بہاراں آیاں نی
یار یاراں وَل یاد ن بھیجے نیں کیوں دیراں لائیاں نی

میاں نوروز :۔

میاں محمد بخش نوروز مبارک پور ریاست بہاول پور کے باشندے تھے۔ کافیاں اور ڈیوڑھے آپ کی یادگار ہیں۔ کلام میں صوفیانہ رنگ نمایاں ہے ایک دیوان آپ کی تصنیف بتایا جاتا ہے۔

میاں بخش :۔

ملتان کے مشہور شاعروں میں سے تھے۔ ان کی یادگار بھی کافیاں ہیں۔ کلام میں صوفیانہ جھلک ہے۔

پیر بخش :۔

سکھوں کے عہد کے مشہور شاعر ہیں۔ سی حرفیاں خوب لکھی ہیں جن میں سے سی حرفی فرید شکر گنج خاص طور پہ مشہور رہے۔ ع

جنہاں محنتاں کیتیاں پیر بخشا گھریں اونہاں دے پیریاں میریاں نی

مولوی نور محمد :۔

دوبرجی تحصیل قصور ضلع لاہور کے رہنے والے تھے۔ اپنے وقت کے

جیّد عالم تھے۔ آپ نے ۱۲۱۵ھ میں ایک قصہ چندر بدن مہیار لکھا۔

لطف اللہ بہاول پوری :۔ آپ ملتان میں پیدا ہوئے۔ بہاول پور میں رہائش اختیار کی۔ آپ مولوی عبدالحکیم ملتانی کے دوست، سید علی حیدر ملتانی کے مرید اور مولوی نور محمدؒ صاحب کے شاگرد تھے۔

بردا پشاوری :۔

۱۸۴۴ء میں پشاور میں پیدا ہوئے۔ آپ کی سی حرفی مشہور رہی۔ اس کا یہ بند تو بچے بچے کی زبان پر ہے۔

ب۔ بُری یار و مرض عشق دالی، دارو لگدے نہیں طبیب والے
شاہو کاراں دے سخن منظور ہوندے نہیں سخن منظور غریب والے
کم کڈھ لیندے نال عاجزی دے ساچُپ لیندے مٹھی جیب والے
بردا آسیاں درختاں دی کرے راکھی، میوہ پکے تے کھان نصیب والے

ہاشم شاہ مخلص :۔

شاہ محمدؒ کے لڑکے تھے۔ ۱۸۳۰ء میں پیدا ہوئے اور ۱۸۸۵ء میں وفات پائی۔ قصہ سسی پنوں آپ کی یادگار ہے۔

پیر محمد :۔

ضلع گجرات کے کسی گاؤں کے رہنے والے تھے۔ "چٹھیاں دی وار" ان کی مشہور وار ہے جس کو قاضی فضل حق صاحب سابق پروفیسر گورنمنٹ کالج لاہور نے مرتب کر کے شائع کیا۔

کریم بخش :-

اِن کے حالات مہیا نہیں ہو سکے۔ صرف یہی کہ قصہ عجائب الغرائب عشقیہ داستان بانی کا مصنف ہے۔ قلمی نسخہ کی کہنگی سے سکھی عہد کا قیاس کیا جاتا ہے۔

میاں محمدؐ :-

سکھی عہد کے ایک غیر معروف شاعر ہیں۔ ایک سی حرفی اِن کی یادگار ہے جس کا قلمی نسخہ ہمارے پاس ہے۔

محمد بخش بافندہ :-

موضع دآن کا رہنے والا تھا۔ سکھی دور کا شاعر معلوم ہوتا ہے۔ ایک سی حرفی اس کی یادگار ہے۔

جعفر بیگ :-

آپ نے ایک سی حرفی سردار رنجیت سنگھ کی مدح میں لکھی۔ نیز معجزہ امامین اِن کا لکھا ہؤا ملتا ہے۔

مُوسیٰ :-

بارھویں صدی ہجری کا شاعر ہے۔ مدح پیراں پیر اِن کی لکھی ہوئی ملتی ہے۔

سیّد جیون شاہ :-

گوجرانوالے کے باشندے ہیں۔ "جھوک میرے اللہ والی ہوگئی منظور وے" اِن کی مشہور تصنیف ہے۔

خیر محمدؐ :-

سی حرفی سوہنی مہینوال آپ نے لکھی جس کا ایک قلمی نسخہ ڈاکٹر وحید قریشی صاحب

ایم۔اے، پی، ایچ، ڈی پروفیسر اسلامیہ کالج لاہور کی لائبریری میں موجود ہے۔

نور جمال :۔

اِن کے دو ہڑہ جات کا ایک قلمی نسخہ ہمارے پاس ہے۔

اشرف :۔

سکھی عہد کے شاعروں میں سے ہیں۔ فارسی کے جیّد عالم تھے۔ پنجابی میں سی حرفی نوشاہ لکھی ہوئی ملتی ہے۔

محمد حسین :۔

سکھی عہد کے شاعر ہیں۔ دریائے چناب کے کنارے موضع گاجر گولہ علاقہ رسول نگر کے رہنے والے تھے۔ اِن کی سی حرفی ہیر سوالاً جواباً کا قلمی نسخہ ہمارے پاس ہے۔ نیز آپ نے سسّی پنوں کا قصّہ فارسی نظم میں لکھا ہے جو وقائع پنوں کے نام سے مشہور ہے اور شائع ہو چکا ہے۔ وقائع پنوّں کا پہلا حصّہ چوہدری شہباز خاں ساکن بدوملہی کا لکھا ہوا ہے۔

سائیں داس :۔

آپ نے سکھوں کے آخری عہد میں فروغ پایا۔ ماجھا کے علاقہ کے معلوم ہوتے ہیں۔ بعض دفعہ لہندی کے الفاظ استعمال کرتے ہیں۔ اِن کی زبان صاف اور سادہ ہے اور کلام میں سوز و گداز۔

ٹہک :۔

سکھوں کے عہد کے معروف شاعر ہیں جنہوں نے شاہ محمد کی طرح انگریزوں اور سکھوں کی لڑائیوں کے حالات لکھے ہیں۔ اِن کا زیادہ تر کلام مستزاد کی صورت

میں ملتا ہے۔

گوپال سنگھ:۔

ان کی سی حرفیاں، ماجھاں اور باراں ماہ کے قلمی نسخے پنجاب یونیورسٹی میں موجود ہیں۔

نہالا شاعر:۔

یہ معلوم نہیں ہو سکا کہ آپ کہاں اور کب پیدا ہوئے۔ ان کی دو طویل نظمیں "سخی سرور دی جتی" اور "سخی سرور دا دیاہ" ملتی ہیں۔ قرائن سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ سکھی عہد کے شاعر ہیں۔

ان کے علاوہ میاں جان محمد۔ مولوی محمد مسلم۔ گھامی رام۔ مضو پشاوری۔ اروڑہ رائے۔ ماہی کمبو۔ نور احمد چشتی۔ میرداد۔ بخش فقیر۔ مولوی جان محمد۔ مولوی خلدی۔ سید میراں شاہ۔ اور میرن شاہ بھی اسی دور کے شاعر ہیں۔

مولوی محمد علی ساکن سمو وال ضلع جہلم نے ۱۲۵۰ھ میں قرابادین پنجابی ایک کالو نامی پٹھان کے کہنے پر لکھی جس سے اس دور کی فنی شاعری کا اندازہ ہوتا ہے۔

انگریزی عہد

۱۸۴۹ء تا ۱۹۴۷ء

انگریزوں نے ۱۸۴۹ء میں پنجاب پر مکمل طور پر قبضہ کر لیا۔ اِس وقت ہند و پاکستان کی دفتری زبان فارسی تھی۔ انگریزوں کا تسلط ہوتے ہی انہوں نے دفتری زبان انگریزی قرار دی۔ پنجابی ادب کے فروغ کے لئے انگریزوں کا یہ عہد پنجابی ادب کا سنہری زمانہ کہلاتا ہے۔ ملک میں افرا تفری کے بعد جب امن امان ہوا تو ۱۸۵۰ء میں پریس ایجاد ہوا جس سے بہت سی علمی اور ادبی کتابیں شائع ہونے لگیں۔ ۱۸۸۲ء میں پنجاب یونیورسٹی کی بنیاد رکھی گئی جس سے علم و ادب کو اور بھی چار چاند لگے۔ اگرچہ انگریزوں کا مقصد اِن اصلاحات و ایجادات سے ہند و پاکستانی علم ثقافت کا احیاء نہ تھا بلکہ ان کا یہ تعلیمی چرچا محض معمولی کلرک تیار کرنا تھا جو کہ ان کو سستے داموں حکومت

چلانے میں کام دے سکیں۔ پھر بھی جا بجا اس معمولی نزشت وخواند سے بھی اس سرزمین میں علمی لحاظ سے کافی ترقی ہوئی۔ پریس کی ایجاد نے کتابوں کی فراوانی مہیا کی جس نے راہوار شوق پر تازیانے کا کام دیا اور یہ سلسلہ بڑھتے بڑھتے اخبار ورسائل کے اجرا تک پہنچا۔ جس میں چند پنجابی اخبار اور رسائل بھی نظر آتے ہیں۔ امرت سر کا اخبار ہند وپرکاش، خالصہ اخبار، خالصہ گزٹ، گورمکھی رسم الخط میں شائع ہوئے۔ اردو رسم الخط میں پہلا اخبار امرپتر کا، لالہ امرناتھ منصف نے ۱۸۹۶ء میں جالندھر سے جاری کیا۔ لالہ بانکے دیال نے گوجرانوالہ سے بزم سخن جاری کیا۔ خالصہ ینگ میگزین امرتسر، سارنگ، اور جوشوا فضل دین کا پنجابی دربار اس سلسلہ میں خصوصیت سے قابل ذکر ہیں۔

ان کے علاوہ سکھی راج کے زوال کے بعد جب انگریزوں کے قدم ہندوستان میں جم گئے تو عیسائی مشنریوں نے لدھیانہ، لاہور، نارووال، سیالکوٹ اور ترنتارن سنٹر بنائے اور عیسائی مذہب کی تبلیغ کا کام شروع کیا۔ اس سلسلہ میں انگریزوں نے پنجابی زبان کا سہارا لیا اور پنجابی زبان کی گرامریں، ڈکشنریاں معرض وجود میں آئیں۔ مذہبی کتابوں کے تراجم شائع ہونے لگے۔ پریس میں پنجابی زبان کی کتابیں شائع ہونے لگیں جس سے عیسائی مذہب کا کافی ذخیرہ پنجابی زبان میں منتقل ہو گیا۔

پھر اس دور میں اردو کے ساتھ ساتھ پنجابی محفلیں قائم ہوئیں جن کے زیر اثر پنجابی مشاعرے ہونے لگے اور اردو کے نئے اسلوب کے ساتھ پنجابی میں بھی نظمیں لکھی جانے لگیں جن کے اہم مراکز لاہور، امرتسر، گوجرانوالہ، سیالکوٹ

اور گجرات تھے۔ لاہور اور گجرات کا پنجابی خطہ خصوصیت سے قابلِ ذکر ہے۔ جہاں کے اکابر شعرا کا ذکر آپ آئندہ اوراق میں دیکھیں گے۔ اِن مشاعروں میں عمدہ عمدہ نظمیں ایک دوسرے کے جواب میں لکھی جاتیں اور ایک دوسرے پر خوب چوٹیں ہوتیں۔ یہ پہلا موقع تھا کہ پنجابی شاعری ایک خاص تنظیم سے ترقی کی راہ پر گامزن ہوئی اور بعض مقتدر ہستیوں کے زیرِ اثر بعض باقاعدہ پروگرام اِس موضوع کے ارتقا کے لیئے تردیج ہوئے۔

اِن واقعات کے پیشِ نظر انگریزی عہد میں پنجابی ادب نے وہ شاندار ترقی حاصل کی جس کی مثال کسی اور دَور میں نظر نہیں آتی۔

رسم الخط کے لحاظ سے پنجابی کے وہی دو مروّج رسم الخط گورمکھی اور فارسی رائج رہے سکولوں اور کالجوں میں پنجابی دوسری زبانوں کے ساتھ پڑھائی جانے لگی اور کالجوں میں گورمکھی رسم الخط کو ترویج دی جانے لگی۔ البتہ مذہبیات کا سلسلہ حسبِ سابق فارسی رسم الخط میں رہا۔

موضوع کے لحاظ سے اِس دَور میں مذہبیات کا ایک طویل سلسلہ ہے جو اِس دَور میں پنجابی میں منتقل ہوا۔ قرآن پاک کی متعدد تفاسیر پنجابی نظم میں لکھی گئیں جن میں سے تفسیر محمدی۔ تفسیر نعمانی۔ تفسیر نبوی۔ تفسیر فیروزی خصوصیت سے قابلِ ذکر ہیں۔ جستہ جستہ آیات اور سورتوں کی تفاسیر کا سلسلہ علٰحدہ ہے پھر فقہی مسائل، اسلامی قصص کے لیئے مولوی نجم الدین فائز۔ مولوی محمد عبدالکریم قلعہ داری۔ مولوی محمد عالم قلعہ داری اور مولوی حیات محمد صاحب واعظ، اِس دَور کی نمایاں شخصیتیں ہیں۔

حکیم سائیں بخش اور مولوی محمد دین جنڈیالوی نے علی الترتیب تشریح الطب اور طب کی مشہور کتاب قانونچہ کا پنجابی نظم میں ترجمہ کیا۔

رومانی شاعری میں اس دور کا اہم موضوع چو مصرعے ہی تھے۔ اور مشاعروں میں چو مصرعہ بازی سے کام لیا جاتا۔ اس لیئے چو مصرعوں کا سلسلہ اس دور میں نہایت وسیع ہے۔ تقریباً تمام کے تمام شعرا ر باستثنائے بعض چو مصرعے ہی لکھتے۔ رفیق میرٹھی۔ عشق لہر۔ اروڑ رائے۔ حافظ بخشی اور استاد کرم اس موضوع کی بلند پایہ شخصیتیں ہیں۔

اگرچہ اس دور میں غزل کا احیار بھی ہو چکا تھا۔ قربان، استاد گاموں خاں اور منشی مولا بخش کشتہ نے اچھی سے اچھی غزلیں لکھیں۔ لیکن وہ سب کی سب تنوّع سے عاری تھیں۔

قصص نگاری بھی اس دور میں اچھی خاصی ہوئی۔ سید فضل شاہ نے ہیر سوہنی مہینوال وغیرہ اعلیٰ پایہ کی کتابیں لکھیں۔ مولوی غلام رسول صاحب عالم پوری کی شہرۂ آفاق تصنیف احسن القصص اور میاں محمد بخش صاحب کا سیف الملوک، عبدالستار کی قصص المحسنین اسی زمانہ کی زندۂ جاوید یادگاریں ہیں۔

ان پرانے موضوعات کے علاوہ نعت اور طویل نظمیں بھی اس دور میں خالی خالی نظر آتی ہیں جن کے لیئے خانصاحب بابو عبدالغنی وفا کا نام سرِ فہرست ہے۔ اس کے علاوہ اس دور کی مفصل تفصیل آپ آئندہ اوراق میں دیکھیں گے۔

اس طول وطویل دور کی ترتیب کے لیئے شعرار کا سلسلہ ضلع وار مرتب کیا گیا ہے تاکہ اہم مراکز میں ان کی شخصیتیں اسی حال میں نظر آئیں جس طرح کہ

یہ سلسلہ جاری تھا۔ اس کے لیئے لاہور، امرت سر، گوجرانوالہ، گجرات، سیالکوٹ، جہلم، راولپنڈی۔ لائل پور، گورداسپور اور ملتان کے ہندو مسلم شعرا کا علیٰحدہ علیحدہ ذکر کیا گیا ہے۔ اور بعض متفرق جگہوں کے معروف شعرا درج کر دیئے ہیں۔ اور دیگر غیر معروف احباب کا ذکر بخوفِ طوالت حذف کر دیا گیا ہے۔ اس دور کے مذہبی اور شرعی ادب کا جائزہ ملاحظہ ہو۔

پنجابی شاعری میں شرعیات کا ارتقا بعہد انگلیسی

۱۔ حافظ محمد لکھوی :۔

لکھو کی ضلع فیروزپور میں ۱۲۰۲ھ میں پیدا ہوئے۔ اپنے وقت کے بڑے جیّد عالم اور شاعر تھے۔ انواع مولوی بارک اللہ۔ انواع محمدی۔ تفسیر محمدی۔ احوال الآخرت۔ زینتِ اسلام۔ لی بدالاسلام۔ سیف السنّتہ ان کی تصنیفات ہیں۔ آپ نے ۱۳۱۲ھ مطابق ۱۸۹۲ء میں وفات پائی۔

۲۔ نبی بخش حلوائی :۔

مولوی محمد لکھوی کی تفسیر محمدی کے جواب میں پنجابی نظم میں تفسیر نبوی لکھی جس میں نجدیہ عقائد کی تردید ہے۔

۳۔ خدا بخش واعظ :۔

محمد لکھوی کی طرف سے نبی بخش حلوائی کی تردید میں ایک رسالہ تحفہ واعظ ان کی یادگار ہے۔

۴۔ مولوی حبیب اللہ :۔

موضع شیخ گھٹی۔ ڈاکخانہ اجنالہ ضلع امرتسر۔ ۱۳۳۱ھ مطابق ۱۹۱۳ء میں قرآن مجید کی پنجابی نظم میں تفسیر لکھی جس کا نام حبیب التفسیر یا تفسیر نعمانی رکھا۔

۵۔ فیروزالدین ڈسکوی :۔

انہوں نے بھی قرآن پاک کی تفسیر پنجابی نظم میں لکھی ہے جو شائع ہو چکی ہے

۶۔ میاں جان :۔

مولوی دین محمد المتخلص بہ میاں جان موضع بائیا ضلع امرتسر کے رہنے والے تھے۔ انہوں نے قرآن پاک کے تیسویں پارے عَمَّ یَتَسَاءَلُوْنَ کی تفسیر پنجابی نظم میں لکھی ہے۔ بحر انو کھی ہے اور زبان واضح۔

۷۔ مولوی نور محمد :۔

مولوی نور محمد والد مولوی محمد علیمی نے ۱۳۰۰ھ میں "راحت المومنین" کے نام سے تفسیر سورۂ ملک پنجابی میں لکھی ہے اور اس کے علاوہ ایک رسالہ ذکرِ موت ان کی یادگار ہے۔

۸۔ غلام کبریا فتح آبادی :۔

آپ نے رسالہ کوثر۔ تفسیر سورۂ رحمان پنجابی زبان میں لکھی ہے۔

۹۔ ظہورالدین اکمل :۔

گوبیگے ضلع گجرات کے رہنے والے تھے۔ پندِ اکمل۔ قصہ سلیمان بلقیس۔ انقلابِ فطرت۔ شرح کافیہ ان کی تصانیف ہیں۔ ۱۳۲۰ھ مطابق ۱۹۰۲ء سورہ الرحمٰن کا پنجابی نظم میں ترجمہ کیا جس کا نام فیض الرحمٰن ہے۔

۱۰۔ مولوی محبوب عالم :۔

آپ مولوی محمد یار کے فرزند تھے۔ دادا کا نام غلام محمد الحکیم تھا۔ صاحب تصانیف کثیرہ ہیں جن کا ذکر خود اپنی ایک تصنیف ستر المومنات میں کرتے ہیں ستر المومنات مجموعہ الفرائض (فارسی نظم) قصائد محبوبیہ (فارسی نظم) نان سکوی بجواب نان حلوی۔ فوائد بسم اللہ۔ تہذیب الصلوٰۃ۔ شرح خلاصہ کیدانی پنجابی نظم۔ ترتیب الصلوٰۃ (پنجابی) شرح قصیدہ مالی (پنجابی نظم) ہدایت نامہ و عقد نامہ (پنجابی نثر) آداب الفقراء (پنجابی نظم) میں ہیں۔

۱۱۔ مولوی حیات محمد صاحب واعظ

۱۸۴۳ء میں بمقام بھدرہ ضلع گوجرانوالہ میں پیدا ہوئے۔ موضع بھوئیں پور۔ ضلع شیخوپورہ میں ان کی وفات ۱۹۲۳ء میں ہوئی۔ ردّوہابیاں۔ احوال الآخرت۔ نجات المومنین ان کی مطبوعہ کتابیں ملتی ہیں۔ تفسیر قرآن حکیم لکھ رہے تھے اور ناویں سیپارے تک پہنچے کہ ملک الموت نے آ دبایا۔ ان کے بھتیجے مولوی محمد علی صاحب فائق نے قرآن پاک کا مکمل ترجمہ پنجابی نظم میں کیا ہے جو کہ نہایت مقبول ہے۔ ع

ہر کہ پدر نکند پسر تمام کند

۱۲۔ نجم الدین فائز :۔

شادی وال ضلع گجرات کے مشہور عالم علامہ سید احمد صاحب کے لڑکے تھے۔ علامہ سید احمد صاحب قلعدار ضلع گجرات کے مشہور اہلِ علم خاندان سے تھے۔ نجم الدین فائز ۱۲۶۹ھ میں پیدا ہوئے اور ۱۳۳۲ھ مطابق ۱۹۱۴ء کو وفات پائی۔ آپ کی عربی فارسی پنجابی میں بے شمار تصانیف ملتی ہیں جو سب کی سب

مقبول اور اعلیٰ پایہ کی ہیں۔ جن کے اسامی یہاں درج کیے جاتے ہیں۔ دیوانِ فائز۔ خطبات فائز۔ رسالہ جمعہ۔ جامع القواعد۔ قافیہ و شرح قافیہ (فارسی نظم) شجرہ طیبہ بنائے خمسہ (فارسی نظم) مصباح الفرائض (فارسی نظم) فرائض الاسلام (فارسی نظم) حیات المسیح۔ (عربی نثر)

پنجابی میں کتاب المناقبات آپ کی یادگار ہے جس میں مسبوط کتابیں درج ہیں۔ وہ یہ ہیں۔ شرح اسمار الحسنیٰ۔ شمائل نبویؐ۔ مناقب حضرت ابوبکر صدیقؓ۔ مناقب عمر فاروقؓ۔ مناقب حضرت عثمان غنیؓ۔ مناقب حضرت علی المرتضیٰ۔ مناقب اہل بیت رضوان اللہ علیہم اجمعین۔

۱۴۲۔ محمد عبدالکریم قریشی :۔

قلعدار ضلع گجرات کے مشہور اہل علم خاندان سے تھے۔ والد کا نام مولوی فضل احمد دادا کا نام حافظ خان محمد۔ ۱۷ فروری ۱۸۵۸ء کو پیدا ہوئے۔ فارسی عربی اور علوم اسلامیہ کے مستند عالم تھے۔ آپ بھی صاحب تصانیف کثیرہ ہیں اور وہ سب کی سب مقبول اور اعلیٰ پایہ کی ہیں۔ دیوان کریم (عربی۔ فارسی) تفسیر سورہ فاتحہ (عربی) نحو ی المبینات فی مسائل الاموات (فارسی) تاج المومنین (عربی) خیر الخبر۔ مسائل سنت الفجر (عربی) رسالہ متعلق طلاق (فارسی)

پنجابی نظم میں آپ نے روح المیلاد فی ذکر المیلاد لکھی جو بہت مشہور رہے۔ واعظ لوگ جلسہ ہائے میلاد النبیؐ میں اکثر سناتے ہیں۔ صلح نامہ حدیبیہ و تاریخ فتح مکہ پنجابی نظم میں اس موضوع پر مسبوط کتابیں ہیں۔ آپ نے ۱۹ ستمبر ۱۹۰۷ء میں وفات پائی۔

۱۴۔ مولوی محمد عالم قلعداری :۔

۱۲۹۳ھ میں بمقام قلعدار پیدا ہوئے۔ مولوی محمد عبدالکریم کے حقیقی چھوٹے بھائی تھے اور اپنے وقت کے متبحر عالم تھے۔ دیوانِ عالم (عربی۔ فارسی) مجموعہ فتاویٰ۔ رسالہ نکاح رسالہ حریم اکبیر کے علاوہ پنجابی نظم میں تفسیر سورہ اخلاص تفسیر سورۂ فیل تفسیر سورہ کہف تفسیر سورۂ والضحیٰ تفسیر سورہ کوثر۔ اسلام امیر حمزہؓ۔ اسلام اہلِ طائف۔ قصۂ حضرت عمرؓ۔ داغ غم۔ ان کی مشہور و مقبول تصانیف ہیں۔ آپ نے ۷ار فروری ۱۹۵۵ء میں وفات پائی۔

۱۵۔ مولوی نورالحسن خادم :۔

نوشہرہ خوجیاں۔ ضلع گجرات کے رہنے والے تھے۔ ۱۹۲۶ء کو کتاب ستر النسا تصنیف کی۔

۱۶۔ محمد اعظم قریشی :۔

غازی گوڑہ تحصیل بھمبر ضلع میرپور کے رہنے والے ہیں ۱۳۴۳ھ ۱۹۲۴ء کو نمازِ اعظم تصنیف کی جس میں نماز کے مسائل ہیں۔

۱۷۔ مولوی نور احمد :۔

ناگریاں والہ ضلع گجرات کے باشندے ہیں۔ ایک فقہی رسالہ آپکی یادگار ہے۔

۱۸۔ محمد دین :۔

"اُدوکے" ضلع گوجرانوالہ کے رہنے والے تھے۔ مہر علی کے لڑکے ہیں۔ ادوکے، بدوکے کے متصل ہے۔ رسالہ جمعہ۔ رسالہ چوہڑیاں۔ رسالہ سیابہ۔ اور دو سی حرفیاں آپ کی لکھی ہوئی ملتی ہیں۔

۱۹۔ غلام رسول عادلگڑھی :۔

عادل گڑھ ضلع گوجرانوالہ کے رہنے والے تھے۔ اپنے وقت کے فارسی اور عربی کے جید عالم تھے۔ فارسی نظم میں مامقیماں کی طرز پر ماطیعاں ایک کتاب نجدیہ عقائد کی تردید میں لکھی۔ آپ کا خاندان خوشنویسی کے لحاظ سے بیرونی ممالک میں بھی مشہور رہے۔ پنجابی نظم میں ترجمہ قصیدہ غوثیہ آپ کی یادگار ہے۔

۲۰۔ مولوی دلپذیر :۔

مولوی حاجی محمد دلپذیر ولد کرم دین بھیرہ ضلع سرگودھا کے مشہور پنجابی شاعر ہیں جن کی بہت سی پنجابی کتابیں بازار میں ملتی ہیں جن کے اسامی حسب ذیل ہیں۔
قصص المحسنین۔ وعظ دلپذیر۔ انشائے دلپذیر۔ باغ وبہار۔ گلزار چہار یار۔ مجموعہ وظائف۔ باغ بہشت۔ گلدستہ دعوات۔ مجموعہ اشعار دلپذیر۔ گلزار موسیٰ۔ مکتوبات دلپذیر۔ مجموعہ سی حرفی۔ زینت الاسلام۔ انواع دلپذیر۔ احوال الآخرت۔ اکرام محمدی۔ گلزار مکہ۔ مجموعہ خطب۔ ترجمہ دیوان حافظ۔ ان کی پنجابی تصنیف ہیں۔

۲۱۔ منظور احمد :۔

ڈاکٹر مولوی منظور احمد مولوی دلپذیر کے لڑکے ہیں۔ فرقہ احمدیہ سے منسلق ہیں۔ امام المتقین باتباع خاتم النبیین آپ کی کتاب ہے۔

۲۲۔ جھنڈے خاں علم :۔

اس نے مرزا غلام احمد قادیانی کی سوانحعمری پنجابی نظم میں لکھی۔

۲۳۔ میاں محی الدین مہدی :۔

جہلم کے باشندے ہیں۔ والد کا نام عزیز اللہ قوم جھمٹ ہے۔ فرقہ نجدیہ

کے پکے پیروکار ہیں۔ منجی المومنین۔ ترجمہ فقہ اکبر۔ شرح نجات المومنین۔ رسالہ بیمار پرسی۔ رد تقلید۔ نماز اشارہ۔ رسالہ ایمان اور پند نامہ ان کی پنجابی منظومات ہیں۔

۲۴۔ رحمت اللہ:۔ جہلم کے باشندے ہیں۔ والد کا نام عبدالواحد۔ یہ میاں محی الدین کے بھتیجے ہیں۔ رحمت اللہ نے ۱۳۲۲ھ میں تحفۂ رمضان تصنیف کیا۔ ان کے خاندان سے ہی ایک بزرگ میاں محمدؒ نے قرآن پاک کا پنجابی نثر میں ترجمہ کیا۔

۲۵۔ خواجہ قمر دین ولد محمد غوث:۔

ضلع منٹگمری کے اکابر علماء سے تھے۔ رسالہ روایت آپ کی تصنیف ہے جس میں شرک و بدعت کے مسائل ہیں۔

۲۶۔ امام دین واعظ:۔

امرت سر کے باشندے تھے۔ فرقہ اہلحدیث سے متعلق تھے حقوق الزوجین۔ کامن کی طرز پر آپ کا ایک فقہی رسالہ ہے۔

۲۷۔ محمد امین:۔

جہلم کے رہنے والے تھے۔ اظہار السنن۔ احوال الآخرت۔ معجزہ محمدی۔ قصیدہ شفاعلیہ۔ تہذیب النسواں۔ شرح اسماء الحسنیٰ۔ منجی المومنین۔ فقہ اکبر۔ درد و ہزار ہ درہ جی۔ خزینۃ الجواہر۔ قصہ سلیمان و بلقیس۔ رنگ برنگی مکرطی۔ شعلہ عشق۔ سی حرفیاں۔ احوالِ زمانہ۔ چنگِ عشق۔ اٹھوارا اور باراں ماہ ان کی تصانیف ہیں۔

۲۸۔ جان محمد :۔

آپ نے حضور پاک کا وفات نامہ لکھا ہے جس کا قلمی نسخہ ہمارے پاس ہے۔

۲۹۔ نُوری :۔

ایک شاعر ہے جس نے سفر نامۂ حج اپنے سفرِ حج کے حالات ایک مبسوط کتاب میں لکھے ہیں۔

۳۰۔ مستری خان محمد :۔

پنڈ دادنخاں ضلع جہلم کے باشندے ہیں۔ ان کا نعتیہ دیوان چھپا ہوا ملتا ہے۔ تبابہ والد بزرگوار علامہ محمد عبید الکریم کے شاگرد تھے۔

۳۱۔ مولوی علی اکبر صاحب اکبرؔ

۱۸۶۵ء میں بمقام بھدر۔ ضلع گوجرانوالہ میں پیدا ہوئے۔ اور ۱۳ اپریل ۱۹۳۵ء کو موضع ماڑی بھنڈراں ضلع گوجرانوالہ میں وفات پائی۔ عربی اور فارسی کے عالم متبحر تھے۔ قرآن مجید۔ مثنوی مولانا روم۔ اور ہیر وارث شاہ ہمیشہ آپ کے سرہانے رہتیں۔ نہایت خوش الحان تھے۔ رئیس الواعظین کے نام سے مشہور رہے تھے۔ محترم دوست (مولوی محمد علی فائقؔ) کے والد بزرگوار تھے۔ چرخہ رسولی مشعلہ نور۔ عرب دیے دا کے، آپ کی تصانیف ہیں۔ جن کے قلمی نسخے ہمارے پاس موجود ہیں۔ فارسی میں بھی شعر کہتے تھے۔

۳۲۔ حکیم سائیں بخش :۔ آپ نے تشریح الطب ۱۹۰۱ء / ۱۳۰۲ھ میں تصنیف کی اور

۳۳۔ محمد دین جنڈیالوی نے قانونچہ طب کا پنجابی نظم میں ۱۳۱۲ھ میں ترجمہ کیا۔ اور اس دور کی فنی شاعری میں اضافہ کیا۔

رومانی شاعری :-

رومانی شاعری میں اِس دَور کے مندرجہ ذیل شعرا بتفصیل ذیل مشہور ہیں۔

لاہور کے پنجابی شعراء :-

لاہور کے پنجابی شعراء میں سے جنہوں نے انگریزی عہد میں فروغ پایا ہے وہ سید فضل شاہ صاحب نواں کوٹی ہیں۔ چونکہ اُن کی پیدائش سکھی عہد میں ہوئی لہٰذا ان کا ذکر گذشتہ اوراق میں ہو چکا ہے۔

رفیق میرٹھی :-

شیخ الٰہی بخش رفیق ولد سالار بخش میرٹھ میں ۱۸۴۲ء میں پیدا ہوئے غدر کے دنوں میں لاہور آ گئے اور مولانا محمد حسین آزاد کی تحریک شاعری میں شامل ہو گئے۔ اور یہیں سے پنجابی کا شوق دامنگیر ہوا۔ اور آپ ایک خاص حلقہ کے استاد تھے۔ آپ نے ۱۸۹۰ء میں لاہور میں وفات پائی۔

نمونہ کلام

ب۔ بولیاں لا لا مارنا ہیں۔ انہاں عاشقاں دا مرنا جیونا کیہہ

جدوں اپنے آپ نوں ماردنا فیر آب حیات دا پیونا کیہہ

ٹُٹّی تار نہ جُڑدے پیار والی، پاٹے کپڑے دا فیر سیونا کیہہ

مرد سخن تے رہن رفیق عاشق ہوئے مرد نامرد فر تھیونا کیہہ

عشق لہر :-

چراغ دین نام، فضل دین لوہار کے شاگرد تھے۔ پیشہ کفش دوزی اور

شاعری شغل - آخر عمر میں کیبرج شاپ مغلپورہ میں ملازم ہو گئے ۔ ستر سال کی عمر میں ۱۹۵۰ء میں وفات پائی ۔ بارہ ماہ اور سی حرفی سسی پنوں آپ کی یادگاریں ہیں۔ ان کے علاوہ اور بہت سی نظمیں آپ کی یادگار ہیں۔

نمونہ کلام

ج ۔ جان دے چرخے نوں مور کھا اٹھے لے چلاوت کوئی فتور نہ ہو دے
ٹیکے رویئں پیارے دے نام والی وٹ پونیاں راضی غفور رہو دے
تکلہ صدق یقین دی ماہل پا کے مَن کا پا مَنکا جے شعور ہو دے
عشق لہر توں کت دا رہیں ہر دم خبرے تند کیہڑی منظور رہو دے

اروڑہ رائے :-

آپ کی پیدائش ۱۸۱۸ء میں ہوئی ۔ اور ۱۸۸۰ء میں راہئے ملک عدم ہوئے۔ چومصرعے خوب لکھتے تھے ۔ آپ نے کچھ نعتیں اور امام حسینؑ کے مرثیے بھی لکھے۔

نمونہ کلام

ن ۔ نت پیار دے کت خیال بھیویں نت خزاں تے نت گلزار ناہیں
نت حکم حکومتاں راج کیتے ، نت جھاگ ایہہ کسے دا یار ناہیں
نت یار دے وصل دی رات کیتے نت داغ جدائی دی سار ناہیں
اروڑہ رائے نت حسن جوانی کیتے نت زندگی دا اعتبار ناہیں

استاد گاموں خاں :-

نواب خاندان سے تھے ۔ نواب بہاولپور کے رشتہ دار تھے ۔ پنجابی

غزل کی ابتدا پنجابی ادب میں آپ سے ہوئی۔ آپ نے ۱۸۶۱ء میں لاہور میں پیدا ہوئے اور ۱۹۱۶ء میں فوت ہوئے۔

غزل

لوک کہن کالا سر مالدار ہویا، ویکھو خال سنہری رخسار اُتے
یا ایہہ حکم خدا دے نال بیٹھا، شاہ حبش تخت زرنگار اُتے
اوہدے ویکھ رخسار نصیب سڑیا میری رُخ رخسار توں ہوئی صدقے
اودھر اگ اُتے بن اگ چمکے ایدھر نور چمکے پیا نار اُتے
اوس پری دے یار خیال اندر جدوں روونا بہت بے حال ہو کے
کرہ تاف تھیں آوندے ہین بدل، کہ یہ کرن میرے حالِ زار اُتے
جیہڑا کسے نوں کوئی ایذا دیوے فوراً اوس دا رُو سیاہ ہو دیوے
میرے چھالیاں نوں اک دن ڈھنڈیا ایں سیاہی ویکھ لو نوک خار اُتے
پیا پئے درپے دہ ایس طرح نوں ٹُٹے تار نہ ذرا پریم والی
گاموں خاں ساقی نت سکھی ہوندے کویں تار رہوے اک نار اُتے
ولی اللہ سبحان ؎

آپ کا وطن لاہور تھا۔ ۱۸۱۹ء میں پیدا ہوئے اور ۱۸۹۶ء میں وفات پائی۔
عربی فارسی کے اچھے عالم تھے۔ فارسی میں ولی تخلص کرتے تھے۔ چو مصرعے
خوب لکھتے تھے۔
میاں کریم بخش بار ؎
حکیم آغا علی خاں۔ گاموں خاں۔ میاں الٰہی بخش میرٹھی کے استاد تھے۔

بجھارتوں میں آپ کو بہت ملکہ تھا۔ آپ ستر سال کی عمر میں ۱۸۷۰ء میں فوت ہوئے۔ سوال جواب بجھارتاں اور جنگ نامہ حضرت علیؓ آپ کی مشہور تصانیف ہیں۔

میاں ہدایت اللہ :۔

لاہور آپ کا وطن تھا۔ ۱۸۳۰ء میں پیدا ہوئے اور ۱۹۲۹ء میں وفات پائی۔ دوہڑے اور چومصرعے لکھتے تھے۔ ان کی سی حرفیاں چھپ چکی ہیں۔ ہیر میں بھی آپ نے کچھ اضافہ کیا ہے۔ آپ کا باراں ماہ بہت مشہور رہے۔

نمونہ کلام

چڑھے وساکھ وساکھی ہوئی گھریں سوہ اگر آئے نی

ناہیں خبر اساڈی جانی کیوں اتنے دن لائے نی

کھلے کیس گلے وچ میرے سیاں سیس گندائے نی

کون ہدایت خبر لیاوے کیہڑا خبر لیائے نی

خلیفہ قمر:۔ قمر دین نام، تخلص قمر کرتے تھے۔ ان کی پیدائش ۱۸۵۷ء میں ہوئی اور ۱۹۳۰ء کو اس دار فانی سے کوچ کر گئے۔ کشتہ۔ سوختہ۔ برکت علی اختر اور کریم بخش قربان آپ کے مشہور شاگرد ہیں۔

آغا علی خاں حکیم :۔

استاد کریم بخش کے شاگرد تھے۔ طبابت آپ کا پیشہ تھا۔ حویلی میاں خاں لاہور میں سکونت پذیر تھے۔ آپ نے پچھتر برس کی عمر میں وفات پائی۔ فن تاریخ گوئی میں آپ کو کمال حاصل تھا۔

ہیر کشتہ کی تاریخ لکھتے ہیں ؎

ایڈا فکر ہے طبع نوں سال دا کیہہ ہاتف غیب تھیں پیا پکار دا اے
بلٹے عدد واڑا کے لکھ آغا، شعر ہین گویا آب دار موتی
۱۳۱۲ھ

لال دین قیصر:-

لاہور میں رہتے تھے۔ اِن کی پیدائش ۱۸۹۹ء میں ہوئی۔ تاریخ وفات ۱۹۵۶ء ہے۔ ان پڑھ تھے لیکن پنجابی ادب کی بہت خدمت کی۔ آپ نے اخبار آام جاری کیا۔ علاوہ ازیں سچدل دا کلیجہ۔ قیصر دے نگینے۔ کھڑے یا پینگھاں۔ مہندی دالے ہتھ جوڑدی۔ یہ کتابیں آپ کی مطبوعہ ہیں۔

فیروزدین شرف:-

پہلے امرتسر میں رہتے تھے بعد میں لاہور سکونت اختیار کر لی۔ آپ کی پیدائش ۱۸۹۰ء میں ہوئی۔ اور ۱۹۵۴ء میں اس جہانِ فانی سے کوچ کر گئے۔ سنہری کلیاں۔ نورانی کرناں۔ شرف نشانی۔ دکھاں دے کیرنے لالاں دیاں لڑیاں۔ نوری درشن۔ شردھا دے پھُل۔ شرف دے گیت۔ پریم ہلارے۔ دل دے ٹکڑے آپ کی مشہور تصنیفات ہیں۔

رحیم یار:-

آپ رحیم بخش اور رحیم یار دونوں تخلّص کیا کرتے تھے۔ اِن کی تاریخ پیدائش ۱۸۵۱ء اور تاریخ وفات ۱۹۰۳ء ہے۔ اِن کے اشعار کے چار موضوع تھے (۱) نصیحت (۲) وحدانیت (۳) نعت (۴) شہادت۔

میاں شادا:-

دُرّۃ الاسلام اور چرخہ رنگ رنگیلا ان کی مشہور تصنیفات ہیں ۱۸۳۶ء میں

پیدا ہوئے اور ۱۸۹۲ء میں وفات پائی۔

پیر بخش عاصی :۔

جو مصرعے خوب لکھتے تھے۔ آپ کا زمانہ حیات ۱۸۳۷ء سے ۱۸۹۲ء تک ہے۔

حافظ بخشی :۔

بہت نامور شاعر تھے۔ لاہور اور امرت سر میں آپ کے بے شمار شاگرد تھے۔ ان کی ایک سی حرفی سبعت پیکر کے نام سے شائع ہو چکی ہے۔

ہمدم :۔

آپ کا اسمِ گرامی محمد رمضان تھا۔ "ہیریاں دی کان" آپ کی ایک مطبوعہ تصنیف ہے۔ علاوہ ازیں آپ نے پنجابی لغات بھی لکھنا شروع کی جو مکمل نہ ہو سکی۔ آپ کی پیدائش ۱۸۷۰ء میں ہوئی اور ۱۹۵۴ء میں آپ نے داعیٔ اجل کو لبیک کہا۔

اُستاد دامن :۔

پُورا نام چراغ دین ہے اور دامن تخلص کرتے ہیں۔ ہمدم کے شاگرد ہیں۔ درزیوں کے کام میں ماہر ہیں۔ آپ نے فلموں کے لئے اکثر گیت لکھے ہیں۔ تحریکِ آزادی کے سلسلہ میں انگریز کے خلاف بڑے بڑے جلسوں میں اپنا کلام پڑھا کرتے تھے۔ اکثر بڑے بڑے لیڈروں سے زیادہ مقبول ہوئے۔

محرّم علی چشتی :۔

آپ کی پیدائش ۱۸۵۷ء میں ہوئی۔ ایک سال کے تھے کہ یتیم ہو گئے۔ یتیمی آپ کو راس آئی اور علم خوب حاصل کیا۔ آخر کار آپ وکیل بنے۔ گیتوں کے کئی مطبوعہ قصے آپ کے کلام کا حصہ ہیں۔

فضل دین :-

آپ نے بہت سی سی حرفیاں لکھیں۔ تاریخ پیدائش ۱۸۱۰ء اور تاریخ وفات ۱۹۳۷ء ہے۔

اُستاد گام :-

پورا نام غلام محمد ہے۔ چومصرعے اور نعتیں لکھنا آپ کا محبوب مشغلہ تھا۔ ۱۸۶۰ء میں پیدا ہوئے اور ۱۹۳۰ء میں وفات پائی۔

فیروز دین دگر :-

ان کا ایک ... بھی مشہور ہے۔ چومصرعے لکھنے میں آپ ماہر اُستاد تھے۔ اِن کی پیدائش ...۱۸ء میں ہوئی اور ۱۸۹۷ء میں عین عالمِ شباب میں داغِ جدائی دے گئے

مُراد بخش مُراد :-

لاہورا سنگھ کے شاگرد تھے۔ ۱۸۸۰ء میں پیدا ہوئے اور ۱۹۰۲ء میں فوت ہوئے۔ چومصرعے کہتے تھے۔

راقب قصوری :-

درویش قسم کے شاعر تھے۔ آپ کی پیدائش ۱۸۸۳ء میں ہوئی اور ۱۹۳۶ء میں راہیٔ ملکِ عدم ہوئے۔ جناب مجدّد صاحب کی مزار پر مراقبے کے عالم میں آپ کو نعت لکھنے کا ارشاد ہوا۔ چنانچہ آپ مشہور نعت خواں ہوئے۔ اِن کی نعتوں کے پانچ مجموعے شائع ہو چکے ہیں۔

مستری مولا بخش :-

نہایت پُرگو شاعر تھے۔ قصّہ بین بادشاہزادی۔ مرزا صاحباں۔ سلطان محمود۔ لیلیٰ مجنوں۔ پھیلنی دے بیر۔ شکوہ۔ جوابِ شکوہ۔ بتیاں دا مجموعہ۔ شگوفۂ عشق۔ شاندار موتی۔ چمکدار موتی۔ موتیاں دا خزانہ۔ رنگ برنگے موتی۔ توبۃ النصوح آپ کی مطبوعہ تصنیفات ہیں۔ زمانۂ حیات ۱۸۸۵ء سے ۱۹۴۵ء تک ہے۔

غلام محی الدین نظر :-

عشق لہر کے خلیفے ہیں۔ عام طور پر بینت لکھتے ہیں۔ آپ کی تاریخ پیدائش ۱۸۹۷ء ہے۔

فضل دین بخت :-

آپ کی پیدائش ۱۹۱۰ء میں ہوئی۔ ہنیال بخت۔ بخت دے بھرے خزانے۔ بخت دیاں تن گلاں۔ عقیدے دے پھُل۔ آپ کی مطبوعہ تصنیفات ہیں۔

ممتاز علی مضطر :-

آپ کے والد صاحب کا نام سیّد نادر شاہ بخاری ہے۔ وطن لاہور۔ تاریخ پیدائش ۱۹۱۶ء اور تاریخِ وفات ۱۹۰۹ء ہے۔ پہلے اردو میں شعر کہتے تھے لیکن ایک دفعہ ایک مشاعرے میں کسی نے اہلِ زبان نہ ہونے کا طعنہ دیا۔ بس پھر کیا۔ اردو شاعری ترک کی اور پنجابی شاعری کو اپنایا۔

سر شہاب الدّین :-

سنگل ضلع سیالکوٹ کے رہنے والے تھے۔ والد صاحب کا نام چوہدری کالو تھا۔ نہایت غربت کے عالم میں علم حاصل کیا۔ آخر ترقی کرتے کرتے پنجاب

اسمبلی کے سپیکر بن گئے۔ پنجابی زبان آپ کی بے حد مرہون منت ہے مسدس حالی کا پنجابی میں ترجمہ آپ نے نہایت کامیابی سے کیا۔ آپ کی پیدائش ۱۸۶۵ء میں ہوئی اور ۱۹۴۹ء کو اللہ کو پیارے ہو گئے۔

نمونہ کلام

آباد کاراں دے ہاڑے

پانی لبھدا نہیں سی پہین جوگا، اُتّ کھاں نوں ہتھ نہ آیا سی
جھتّے وسدے ساہن گھیاڑ گدڑ جنگل آن اوہ اساں وسایا سی
ڈُڈھ پٹ کے جنڈ کریر سارے پانی پٹ کے کھال وگایا سی
دن وڈھ کے پھوک نناہ کیتے، ہل زمیں سنے تند دن چلایا سی
پھنبیر بار دستے نال گھتیاں دے، خوف کھلڑی وچ نہ آیا سی
کیتاں ویچ کے اپنا بھوئیں لھانڈا اڈیرا بار دے وچ جمایا سی

ان کے علاوہ حکیم عبدالکریم ثمر۔ احمد یار خاں ازلی۔ میاں کرم دین غافل۔ نذیر احمد منظور۔ پیر عبدالقادر۔ چوہدری سمند ادھسٹی۔ رحمت ڈھونڈا۔ محمد صادق قزلبشی۔ فیروزدین مسافر۔ مرزا عبدالحمید۔ برکت علی ثمر۔ بابو نعیم جان۔ آر فضل دین۔ حسن دین۔ قربان۔ خوش دل بھی وہ مشہور ہستیاں ہیں جنہوں نے پنجابی زبان کی خدمت اپنے فریضے میں سمجھ رکھی ہے۔

لاہور کے ہندو اور سکھ شعراء :۔

لاہورا سنگھ :۔ پنجابی زبان کے دلدادہ اور نہایت مشہور شاعر تھے۔

آپ کی مشہور نظم ڈنڈی آج کل بھی لوگ اکثر مشاعروں میں سنتے ہیں۔ آپ کی تصنیفات میں نوسی حرفیاں اور ایک قصہ ہیر رانجھا کا ہے۔ آپ کی پیدائش ۱۸۶۰ء میں ہوئی۔ تاریخ وفات ۱۹۲۳ء ہے۔

بھولا ناتھ وارث :-

عیسائی تھے۔ تاریخ پیدائش ۱۸۶۷ء اور تاریخ وفات ۱۹۳۶ء آپ نے پنجابی نثر میں تاریخ لاہور بھی لکھی۔ اور یہ آپ کا ایک کارنامہ ہے کیونکہ پنجابی ادب میں نثر کا پہلو کمزور تھا۔

باوا بُدھ سنگھ :-

پنجابی ادب کے بہت بڑے محسن ہیں۔ تاریخ پیدائش ۱۸۷۸ء اور تاریخ وفات ۱۹۳۱ء ہے۔ سکھوں کے تیسرے گورو گورو امرداس جی کی اولاد سے تھے۔ پریم کہانی۔ ہنس چوگ۔ کوئل کو کو۔ پپیہا بول۔ ۰ ۰ ۰ ۰ ۰ آپ کی مشہور تصانیف ہیں۔ پنجابی ادب میں تاریخ نویسی کی ابتدا آپ نے کی۔ اکثر پنجابی مصنفوں نے تاریخ ادب پنجابی لکھتے وقت پریم کہانی کو اپنے سامنے رکھا ہے۔

ڈاکٹر موہن سنگھ دیوانہ :-

آپ موضع دیوی ضلع راولپنڈی کے رہنے والے ہیں۔ آپ نے ایم۔ اے۔ پی۔ ایچ۔ ڈی کی ڈگری پنجاب یونیورسٹی سے حاصل کی۔ "اے ہسٹری آف پنجابی لٹریچر" پنجابی ادب کی تاریخ آپ نے انگریزی زبان میں لکھی۔

گیان چند دھون :-

جائے پیدائش لاہور ہے۔ ۱۸۹۷ء میں پیدا ہوئے۔ بڑے صاحبِ قلم تھے۔

دھرو بھگت ۔ پرتھوی راج ۔ روپ بسنت حقیقت رائے ۔ خونی بہن ۔ جمیل فتّا ۔ ستیہ دان ۔ ساوتری آپ کی تصنیفات ہیں ۔

اننت رام وحشیؔ :-

۱۸۹۴ء میں پیدا ہوئے ۔ لاہور ان کا وطن ہے ۔ ان کا تمام کلام قصّوں کی شکل میں چھپ چکا ہے ۔

ملکھی رام :-

بہت بڑے پنجابی کے شاعر ہیں اور ان گنت قصوں کے مصنّف ہیں ۔ آپ کی تصنیفات یہ ہیں، جو تمام کی تمام چھپ چکی ہیں ملکھی دا گنجہ بٹیرا ۔ ملکھی دی بتی ۔ ملکھی دا بائیسکل ۔ ملکھی دی بجلی ۔ جتی ستاریاں والی ۔ باراں ماہ پانی ۔ بے جمالو ۔ یہ تمام قصّے ہیں ۔ علاوہ ازیں سسّی پنوں اور حقیقت رائے مطبوعہ ضخیم قصے ہیں ۔ باراں ماہ پانی نہایت مقبول ہوا ۔ اور ہزاروں کی تعداد میں فروخت ہوا ۔ یہ تمام چیزیں کلیاتِ ملکھی رام کے نام سے علیحدہ علیحدہ چھپ چکی ہیں ۔ نمونہ کلام

چیتر چار چو فیریوں گھت پھیرا، کیتا بند یزید شیطان پانی
دتّا حکم پلیت نے فوجیاں نوں نہ جیبن لوں دینا لے جائے پانی
اِک روز پردیسیاں سیّداں نوں آپوں آوے گی موت پلان پانی
ملکھی ویکھنا! مُول نہ باہر جاوے سارے رکھناں ڈُل وھیان پانی

سُندر داس :-

تاریخ پیدائش ۱۹۰۶ء ہے ۔ پنجابی ادب میں آپ نے بہت سا اضافہ کیا ۔ الّھڑ ہے زخم عشق دیاں چوٹاں ۔ خونی ماں اور سندر سفنے آپ کا مطبوعہ کلام ہے ۔

گیانی سوہن سنگھ سیتل :-

باپ کا نام سردار خوشحال سنگھ تھا۔ گاؤں کا نام قادی ونڈ تحصیل قصور ضلع لاہور ہے۔ ۱۹۰۹ء میں پیدا ہوئے۔ آپ کی تصنیفات کیسری دوپٹہ۔ سیتل کرناں۔ سیتل سنیہے۔ سیتل ہنجوں۔ سیتل ہلارے۔ سیتل بھرنگاں۔ سیتل پرسنگ۔ سیتل پرکاش۔ سیتل ترانے۔ سیتل داراں۔ سیتل تانگاں۔ سیتل چھمکاں۔ سیتل انگیارے۔ سیتل رمزاں۔ سیتل امنگاں۔ سیتل سوغاتاں۔ ویہندے ہنجو۔ بجھرے ہنجو۔ دل دریا وغیرہ کوئی ستر کے قریب ہیں۔ پنجابی نظم کا ادب آپ پر جتنا ناز کرے کم ہے۔

پنڈت رام سرن داس :-

تاریخ پیدائش ۱۸۹۵ء اور تاریخ وفات ۱۹۴۶ء ہے۔ آپ کی تصنیفات یہ ہیں۔ (۱) شرح بینت شاہ محمد۔ (۲) پنجاب دے گیت۔ (۳) بھگوت گیتا۔ یہ کتابیں چھپ چکی ہیں اور بازار سے عام ملتی ہیں۔

پورن رام :-

آپ نے پرانی عشقیہ داستانیں لکھی ہیں۔

پروفیسر دیوان سنگھ :-

وطن آپ کا سیالکوٹ۔ ۱۸۹۷ء میں پیدا ہوئے اور ۱۹۴۳ء میں جزیرہ انڈمان میں فوت ہوئے۔ آپ نے پنجابی زبان میں آزاد شاعری کو رواج دیا۔ وگدے پانی آپ کی مشہور کتاب ہے جو ۱۹۳۴ء میں چھپ چکی تھی۔

امرتسر کے مسلمان شاعر:۔

کرم امرتسری:۔

نام کرم دین تھا اور تخلص کرم کرتے تھے۔ سن پیدائش ۱۸۵۳ء اور سن وفات ۱۹۵۹ء ہے۔ ان کے کلام کا مجموعہ "گلدستہ کرم" کے نام سے چھپ چکا ہے۔ گلدستہ کرم، شکر۔ توبہ۔ بلبل۔ چوہڑی۔ چمپاری۔ ہرنی۔ بچہ لوڑہ وغیرہ بہت سی مشہور نظموں کا مجموعہ ہے۔ علاوہ ازیں آپ کا غیر مطبوعہ کلام بہت ہے۔ آپکے شاگردوں کا حلقہ بہت وسیع ہے۔ ان کے ایک شاگرد دراز صاحب گوجرانوالہ میں ہیں۔ ہمیشہ اپنا کلام سنانے سے پہلے آپ کا یہ بند ضرور پڑھتے ہیں۔

نمونہ کلام

بھلے لکھ کوڑوں ایہاں دور ہاں ہیں جنہاں ناصلہ دن تے رات دا اے
رہندا پرے ابلیس ہے مجھ کولوں بینوں سمجھ پتلا خرافات دا اے
دغے باز، عیار، مکار ہاں میں اعتبار کس نوں میری ذات دا اے
ایسے بُرے دی جو رکھے شرم کرم بس حوصلہ رب دی ذات دا اے

عزیز خاں شرم:۔

سن پیدائش ۱۸۸۶ء ہے۔ اُستاد کرم کے شاگرد ہیں۔ آپ کے شعروں میں بے شمار محاورے اور ضرب الامثال ملتے ہیں۔ محاورے کو شعر میں اس طرح لگاتے ہیں جیسے انگوٹھی میں نگینہ۔ آپ کی تصنیفات میں سے قصہ دھوبن اور کچھ دیگر متفرق کلام چھپ چکا ہے۔

نمونہ کلام

سے گئے مال بچا کے جو ایھنوں پتہ پچھناں ہاں اوہناں ڈیریاں دا
کہنا، کرنا، سُننا، دیکھیاں راہبراں نوں گل شام دی ذکر سویریاں دا
منزل دُور کویلا کمزور بازُو فکر بچی نوں ہیا لبیریاں دا
رب ایس غریب دی شرم رکھے وسنی ٹھگاں دی ضلع لٹیریاں دا

دیوا زندگی دا بلدا رکھنا اے تیل پاوناں بتی نوں سیکھنا ایں
ہجر یار ہے شکل جھنتاں دی، جند سلگنی ایں من نے جیکیا ایں
اوہنوں لبھنا یا گُم ہو جانا، نقشہ نویس قیامت دا لیکنا ایں
اچھا دیکھئے کدوں تک نہیں آؤندا ہیں بھی حشر تک اوہنوں اڈیکنا ایں

سائیں مولا بخش :-

قصبہ مجیٹھہ ضلع امرتسر میں پیدا ہوئے۔ سن پیدائش ۱۸۶۰ء ہے۔ آپ کی تصنیفات قصہ ششو سسی پنوں۔ ہیر رانجھا۔ مرزا صاحباں اور بہت سی کافیاں ہیں۔ ڈاکٹر موہن سنگھ دیوانہ ایم۔ اے پی۔ ایچ ڈی آپ کی ہیر کو وارث شاہ کی ہیر کے برابر ہی سمجھتے ہیں۔

دین محمد سودائی :-

ویرووال ضلع امرتسر آپ کی جائے پیدائش ہے۔ ۱۹۰۶ء میں پیدا ہوئے اور ۱۹۳۲ء میں عین عالم شباب میں فوت ہوگئے۔ کم و بیش پچاس قصوں کے

مصنف ہیں۔ آپ کا یہ گیت نہایت مشہور رہے۔

اُٹھ شہر مدینے نوں چل جندڑی
در پاک رسولؐ دا مل جندڑی

کرم دین مضطر:۔

۱۸۷۵ء میں پیدا ہوئے اور ۱۹۱۲ء میں وفات پائی۔ بینت لکھا کرتے تھے۔

عبدالقادر دانشمند:۔

آپ کا زمانۂ حیات ۱۸۷۰ء سے ۱۹۳۴ء تک ہے کبت یا بینت لکھتے تھے۔

غلام رسول:۔

آپ کا زمانۂ حیات ۱۸۴۲ء سے ۱۹۰۳ء تک ہے۔ سی حرفیاں اور بینت بہت لکھے۔ آپ کا قصہ مالی بلبل بہت دفعہ چھپا ہے۔ اور بہت مقبول ہوا ہے۔

بابا صادق:۔

۱۸۶۲ء میں پیدا ہوئے اور ۱۹۰۹ء میں وفات پائی جو سی حرفی لکھا کرتے تھے۔

اللہ دتہ شیفتہ:۔

اس جہان فانی میں ۱۸۶۳ء سے ۱۹۰۵ء تک رہے۔ "شیفتہ دے سوال جواب" سی حرفی اور باراں ماہ آپ کا مطبوعہ کلام ہے۔

سرار خاں برق:۔

۱۸۶۳ء میں پیدا ہوئے اور ۱۸۹۴ء میں فوت ہوئے۔ پہلے پنجابی میں بینت لکھتے تھے۔ بعد میں فارسی شاعری اختیار کی۔

مولوی حبیب اللہ:۔ موضع کمبو کے رہنے والے تھے۔ ۱۸۷۱ء

سے ۱۹۵۴ء تک ان کا زمانہ حیات ہے۔ خزینۃ الاسرار۔ حلیب الثقلین۔ تفسیر سورۃ یٰسین۔ تفسیر سورۃ فاتحہ۔ تفسیر ست سورتہ۔ تفسیر سورۃ والضحیٰ۔ یوسف زلیخا۔ گلزار آدم۔ گلزار موسیٰ۔ گلزار عیسیٰ۔ مجموعہ خطبات حبیب اللہ۔ نور العیون فی قصہ موسیٰ و ہارون۔ اکرام مصطفیٰ۔ قرآن مجید دے نو پاریاں دی تفسیر۔ سوانح نوشتہ۔ قصہ بہار جنگ نامہ۔ حبیب اللہ۔ معراج نامہ۔ احوال الآخرت۔ خوان نعما۔ تفسیر سورۃ یوسف۔ شرح نجات المومنین وغیرہ آپ کی تصنیفات ہیں جو چھپ چکی ہیں۔

جمال مختار :-

ان کا زمانہ ۱۸۶۱ء سے ۱۹۰۶ء تک ہے۔ بیت خوب لکھتے تھے۔

حیات امرت سری :-

۱۸۶۷ء سے ۱۹۳۳ء تک اس دنیا میں رہے۔ خواب میں وارث شاہ کے شاگرد ہوئے۔ آپ ہیر کے اشعار کا مطلب خوب سمجھایا کرتے تھے۔

محمد دین سوختہ :-

آپ پنجابی کے اچھے شاعر تھے۔ وارث شاہ کی ہیر میں آپ نے پورے ۶۰۰ شعروں کا اضافہ کیا۔ ۱۸۶۷ء سے ۱۹۴۴ء تک زندہ رہے۔

محمد دین غریب :-

تاریخ پیدائش ۱۸۸۴ء اور تاریخ وفات ۱۹۳۱ء ہے۔ نارمل پاس کر کے سکول ماسٹر بنے۔ بچوں کو بھی پڑھاتے رہے اور خود پنجابی زبان کی خدمت میں مصروف رہے۔ آپ دائمی جنتری کے موجد ہیں۔ چھوٹے چھوٹے بہت سے قصے آپ کی یادگار ہیں۔ جن میں بھان بھان بلیاں۔ ٹھنڈا ٹھنڈا ریا۔ ٹلیاں دو ستیاں۔

جنت دا میلہ اور نگھی لسی بہت مشہور ہیں اور مطبوعہ ہیں۔

مولا بخش کشتہ :-

آپ ۱۸۷۶ء میں امرتسر میں پیدا ہوئے اور ۱۸۹۰ء میں لاہور آ گئے پنجابی زبان کے ساتھ آپ کو عشق تھا۔ آپ خلیفہ قمر کے شاگرد ہیں۔ پنجابی زبان آپ کے احسانات کو کبھی فراموش نہیں کر سکتی۔ آپ کی تصانیف یہ ہیں :- دیوان کشتہ، ہیر کشتہ۔ پنجاب دے ہیرے اور پنجابی شاعراں دا تذکرہ۔

فیروز سائیں عارف :-

۱۹۰۲ء میں پیدا ہوئے۔ بیت۔ گیت اور بول لکھتے ہیں۔ اپنے قصے خود ہی گا کر بیچتے ہیں۔ آپ کا مجموعہ کلام ہاڑ سے شائع ہو چکا ہے۔

عبدالرحیم عاجز :-

ان کا زمانہ حیات ۱۸۹۶ء سے ۱۹۵۳ء تک ہے۔ ان کی بہت سی پنجابی نظمیں قصوں کی شکل میں چھپ چکی ہیں۔

محمد بخش فرشی :-

۱۸۹۲ء میں پیدا ہوئے اور ۱۹۳۶ء میں فوت ہو گئے۔ بے شمار چھوٹے چھوٹے قصوں کے مصنف ہیں۔ ان قصوں کے علاوہ آپ نے ڈھول اور شمس رانی کا قصہ بھی لکھا ہے۔

محمد حسین خوشنود :-

پیدا تو سیالکوٹ میں ہوئے لیکن وفات امرتسر میں پائی۔ آپ کا زمانہ حیات ۱۸۶۵ء سے ۱۹۳۴ء تک ہے۔ قصہ سعید۔ گیان گتھلی۔ سفرنامہ حرمین۔ سیر کشمیر

آپ کی مشہور تصنیفات ہیں۔ قصہ سعید کی مقبولیت کا یہ عالم ہے کہ تین دفعہ چھپ چکا ہے۔

علم دین خاکسار :-

۱۸۹۹ء میں پیدا ہوئے۔ ہائی سکول چنیوٹ میں ڈرل ماسٹر کے عہدے پر رہے۔ شکوہ پاک رسول نال۔ جل نیون آپ کی مشہور تصنیفات ہیں۔ علاوہ ازیں آپ نے مختلف بحروں میں بینت کہے۔ آپ کے مرثیے بہت مقبول ہیں۔

بابو عبدالرحمٰن خاں :-

انہوں نے پچیس سال میں ہیر مرتب کی اور اس میں ۶۵۰ اشعار کا اضافہ کیا۔

مولوی عزیز دین :-

موضع جوڑا، تحصیل ترنتارن ضلع امرتسر کے باشندے تھے۔ انہوں نے بھی ہیر وارث شاہ مرتب کی۔ اور اس کا ایک مبسوط فرہنگ تیار کیا۔ آپ نے ہیر وارث شاہ میں بے شمار مصرعوں کا اضافہ کیا اور مزے کی بات یہ ہے کہ پیراندر محبوب عالم اور اپنے تمام مصرعے ملا کر ان پر مسلسل نمبر لگا دیے۔ جس سے کسی کے کلام کا امتیاز نہ رہا۔ ہیر کا یہ نسخہ ۱۳۴۴ء مطابق ۱۹۳۶ء میں تیار ہوا تھا۔

امرتسر کے ہندو شاعر :-

کشن سنگھ عارف :-

آپ ۱۸۳۶ء میں پیدا ہوئے اور ۱۹۰۰ء میں فوت ہوئے۔ آپ نے بیشمار کتابیں لکھ کر پنجابی ادب کے نظم کے خزانے میں خوب اضافہ کیا۔ آپ کی تصنیفات

کی فہرست حسب ذیل ہے۔

ہیر رانجھا۔ راجہ رسالو۔ دُلّا بھٹی۔ شیریں فرہاد۔ پورن بھگت۔ کشن کٹار۔ راج نیتی۔ کافیاں۔ جیو سیاپا۔ کورڑے۔ کنڈلیاں۔ قصبدہ کشن سنگھ۔ دیوان کشن سنگھ۔ راجہ بھرتری۔ باراں ماہ وغیرہ۔

ملاوا رام نفر:۔

زمانۂ حیات ۱۸۴۹ء سے ۱۹۱۱ء تک ہے۔ حرف بینت لکھتے تھے۔

بھائی ویر سنگھ:۔

۱۸۷۲ء میں ڈاکٹر چرن سنگھ کے ہاں پیدا ہوئے۔ ۱۸۹۶ء میں خالصہ ٹریکٹ سوسائٹی کی بنیاد رکھی۔ ۱۹۴۹ء میں پنجاب یونیورسٹی سے ڈاکٹر آف اورینٹل لینگوئجز کی اعزازی ڈگری حاصل کی۔ پنجابی نظم و نثر میں آپ کی بہت سی تصانیف ہیں آپ کی مطبوعہ تصانیف مندرجہ ذیل ہیں۔

نظم:۔ رانا صورت سنگھ۔ بلبل تے راہی لیشپا و تی چیند ر راوت۔ تریل تپکے۔ جیون کیہہ اے۔ دل ترنگ۔ بسمل مور۔ چھنڈیا طوطا۔ لہر ملار سے۔ بجلیاں دے ہار۔ پریت دنیا۔ کنبدی کلائی۔ کنت ہیلی۔ سائیاں جیون۔

نثر:۔ ان کی نثر کی تصنیفات کا ذکر نثر کے باب میں آئے گا۔

شنکر داس شنکر:۔

۱۸۶۴ء سے لے کر ۱۹۱۶ء تک زندہ رہے۔ بینت لکھتے تھے اور خوب لکھتے تھے۔

گنگا رام:۔ ان کا زمانہ حیات ۱۸۳۵ء سے ۱۹۰۶ء تک ہے۔ حقیقت رائے

گوپی چند۔ راجہ بھرتری۔ سوہنی مہینوال۔ دوہڑے۔ کبت۔ سوئیے اور بینت ان کی یادگار ہیں۔

پال سنگھ عارف :۔

۱۸۷۵ء میں پیدا ہوئے۔ قصہ چندر بدن ماہ یار۔ سوہنی مہینوال۔ پورن بھگت۔ گوپی چند۔ رمز العشق۔ پریمی بھورے۔ پریم پریکھیا۔ پریت سنگ بے پر بینیاں۔ عمر بابس۔ گلزار عشق وغیرہ لکھ کر آپ نے پنجابی زبان کا دامن بھرا۔

سوبھا رام :۔

تاریخ پیدائش ۱۸۷۹ء ہے۔ سی حرفیاں لکھتے تھے اور شرف تخلص کرتے تھے۔

دلیری داس :۔

۱۸۹۴ء میں نوشہرہ ننگل ضلع امرتسر میں پیدا ہوئے اور ۱۹۴۵ء میں وفات پائی۔ ہندی تخلص کرتے تھے حقیقت رائے۔ اکھاناں دی کھان آپ کا مطبوعہ کلام ملتا ہے۔

چرن سنگھ شہید :۔

۱۸۹۳ء سے ۱۹۳۵ء تک زندہ رہے۔ آپ نے اخبار شہید گورمکھی میں جاری کیا۔ ان کے ناول مشہور ہیں جن کا ذکر آئے گا۔ نظم صرف آپ کی ایک کتاب بنام ہاس رس مشہور ہے۔

گنگا سنگھ :۔

آپ کی پیدائش ۱۸۹۶ء میں ہوئی۔ اخبار نویسی کے ماہر تھے۔ آپ سکھ مشنری کالج کے پرنسپل تھے۔ آپ کا زیادہ سرمایہ نثر کا ہے۔ نظم کے باب

میں آپ کے بینت اور رباعیاں ملتی ہیں۔

چکر دھاری بے زر

۱۸۹۶ء میں پیدا ہوئے۔ آپ کی تصنیفات میں سے گیتاں دا گچھا۔ پرہلاد بھگت۔ بے زر دے موتی۔ بھن امرت چھپ چکے ہیں۔

شام داس [illegible]:۔

۱۸۹۶ء میں پیدا ہوئے۔ نیچرل شاعری کے دلدادہ تھے۔

ہرنیدر سنگھ رُوپ :۔

آپ کا زمانہ ۱۹۰۱ء سے ۱۹۵۴ء تک ہے۔ آپ کی تصنیفات میں سے ذیل پندھ، ڈونگھے وہین اور روپ لیکھا چھپ چکے ہیں۔

نمونہ کلام

اپنی دکھا کے بابا سب نوں ای ٹھپسایا
کرماں دی راس پرچ کے ہر اک بچا لیا
حوراں دے دین جھانسے اپنی چیلاں خاطر
جس نوں ملی نہ ایتھے اُس کیہہ بھلا لیا
کہندے نیں حق دی کہہ حق کس طرح سناواں
منصورؒ نے سنایا تاں کیہہ مزا لیا

بلدیو چند بیکل :۔

آپ نے ۱۹۱۲ء میں پیدائش پائی۔ آپ فلم کمپنیوں کے لئے گیت لکھتے ہیں۔ آپ کے گیت فلم سورداس۔ لیلیٰ مجنوں۔ میرا پنجاب وغیرہ پیش کئے جاتے

ہیں۔ ست رنگی پینگھ۔ عرشی درشن۔ پیاری جوگن۔ جیون لہراں۔ مٹھے مہنے۔ بیکل دے گیت چھپ چکے ہیں۔

نمونہ کلام

پئی ٹھنڈ وچ ٹھرٹھر کردی لے — ہتی پلے دے نال مڑی لے
تن تے پاٹیاں لیراں سنے — دکھاں تے دکھ پئی جبردی اسے
تے واپئی اس نوں جھنبدی لے — اوہ تھر تھر تھر تھر کنبدی اسے

بلونت گارگی :۔

۱۹۱۵ء میں پیدا ہوئے۔ انقلابی شاعر تھے۔ ان کے ناول اور ڈرامے چھپ چکے ہیں جن کا ذکر آئندہ ابواب میں آئے گا۔

رائے جسونت رائے :۔

۱۹۰۷ء میں پیدا ہوئے۔ قصہ سوہنا تے زینی۔ جھرم جھلاوا آپ کی تصنیفات ہیں۔

ہرنام کور اور رام کور :۔

ہرنام کور کا جنم ۱۸۹۷ء میں ہوا۔ اتفاق کی بات دیکھئے۔ میکے والے بھی عالم اور سسرال والے بھی عالم۔ نوری کلیاں ان کا مطبوعہ کلام ہے جس میں دونوں بہنوں کا مشترکہ کلام درج ہے۔

سنتوکھ بھائی :۔

"نوری سرائے" ضلع امرتسر میں پیدا ہوئے۔ آپ نے سنسکرت کے امرکوش کا ترجمہ برج بھاشا میں کیا اور راماین کا ترجمہ پنجابی نظم میں ۱۹۳۳ء میں کیا۔

اوتار سنگھ آزاد :-

آپ ۱۹۰۷ء میں پیدا ہوئے۔ چوپایاں۔ جیون چھوہ۔ نور جہاں سوانت بوندے۔ رتن مالا۔ ساون پینگھاں۔ وِنڈ دیدناں اور خیام خماری آپ کی وہ تصنیفات ہیں جو چھپ چکی ہیں۔

پریتم سنگھ سفیر :-

آپ ۱۹۱۶ء میں پیدا ہوئے۔ باپ کا نام سردار مہتاب سنگھ تھا۔ آپ کے والد صاحب ہیڈ ماسٹر تھے۔ آپ کی مطبوعہ تصنیفات یہ ہیں :۔ کنک کونجاں۔ رکت بونداں۔ راگ رشماں۔

نمونہ کلام

لکھاں دی گلی میری سُنجی سُنجی لگدی	دیوا کوئی وی نہ جگدا
اندر باہر پئی بادری بھٹکاں	کجھ ہور ہور جیہا لگدا

گوجرانوالہ کے پنجابی شاعر :-

انگریزی دور کے ضلع گوجرانوالہ کے مسلمان پنجابی شاعروں کی فہرست یہ ہے :-

(۱) کریم اللہ عاشق۔ (۲) پیر اندتہ زرگر (۳) امام دین منشی (۴) حافظ بھنڈا۔ (۵) مولوی عبدالستار (۶) عبدالواحد عزیز (۷) عبدی قیصر شاہی (۸) غلام مصطفیٰ زرگر (۹) میاں احمد دین۔ (۱۰) عبداللہ نقشبند (۱۱) مولوی اسمٰعیل (۱۲) نیاز احمد نیاز۔

(۱۳) محمد رمضان وزیر آبادی (۱۴) غلام حیدر رسول نگری (۱۵) مولوی چراغدین زیرآبادی

(۱۶) حکیم عبدالعزیز (۱۷) مولوی غلام حسین کلیانوالہ (۱۸) مولوی نور حسین۔

(۱۹) ابراہیم عادل (۲۰) حافظ صاحب بابو عبدالغنی صاحب وفا (۲۱) محمد دین صوفی

(۲۲) محمد دین فانی۔ (۲۳) سراج دین (۲۴) غلام محمد (۲۵) حافظ خدابخش (۲۶) اللہ رکھا

(۲۷) کرم الٰہی (۲۸) شیخ فضل الٰہی (۲۹) الٰہی بخش (۳۰) محمد دین مسکین (۳۱) امیرالدین

(۳۲) کرم الٰہی۔

گوجرانوالہ کے مندرجہ بالا شعرائے کرام میں اُن بزرگ ہستیوں کا ذکر کیا جاتا ہے جو بہت مشہور و معروف ہیں۔ باقی اصحاب کا ذکر بخوفِ طوالت حذف کیا جاتا ہے۔ امید ہے وہ حضرات جن کا حال مفصل نہیں لکھ سکے، معاف فرمائیں گے۔

مولوی عبدالستار:۔

آپ کے والد کا نام میاں مردان۔ قوم کے بافندے تھے۔ کھاریاں کے رہنے والے تھے۔ موضع کھاریاں اُس وقت ضلع گوجرانوالہ میں تھا لیکن اب ضلع شیخوپورہ میں ہے۔ آپ نے شاعری میں اسلام کی تبلیغ کی۔ آپ کی تصنیفات مندرجہ ذیل ہیں۔

(۱) اکرام محمدی (۲) قصص المحسنین (۳) چرخہ رنگ رنگیلا۔ (۴) مجموعہ اشعار عبدالستار (۵) مہیں نامہ (۶) عبرت نامہ (۷) نین نامہ (۸) باراں ماہ (۹) سی حرفیاں

(۱۰) مدح نبی کریم (۱۱) مدح پیراں پیر۔

نمونہ کلام

الف:۔ اکھیاں کسے نہ رکھیاں نے، اکھیں رکھیاں مول نہ جاندیاں نیں

اپنوں ڈاہڈیاں نال پیار، آپے رُوندیاں تے چھپ تاندیاں نیں

ملھ یار دا ویکھ کے رہن راضی نہ کجھ پیندیاں نے نہ کجھ کھاندیاں نیں
ستار بخش اس حال نوں جاندے نیں کھلیں پیش حسیناں دے آندیاں نیں

عبدالعزیز واحد :-

آپ ۱۸۸۳ء میں نورپور اراثیاں ضلع گجرات میں پیدا ہوئے۔ ان کے والد صاحب کا اسم گرامی نظام دین تھا۔ وہ تحصیلدار تھے۔ اُن کا تبادلہ ہوا تو آپ بھی اُن کے ساتھ گوجرانوالہ آ گئے اور یہیں تعلیم حاصل کی اور یہیں کچہری میں نقل نویس لگ گئے۔ آپ نے ۱۹۴۹ء میں وفات پائی اور یہیں دفن ہوئے۔

نمونہ کلام

ذ۔ ذکر تیرا نت فکر میں نوں ہور کار جہان دی بھل گئی اے
میری ذات صفات نہ رہی باقی جند رلدی رلدی رل گئی اے
سوہنی صورت کمال سی یوسفے دی نال سونڑدی اٹی دے تل گئی اے
عزیز حسن دے باغ تے پھل بیٹھوں اُتوں وخزاں دی جھل گئی اے

آپ کی تصنیفات حسب ذیل ہیں :-

پانچ سی حرفیاں۔ باراں ماہ بروزن فرد فقیر۔ باراں ماہ ایضاً۔ چرخہ نامہ حقیقی۔ الٰہی نامہ (اُردو میں ہے) قصہ شیخ صنعان۔ جندڑی۔ سوہنی مہینوال۔ سسی پنوں۔ ترجمہ وقائع پتوں۔ ہیر کا قصہ (نامکمل ہے) کوک واحدی۔ نظم نیرنگ خیال۔ دو غزلیں۔ ان کے علاوہ آپ نے ایک دردناک ناول پنجابی نثر میں لکھا ہے۔

عبدی قادری قیصر شاہی :-

آپ گوجرانوالہ شہر کے باشندے تھے۔ آپ کچہری میں اہل مد تھے۔ آپ کے

پوتے شیخ برکت علی صاحب گوجرانوالہ میں موجود ہیں۔ سن ۱۳۰۱ھ میں آپ کی ایک سی حرفی چہرہ نامہ کالیداس کے ساتھ شائع ہوئی۔ ان کی سی حرفیوں کا مجموعہ یار نامہ ڈاکٹر وحید قریشی صاحب نے پنجابی ادبی بورڈ کی طرف سے شائع کیا ہے۔ نمونہ کلام۔

ی۔ یاد سی حرفی ہے ایہہ ساتوں ایہدے وچ ہے صاف بیان یارا
اساں تویں نہ آکھی اے گل کوئی ایہہ جے وید پران قرآن یارا
باہجھ رب نہ غرض مراد کوئی، رب باہجھ نہ ہور دھیان یارا
عبدی قادری نیراں سو سن ہجری گوجرانوالہ واہ مکان یارا

غلام مصطفیٰ زرگر:۔

اُستاد امام دین گوجرانوالہ کے شاگرد اور گوجرانوالہ کے باشندے تھے جو مصرعے لکھتے تھے۔ اِن کا کلام گوجرانوالہ کے اکثر لوگوں کو یاد ہے۔

نمونہ کلام

م۔ مُکھ سُک سی مجم کولوں، لباں لال بدخشاں دے لال آہے
لاماں ڈِنگیاں میم نوں گھیر باسی ابرو یار دے مثل ہلال آہے
زلفِ راکھی جو مُشک کافور دی اے، چہرہ چند رخسار دے خال آہے
زرگر الف صوادال دے وچ لکھیا سی، موتی دند دو لڑی اکٹھے آل آہے

میاں احمد دین منڈھیالہ:۔

اِن کے آباؤ اجداد ضلع جہلم سے موضع منڈھیالہ وڑائچہ میں آکر آباد ہوئے تھے۔ والد بزرگوار کا نام غلام قاسم تھا۔ وہ ریلوے کنڈکٹر تھے۔ گوجرانوالہ سے

وزیر آباد تک ریلوے لائن آپ کی نگرانی میں تیار ہوئی۔ آپ کے چھوٹے بھائی خان بہادر امام دین گوجرانوالہ میں ایک بہت ذی وقار انسان تھے۔ آپ نے سوہنی مہینوال کا قصہ لکھا جو ایک بخیل کے بیتھے ایسا چڑھا جو کسی کو دینے کا نام نہیں لیتا۔ آپ کا کلام لاجواب ہے۔

نمونہ کلام

اوہ چڑھ کے بڑے شوق دے چاندی چپر چھاں ل
انہاں عشق نہ دیکھدا، اُچّا نیواں تھاں ل
اوہ کوٹھے، کندھاں ٹپدا مگسوناں اذال
صبر نہ آوے اجمدا، ملیاں یار بنا ل

عبداللہ نقشبند:-

آپ گوجرانوالہ میں انگریزی کا کام کرتے تھے۔ نہایت مشرّع قسم کے انسان تھے۔ آپ نے سینتھ سال کی عمر میں وفات پائی۔ عبرت نامہ اور دیگر پنجابی نظمیں آپ کی یادگار ہیں۔

نمونہ کلام

ہیر اور اُس کی والدہ کا مطالبہ

ماں:- دھیا باز آ کما مے دے خیال وتوں اوہدے نال کھلوندی نے بہنی ایں کیوں
گھروں باہر جے سبھ سبھا نکلے چڑھ چڑھ کوٹھیاں نے وہندی رہنی ایں کیوں
ساری جد نوں لیک ایہہ لگ جاسی، جان بجھ بدنامیاں سہنی ایں کیوں
کیلے وانگ ہے نرم سریر تیرا، پئی نال کمریہ دے کھہنی ایں کیوں

وگن ویہن دریاواں دے راہ سدّھے نہیں سوااں وانگوں ٹُھڈّی دبنی ایں کیوں
جے کر نال چھیڑے مگروں کنڈ ادہدی چھنوں نیکیٔ سدی ہندی رہنی ایں کیوں
کماے نال اُن جہات بے دھڑک بولیں میریاں گلاں توں اڈّ رہنی ایں کیوں
نقشبند سنا کے اساں تائیں، اگ دوزخاں دی وچ پینی ایں کیوں

ہیر دا جواب :-

گھر دے وچ رہو سے بہو سے جی جیہڑا توں ای دس خاں نال اوہدے بولی دا نہیں
کماماں ہو جیہڑا مال چار لیا وے اوہدے نال رل کے بہنی کھولی دا نہیں
کر عقل کجھ سوچ وچار دا آں نکر وچ پیاز نوں کھولی دا نہیں
بناں طلب تنخواہ جو ہون نوکر بھیت جھلیے اوہناں دا پھولی دا نہیں
جیکر عیب وی کسے دا دیکھ لیئے مخفی رکھیے کملیے کھولی دا نہیں
نقشبند جو کماہک نہ بھاپ جُھکے مُڑ لون نال اوہدے گھٹ تولی دا نہیں

مولوی اسمٰعیل صاحب :-

آپ کا زمانۂ حیات ۱۸۶۰ء سے ۱۹۲۶ء تک ہے۔ شمس الہند شمس الواعظین۔ نشان محمدی۔ چراغ محمدی۔ بیان محمدی آپ کی تصنیفات ہیں۔

نیاز احمد نیاز

سن پیدائش ۱۸۹۰ء۔ وزیر آباد میں رہتے تھے۔ کوئی پچاس کے قریب انہوں نے قصّے لکھے جو تمام کے تمام چھپ چکے ہیں۔ ان قصّوں میں "نیاز دے گیت" بہت مشہور رہیں۔

محمد رمضان وزیر آبادی:۔

۱۸۶۲ء میں ان کی پیدائش ہوئی۔ ان کی تصنیفات بے شمار ہیں۔ قصہ سلطان محمود سسّی پنوں۔ گلزار عشق۔ شعلۂ عشق۔ مال رمضان۔ نغمہ رمضان۔ انشائے۔ کافیاں۔ رنّ لڑاکی۔ مرد ان پڑھ۔ اعمال شیطان۔ مچھلی۔ بیونی غربا۔ ہتراںی بچّھہ۔ سی حرفی نقشہ ہجر۔ ترجمہ دیوان حافظ پچاس غزلیں وغیرہ۔ رنّ لڑاکی تو کوئی ڈیڑھ لاکھ کے قریب چھپ کر فروخت ہو چکی ہے۔

مولوی غلام رسُول کیلیانوالہ:۔

۱۸۷۴ء میں پیدا ہوئے۔ ایک باعلم خاندان کے فرد تھے۔ حصول شمس۔ نور ہدایت۔ ہیم مسلمان۔ ایمان ہر چہار صحابہؓ۔ ایمان حمزہؓ۔ قصہ بلالؓ۔ معراج نامہ عزیز فاطمہ۔ عبداللہ زمیندار۔ ڈولی۔ پاک محبت۔ قصہ گلیاں میانیاں۔ ان کی مشہور اور مطبوعہ تصنیفات ہیں۔

خانصاحب بابو عبدالغنی صاحب دفا:۔

آپ موجودہ دور کے وارث شاہ ہیں۔ ۱۸۸۸ء میں بمقام گوجرانوالہ پیدا ہوئے۔ آپ شاہ جمال نُوری کی اولاد میں سے ہیں۔ ۱۹۳۵ء میں آپ سپرنٹنڈنٹ جیل کے عہدہ سے ریٹائر ہوئے۔ آپ کے شاگردوں کی تعداد بہت زیادہ ہے۔ بزم دفا آپ کے نام نامی سے ہی قائم ہے۔ جہاں ہر انگریزی ہفتے کی پندرہ تاریخ کو مشاعرہ ہوتا ہے۔ رسولِ پاک کی ذات سے آپ کو والہانہ محبت ہے۔ آپ کے کلام میں سوز انتہا کا ہے۔ گوجرانوالہ میں پنجابی زبان کو صرف آپ کا ہی سہارا ہے۔ گوجرانوالہ، سیالکوٹ، گجرات، وزیر آباد اور لاہور میں اکثر لوگوں کو آپ کا کلام ازبر یاد ہے۔

نمونہ کلام

وہ دید ندبدیاں دیدیاں نوں جو رخدا دے نُور دیا
ارنی ارنی خدا دا واسطا ای جلوہ دیہہ جمال کوہ طُور دیا
کنڈے شہر مدینے دے راہ اندر چُم چُم آکھدے نیں ہیریاں چھالیاں نوں
مجنوں بعد بجھائی آ پیاس دل دی مرحبا مسافرا دُور دیا
بُلبل سدرہ دی قسم کھا آکھدی اے گلعذار تیرے جیہا ہور کوئی نہیں
والشمس مکھڑا، واللیل زلفاں اسے فخر غلمان تے حُور دیا
کشتی اُمت دی نوں مولا ڈر کاہدا، فخر نوحؑ! جد توں کشتی بہان ہیں
بحر قہر وچوں کڈھ، لالا نبے، ناخدا اسلام دے پُور دیا
میرے دل دے عرش تے جیہں دن دی کھِڑ گئی تصویر حضورؐ دی اے
ملک فلک والے وفا آکھدے نیں، رہن والیا بیت معمور دیا

محمد دین وصف :۔

بابو عبدالغنی صاحب وفا کے نہایت قابل شاگرد ہیں۔ چومصرعے خوب کہتے ہیں۔ اب غزلیں بھی کہتے ہیں۔

نمونہ کلام

الف۔ اوس دی صفت ثنا ہر جا ہر ہر رنگ دے وچہ دنیا گا رہی اے
کوئی طبلے سارنگی تے ناچ کر کر ہا تا تے گُر گُم کا رہی اے
کجھ بتاں نوں پوج طواف کر دی کجھ مسجدیں منجھے گھسا رہی اے
وصف یار دی بھال وچ کل دنیا پا پا اونسیاں شگن منا رہی اے

حافظ جھنڈا :۔

گوجرانوالہ میں معروف شخصیت تھے۔ ان کا دیوان بنام گلدستہ حافظ جھنڈا کے نام سے شائع ہو چکا ہے۔ جو کافی ضخیم ہونے کے علاوہ فنی لحاظ سے عمدہ اور پختہ ہے۔ ان کا کلام زیادہ تر اصلاحی ہے۔ ایک مجاہد قسم کے انسان تھے۔

ملک محمد دین فانی :۔

۲۳ جولائی ۱۹۱۲ء میں گوجرانوالہ میں پیدا ہوئے۔ بابو عبدالغنی صاحب وفا کے شاگرد (منشی برکت علی خورشید کے یہ شاگرد) ہیں۔ نیچرل شاعری کے دلدادہ ہیں۔ اب غزلیں بھی لکھتے ہیں۔ آپ کی طویل نظموں میں سے روضہ نور جہاں، برسات آپ کے شہ کار ہیں۔

نمونہ کلام

نظم برسات میں سے

سوٹ موتیاں دی رعد کرکے نکا قسمت پئی غریباں دی جاگدی اے
قوس قزح نہیں گھٹا دی نویں وہٹی پائی نگ وچ نتھ سہاگدی اے
کنڈھیں نیل یا کسے کمان ابرو ابدّھی سُر ملہار دے راگ دی اے
جھوٹا عاشقاں دے یا ایہہ دیونے نوں پائی خلاں مڑھینگھ وراگ دی اے
رندکہن ایہہ توبہ دے گلے اُتے پھر کے دھار تلوار دی لال ہو گئی
بونیل وچ جیہڑی پری بند سی اج اوہ فلک دے زیب جمال ہو گئی

سراج دین :۔

وزیرآباد میں بختادر والی مسجد کے امام تھے۔ ہاشم علی کی مرتب کردہ ہیر

ہیر پر تقریظ لکھی ہے جس میں عزیز دین اور عبدالرحمٰن کی خوب خبر لی ہے۔

ان کے علاوہ محمد درزی۔ امیر دین آمیر۔ الٰہ بخش بختی اور کرم الٰہی منصف بھی گوجرانوالہ کے قدیم مشہور شاعر تھے۔

امام دین ملنگی :۔

پیشہ حکمت تھا۔ اردو فارسی میں شعر کہتے تھے۔ انہوں نے قصہ ہیر رانجھا تصنیف کیا۔ گوجرانوالہ کے استاد شعرا میں سے تھے۔

نمونہ کلام

ز۔ زہرہ تے مشتری قطب تارا سٹاں یار دے مکھ نوں وارتے نے
آفتاب مہتاب گلاب یار دو، ہین رخسار اس کے شرمسار تے نے
بے نظیر تے بدر منیر یوسف جیکر ہندے ہندسے خدمتگار تے نے
ماہی مرد گل نرگس امام دینا ویکھ اکھیاں کران انکار تے نے

ضلع گوجرانوالہ کے ہندو شاعر :۔

لالہ کرپا ساگر :۔

پلپا کھا ضلع گوجرانوالہ کے باشندے تھے۔ پنجاب یونیورسٹی کے گریجوایٹ تھے۔ پنجابی کے بلند پایہ شاعر تھے۔ آپ کی کتاب "لکھشمی دیوی" بہت مشہور ہے۔

بھگوان داس المست :۔

موضع جہلن کلاں کے رہنے والے تھے۔ درگا وتی۔ سرار بانی پنچل کماری

آپ کی مشہور تصنیفات ہیں۔

کالی داس:۔

۱۸۶۵ء میں بمقام گوجرانوالہ پیدا ہوئے۔ بہت سے قصوں کے مصنف ہیں۔ مثلاً پورن بھگت۔ گوپی چند۔ روپ بسنت۔ راجہ بھرتری۔ ہریشچندر۔ چرخہ۔ جیون مکتی (ہیر) وغیرہ۔ نیز کبت۔ دوہڑے۔ ڈیوڑھ۔ چھند۔ سویئے۔ چوپئی۔ اور نیت آپ کی یادگار ہیں۔

نمونہ کلام

جنہوں راجیا دلوں حیا ناہیں، اوس کدھنا گھنڈ نقاب کیہہ اے
جیہڑا ڈبیا وچ شرمندگی دے، ڈبن جاونا اوس تالاب کی اے
چھنڈے رن سر بخت سر خاک پاسے عزت لجیاں لئی خراب کیہہ اے
دبڑا ہو لج کے ٹوکری سر جانی لاناں چوہڑیاں عطر گلاب کیہہ اے
. . . . لوں دیو نا داں ورثہ دیوا یال وھرنا آفتاب کیہہ اے
کالیداس جے رب نہ بخشیو ای، تیرے پاپ دا انت حساب کیہہ اے

گوبری ناتھ:۔

آپ کا زمانہ حیات ۱۸۶۳ء سے ۱۹۰۸ء تک ہے۔ آپ کی تصنیفات ملکی کیہہ۔ پینڈہ وچھنی۔ علاوہ ازیں آپ کے بے شمار بینت ہیں جو کہ لوگوں کو زبانی یاد ہیں۔ آپ کے فضل شاہ نواں کوٹی سے گہرے مراسم تھے۔

گورا مشر:۔

کالی داس کے شاگرد تھے۔ آنکھوں سے نابینے تھے۔ دو سال کی محنت

شاقہ سے آپ نے قصہ ہیر و رانجھا لکھا لیکن آخر خیال آیا کہ یہ سید وارث شاہ صاحب کی ذات پر حملہ ہے۔ اس خیال سے اس کی طباعت روک دی۔ صاحبِ نظر لوگوں کا خیال ہے کہ ادبی لحاظ سے یہ نظم وارث شاہ کی نظم سے کہیں زیادہ بلند ہے۔

نمونہ کلام

چُوری کُٹ کے ہیر سیال چلّی، چلّی رانجھا ہیر مناونے نُوں
نکل ہو نسنی مانسرور وچوں چلّی موتیاں چرگ چُگاونے نوں
چیکاں مار کے مورنی باہر آئی، چلّی لنکا دا باغ اُٹھاونے نوں
جیہی ناز انداز نیاز کر کے چلّی رُٹھڑا یار مناونے نُوں

منہر اسنگھ شفیق:-

خالصہ ہائی سکول گوجرانوالہ کے مینجر تھے۔ چو مصرعے خوب لکھتے تھے۔

نمونہ کلام

م۔ موسم بہار دے جلد آیو۔ گلشن وِچ گلمہ بِرگ پئے جھوم دے نیں
شاہِ عشق تُسے نے سرکشی نال کیتے حاضر بادشاہ شام تے روم دے نیں
تیرے بناں بہار مت بار جانے، پرچے گذر رہے باد سموم دے نیں
جلد پہنچ شفیق بن کے عاشق منتظر تیرے قدم دے نیں

گورمکھ رائے:-

کالیداس کے ہم عصر تھے۔ فارسی اور اُردو کے ماہر اُستاد تھے۔ گوجرانوالہ کے رہنے والے تھے۔

نمونہ کلام

خ۔ خال نقطہ لکھ یار دالا، قطرہ نور دا زیب جمال دا اے
ایہدی جھلک کیتا بے جھلے عاشقاں نوں مجنوں گھائل ای ایہدے جبال دا اے
حوراں دیکھ کے تاب بے تاب ہویاں شمس قمر سایہ ایسے خال دا اے
گور لکھ غار دل بھر کے حضرت خضر پیتا، موسیٰ طور اُتے پیا بھال دا اے

گرنار سنگھ عارف :-

آپ نے انگریز حکمرانوں کی مدح سرائی میں کچھ نظمیں لکھی ہیں۔

حکیم رام داس ملہوترہ :-

حافظ آباد ضلع گوجرانوالہ کے باشندے تھے۔ فتح شہنشاہ جارج پنجم آپ کی مشہور نظم ہے۔

برکت رام سیوک :-

پنڈی بھٹیاں کے رہنے والے تھے۔ انگریز بہادر کے زبردست مداح تھے۔

سنت دیوا سنگھ :-

جام کے چھٹہ کے رہنے والے۔ پنجابی کے اچھے شاعر تھے۔

سادھو سنگھ جی :-

قومی شاعری کا رنگ غالب تھا۔

علاوہ ازیں چرن داس۔ پنڈت ہری ہر ادر بانکے دیال بھی اس دور کے شاعر تھے جو پنجابی مشاعروں کی رونق میں اضافہ کیا کرتے تھے۔

گجرات کے پنجابی شاعر:-

گجرات کی سرزمین اُس کی آب و ہوا اور اُس کا ماحول شاعری کے لئے نہایت موزوں ہے۔ چنانچہ انگریزی عہد میں گجرات میں مندرجہ ذیل مشہور شاعر پیدا ہوئے جنہوں نے پنجابی ادب کو کسی زبان کے ادب سے پیچھے نہیں رہنے دیا۔

تارا چند گجراتی۔ محمد بوٹا۔ پیر نیک عالم۔ حکیم نور دین۔ حافظ شمس دین۔ مولوی اشرف علی۔ پیر محمد دین۔ فضل دین حجام۔ میراں بخش بسمل۔ حکیم عبداللطیف عارف۔ عبداللطیف افضل۔ نوازش علی صابر بہشتی۔ رحمت اللہ۔ میر غلام رسول۔ بابو یوسف۔ معراج دین واقف۔ محمد شریف گلزار۔ سید بیر۔ دیدار بخش۔ مولوی احمد دین۔ ملک غلام سرور۔ نواب دین نواب۔ میاں محمد چاندی۔ اللہ دتہ۔ نذیر احمد اختر۔ شاہد رضا۔ سید غلام مصطفیٰ نوشاہی۔ مولوی سراج دین سراج۔ پیر ظہور شاہ قادری۔ مفتی غلام رسول۔ محمد دین چشتی۔ محمد اشرف۔ فضل حسین۔ فضل جلالپوری۔ شاہ سوار کنجاہی۔ ملک غلام حسین صفدر۔ گیانی سنتوکھ سنگھ عاجز۔ ملک راج ملک۔ بشیشر ناتھ۔

تارا چند گجراتی:-

آپ ۱۸۶۲ء میں پیدا ہوئے اور ۱۹۲۳ء میں وفات پائی۔ تارا چند اور ڈی سی تخلص کرتے تھے۔ آخر عمر میں فقیر ہو گئے۔ سب سے پہلا قصہ آپ نے باونا لکھا جو خوب بکا۔ آخر عمر میں آپ نے شاعری چھوڑ دی اور اردو نثر میں کچھ کتابیں لکھیں جن کا موضوع مذہبی تعصب چھوڑ کر آپس میں پیار سے رہنا تھا۔

نمونہ کلام

الف۔ اِہ کیہڑی گل قاعدے دی، ہر دم ظلم دی تیغ اُٹھا رکھنا
ہوئی گئی گذری گل جان دی، وبہہ غصہ کیہہ ایڈا دل رہا رکھنا
جیکر جوڑیئے سجن تو توڑیئے نال سگوں لوڑیئے مہر وفا رکھنا
اے پرتساں معشوقاں دی ذات اندر خبرے منع ہے خوف خدا رکھنا

محمد بوٹا:۔

تخلص بُوٹا کرتے تھے۔ ۱۸۵۱ء میں پیدا ہوئے اور ۱۹۳۰ء میں وفات پائی۔ نہایت پُرگو شاعر تھے۔ آپ کی سی حرفی پنج گنج محمد بوٹا اتنی مقبول ہوئی کہ ہزاروں کی تعداد میں چھپی اور فروخت ہوئی۔ علاوہ ازیں شیریں فرہاد۔ مرزا صاحباں۔ سیر بہشت۔ جنگ امامین۔ قصہ سلطان محمود۔ معراجنامہ۔ وفات نامہ۔ سرور کائنات اور یوسف زلیخا آپ کی تصنیفات ہیں۔ ان میں مرزا صاحباں اور پنج گنج جس کا ذکر اوپر ہو چکا ہے بہت مشہور رہیں۔ مرزا صاحباں تو پنجابی امتحانات کا کورس بھی ہے۔

نمونہ کلام

ج جاڑھا سوہنا بُت خانے، متھے تلک تے بغل قرآن وسدا
اِکّی ہتھ مالا اِکّی ہتھ تسبیح نہ اوہ ہندو تے نہ مسلمان دِسدا
کیتا یار دا مذہب قبول میں وی ایہدے وچ اسلام ایمان دِسدا
سانوں بُوٹیا چمکدا ہر طرفے جلوہ یار دا وچ جہان دِسدا

پیر جیک عالم:۔

موضع کلاچور ضلع گجرات کے باشندے تھے۔ بعد میں موضع موہلہ ضلع گجرات

میں آ گئے۔ ۱۸۵۰ء میں پیدا ہوئے۔ پہلے سکول ماسٹر تھے۔ ریاضی کے ماہر تھے۔
ایک انسپکٹر کی نظر عنایت سے گورنمنٹ سکول میں ملازم ہو گئے۔ گورنمنٹ ہائی سکول
جہلم سے ریٹائر ہو کر پنشن لی۔

قصہ اصغر صغرا۔ پوہ پھُٹی۔ عشق محمدی۔ سچّی مالا۔ پیرداد نجارا۔ مدحیات
مشائخ وغیرہ ان کی تصنیفات ہیں اور تمام مطبوعہ ہیں۔ وارث شاہ کو اپنے مقابلہ
میں ہیچ سمجھتے تھے۔

نمونہ کلام

صُغرا کے حُسن کی تعریف

اٹھویں سال پُر نقش نگار چہرہ سرس رنگ دے انسان اتر تنگ کولوں
شوخ چُلبلے نین ممولیاں دے ملی دھون عجیب کلنگ کولوں
بھواں ڈنگیاں دھنک لاہوروی توں پلکاں بسدھاں تیر خدنگ کولوں
ٹھوڈی سرس کشمیر دے سیب نالوں متھا گول بلّور دوی ونگ کولوں
سوہنے کنّ گلاب دے پھُل نالوں اتر ناک آواز سی چنگ کولوں
بھارے پٹ پہاڑ دی جڑھ نالوں تیلاںک دھمُوڑی دے ڈنگ کولوں
عشوے سخت خونی کھیوے نگہ نالوں ملن سار مزاج سی ٹھنگ کولوں
سُست حرص ہوا مدراس نالوں چُست ذہن اذکار فرنگ کولوں
پلکاں تیز ترکھیاں تیر نالوں، قاتل تیر نگاہ تفنگ کولوں
تنگ مکھڑا دس داپچ سَوڑا لگی کیڑی دی وی کھیری تنگ کولوں
ریشم رُوں سنجاب سمور تاقم شرمسار ادھرے نرم انگ کولوں

قسم ہیر دی حسن دے نقد کیتی مالا مال بنگال دے بنگ کولوں

میر محمد دین میر

آپ شاہ ہمدان حضرت میر کبیر کی نسل سے ہیں۔ ان کے بزرگ سرینگر سے پنجاب میں آئے اور جلال پور جٹاں میں سکونت اختیار کر لی۔ آپ کی تاریخ پیدائش ۱۱ر فروری سنہ ۱۹۰۱ء ہے۔ "پاک پنجابی اخبار" آپ نے جاری کیا تھا۔ آپ کی تصنیفات شہد دی مکھی اور رہبر اعظم بہت مشہور رہیں۔

نمونہ کلام

بناں عاشق تے عشق وچ سکھ لبھناں، ایہہ گل تے عشق نوں چجدی نہیں
اگ عشق دی عاشق دی جان نوں سہندی جاں عاشق وی دس وچ بھجدی نہیں
جس دل تے عشق مقام کردا، اوہنوں گل غیر ہور کوئی سجھدی نہیں
پانی سارے سمندر دا میر سٹاں اگ عشق دی لگی ہوئی بجھدی نہیں

حکیم عبداللطیف عارف :-

آپ گجرات کے رہنے والے ہیں لیکن جائے پیدائش گھڑ نل ضلع سیالکوٹ ہے۔ سنہ ۱۸۹۵ء میں پیدا ہوئے۔ آپ کے والد ماجد کا نام بُھلے شاہ تھا۔ نہایت حق گو شاعر ہیں۔ چنانچہ اسی حق گوئی اور بے باکی کی وجہ سے انگریزی عہد میں جیل کی ہوا کھانی پڑی۔ آپ خیر البشر۔ خاتون دا دیاہ اور مسدس حالی دا پنجابی ترجمہ کے مصنف ہیں۔ علاوہ ازیں بہت سے بینت، مولوی نامہ۔ گلزار عارف بھی آپ کی مطبوعہ کتابیں ہیں۔ آپ کا دیوان تہذیب عمل کے نام سے شائع ہو چکا ہے۔

بے راہ، خانقاہ نشینوں کے متعلق کیا مزے کی بات لکھی ہے:-

نمونہ کلام

کے کم وکھیو دلی ودّھراں وے طمعے داریاں دنڈلیاں
اکھیں دھار کجلالا کے چرس دادم زُلفاں دیشنی نہا کے چھنڈلیاں
منزحب دا پھوک کے نادوچوّں انہاں کئی مشٹنڈیاں ٹنڈلیاں
عارف ویکھ ملنگاں نوں مرج کیڈی اکھیں سیک لیاں جھلیوں پھنڈلیاں

حکیم نوازش علی صابر

حکیم محمد نوازش علی صاحب صابر گجرات میں حکمت (طب یونانی) کی دکان کرتے ہیں۔ پیر فضل حسین صاحب فضل (جن کا ذکر پاکستانی عہد میں ہوگا) کے شاگرد ہیں۔ غزلیں اچھی لکھتے ہیں اور جو مصرعے بھی عمدہ کہتے ہیں:-

نمونہ کلام

جا گزین میرے دل وچ زلف ماہی میرا دل زلف گرہ گیر دچ اے
تیرا تیر نہیں جگرے وچ کھبا، بلکہ جگر میرا تیرے تیر وچ اے
کھچے کنج خیال تصویر تیری، چھپا تھا میرا خیال تصویر وچ اے
صابر ہین برگشتہ نصیب میرے، اُلٹ لکھیا میری تقدیر وچ اے

ملک راج ٹانک:-

انہوں نے رامائن کا پنجابی نظم میں ترجمہ کیا۔

بشیشر ناتھ :-

سُوکھ کلاں ضلع گجرات کے باشندے تھے۔ انگریز بہادر کے بڑے مداح تھے۔

مفتی غلام رسول :-

شادی وال ضلع گجرات کے رہنے والے تھے۔ اردو اور پنجابی میں شعر کہتے تھے۔ اردو میں آپ نے قصیدہ بردہ شریف۔ پارہ عم۔ بھگوت گیتا کا ترجمہ کیا۔ پنجابی میں آپ کی متعدد نظمیں پائی جاتی ہیں۔

نمونہ کلام

چار کتاباں نازل ہویاں پنجواں رلیا سوٹا
جو کجھ وچ کتاباں لکھیاں بن سوٹے دے کھوٹا
سوٹا پیر تے سوٹا مرشد کیہہ چھوٹا کیہہ موٹا
سبھ تے اگے متھا ٹیکن باندر تے بکر وٹا
جے مفتی ہتھ سوٹا ہووے ہووے لک لنگوٹا
بھوت چڑیاں ٹھر ٹھر کنبن شینہہ رہے پراں کھلوتا

جہلم کے پنجابی شاعر :-

گجرات کی طرح جہلم بھی شعر و شاعری کے لئے نہایت موزوں خطہ ہے۔ اس خطہ سے وہ صاحبِ کمال جنہوں نے پنجابی زبان کی خدمت میں کوئی کسر نہ اٹھا رکھی مندرجہ ذیل ہیں :-

(۱) میاں محمد بخش۔ (۲) محمد فاضل صاحب (۳) غلام حیدر صاحب۔

(۴) میاں عبدالغنی عبدلؔ (۵) فضل الٰہی زرگر (۶) اللہ دتہ جوگی (۷) نُور عالم کُنڈپوری
(۸) عبدالمجید جہلمی۔ (۹) سید ہاشم علی (۱۰) اونکار ناتھ گیانی (۱۱) درشن سنگھ آوارہ۔
(۱۲) سردارنی بلجیت تلسی۔

میاں محمد بخش محمدؔ:۔

پیدائش ۱۸۳۰ء۔ وفات ۱۹۰۴ء۔ آپ کے والد صاحب کا نام میاں شمس دین قادری، ساکن کھڑی ضلع میرپور، ریاست جموں (جہلم) ہے۔ آپ حضرت عمر فاروق کی نسل میں سے تھے۔

میاں محمد بخش صاحب محمد کو جوانی کے عالم میں شعر و شاعری کا شوق ہوا۔ عربی، فارسی کے بڑے زبردست عالم تھے۔ پہلے پہل کچھ سی حرفیاں اور دوہڑے لکھے۔ ان کی تصنیفات میں قصہ سیف الملوک، قصہ سخی خواص خاں۔ قصہ مرزا صاحباں۔ ہدایت المسلمین۔ قصہ سوہنی مہینوال، قصہ شیخ صنعان۔ قصہ شیریں فرہاد، قصہ شاہ منصور۔ تحفہ رسولیہ۔ تحفہ میراں۔ اور گلزار فقیر ہیں۔ لیکن جو شہرت عام اور بقائے دوام کا نام سیف الملوک کو ملا ہے اور کسی تصنیف کو نہیں۔ ان کے سیف الملوک کی ہیر وارث شاہ سے بھی بڑھ چڑھ کر مقبولیت ہوئی۔ قصہ سیف الملوک میں آپ کی پانچ غزلیں بھی درج ہیں۔

نمونہ کلام

(۱) نیچاں دی اشنائی وچوں نفع کسے کد پایا
ککر تے انگور چڑھایا ہر گچھا زخمایا

(۲) جس دل اندر عشق نہ رچیا کُتے اُس تھیں چنگے
خاوند دے گھر راکھی کردے صابر بھکھے ننگے

(۳) جادو گہ دو نین کرڈی دے وچ کجلے دی دھاری
صوفی ویکھ ہو دان مست تلسنے، چھڈن شب بیداری

(۴) دوہڑہ:- عشق قصائی چھری وگائی کوہندا دے دے تتاں
چوہ نہیں گٹھیں حکم اوسے داکس پاسے نسّن وتاں
عاقل بھتیں بے عقل سدایا بھل گیاں سب گتّاں
ننگ ناموس سنبھال محمد دیہن سیانے متاں

اللہ دتہ جوگی :-

نام اللہ دتہ۔ تخلص جوگی۔ ۱۹۰۸ء میں بمقام کھڑی شریف دربار پیرا شاہ غازی پیدا ہوئے۔ ان کے والد بزرگوار میاں وزیر بخش معماری کا کام کرتے تھے۔ آپ کے والد اور چچا دونوں شاعر تھے۔ گویا شاعری ورثہ میں پائی۔ ان کے والد کا تخلص وزیر۔ چچا کا تخلص فقیر تھا۔ اِسی مناسبت سے آپ نے اپنا تخلص جوگی کیا۔ آپ سائیں احمد علی صاحب کے شاگرد ہیں۔ لوگ طوطیٔ جہلم کے نام سے یاد کرتے ہیں۔

نمونہ کلام

شمع اِک دھو کے دا ناں لے اس دھو کے دنیا ماری
ایسے دھوکے دچ پروانے ساڑی جند پیاری
دیوا بتّی، تیل پرایا، کجھ نہ اہدا اپنا
شام پئے تے روشن ہو کے سے کے اگ اُدھاری

غلام حیدر :-

آپ میونسپل بورڈ سکول پنڈ دادنخاں ضلع جہلم میں مدرس تھے دیوان حافظ میں بعض غزلوں کا پنجابی ترجمہ کر کے اس کے مجموعہ کا نام تحفہ بے نظیر رکھا ۔

نمونہ کلام

دیکھ لے خانے تائیں کھلا ہویا دل کھتیں سنا کر
گل تری دادلوں بجا نوں ہر دم ہویا چا کر
تینوں لائق بے نیازی ، نا لے فخر تکبر
مینوں سجدہ عجز غریبی کرنا چاہیئے سر پر
سوز محبت حافظ والا ظاہر ہوسی بار د
کدے کدائیں جے اک پھیرا اگوں شمع دے مارد

سید ہاشم علی :-

۱۳۳۲ھ میں انہوں نے ہیر وارث شاہ مرتب کی اور اس کی شرح لکھی آپ ہیر میں اضافات کے سخت مخالف ہیں ۔ انہوں نے ہیر اندتہ او رعزیز دین کی بہت تردید کی ہے ۔

اونکار ناتھ گیانی :-

آپ ۱۸۹۲ء میں پیدا ہوئے ۔ تصنیفات آپ کی یہ ہیں :- جپ جی دا ترجمہ شلوک محلہ ۹ دا ترجمہ ۔ باراں ماہ ۔ فرید دی بانی ۔

درشن سنگھ آوارہ :-

آپ ۱۹۰۶ء میں بمقام کالا گوجراں پیدا ہوئے ۔ بعد میں گوجرانوالہ تشریف لائے ۔[1]

[1] اصل وطن رسول نگر ضلع گوجرانوالہ ہے ۔

اور یہاں سے میٹرک پاس کیا۔ والدین کا پیشہ بزازی تھا۔ انگریز کے سخت مخالف تھے۔ آپ کی باغیانہ نظموں کا مجموعہ "بجلی دی کڑک" ۱۹۴۳ء میں شائع ہوا۔ آپ کی نظموں کا ایک مجموعہ "بغاوت" کوئی بارہ دفعہ چھپا ہے۔ چونکہ آپ ہمیشہ مفرور رہے اور انگریز کے ہتھے نہ چڑھے۔ اِدھر اُدھر گھومتے پھرتے رہے۔ اِس لئے مختلف تخلص مثلاً دل جیت۔ پھُل سنگھنا۔ دُکھی مردو۔ سنگتڑ۔ اور آخر میں آوارہ مستقل تخلص اختیار کیا۔

نمونہ کلام

وانگ پھُلاں چوبھ اُتے چوبھ کھاندے رہی دا اے
پھر دی اپنا ایہہ سبھا اے مسکراندے رہی دا اے
بھانویں رنداں نال دی کجھ دوستی گوہڑی نہیں
صوفیاں توں پر ذرا دامن بچاندے رہی دا اے
کدی پچھے تیر دی کوئی کھان والی چیز نے
سجناں دے تیر پر ہس ہس کے کھاندے رہی دا اے

سردارنی بلجیت تُلسی :-

آپ کا نام بل جیت اور تخلص تلسی کرتی تھیں۔ ۱۹۱۵ء میں آپ بمقام جہلم پیدا ہوئیں۔ والد صاحب کا نام سری براد تہ تھا آپ کی تصنیفات یہ ہیں۔
نیل کنٹھ۔ پارس ٹوٹے۔ نیلا آنبر۔ تن داراں۔ نیل کمل۔ یہ تمام کتابیں چھپ چکی ہیں۔

نمونہ کلام

نی میں اُس جوگی دی جوگن ہاں

ادہ دل میرے وِچ وسدا اے — بھہ بھہ کے نیڑے ہسدا اے

بجلی وانگوں لسدا اے — بدلاں وانگوں وسدا اے

میں اوہدے پیار دی روگن ہاں

میں اُس جوگی دی جوگن ہاں

راولپنڈی کے شاعر:۔

راولپنڈی کی وہ مشہور اور باوقار ہستیاں جنہوں نے پنجابی ادب کی خدمت میں خون پسینہ ایک کر دیا۔ مندرجہ ذیل ہیں:۔

(۱) احمد علی سایاں (۲) میاں قائم دین (۳) سائیں وارث۔

(۴) محمد حسین۔ (۵) سید مہر علی شاہ گولڑوی۔

احمد علی سایاں:۔ پیدائش ۱۸۳۶ء۔ وفات پشاور ۱۹۲۹ء۔

آپ قزلباش خاندان میں سے تھے۔ آپ کے آباؤ اجداد ایران سے آئے تھے اور یہاں آکر آباد ہو گئے۔ آپ راولپنڈی کے سکھ رئیس سردار گورکھ سنگھ کے پاس بہت عرصہ رہے طبعاً درویش تھے۔ تمام عمر شادی نہیں کی۔ نمونہ کلام

شاعر ہو ذہنوں سعید سگے حسن کووک دی زلف بنان لگیاں

دایہ وانگ زلیخا دے ہوئی کملی اپنے یوسف دے گیسو سلجھان لگیاں

میم قلم مصوّر قلم ہو گئے نقش قدرت پہ قرطاس بدلان لگیاں

دل معلّم دا ہو گیا سی پارے سایاں پہلا ای پارہ پڑھان لگیاں

سیّد مہر علی شاہ گولڑوی :۔

آپ ہندوستان کے مشہور پیر ہیں۔ بڑے عالم فاضل تھے۔ عربی فارسی میں آپ نے بہت کتابیں لکھیں۔ سورۃ فاتحہ کی عربی تفسیر آپ نے مرزا غلام احمد صاحب قادیانی کے جواب میں لکھی۔ پنجابی میں آپ کی نہایت دردبھری نعتیں ملتی ہیں آپ کی وفات ۱۹۳۷ء میں ہوئی۔ آپ کی نعتوں کے مجموعہ کا نام پنج گنج عرفان ہے۔ جو مطبوعہ ہے۔

نمونہ کلام

طویل نعت شریف کے آخری تین شعر

اوتھے بردیاں مفت دکاندیاں نیں ۔۔۔ شالا آون وت بھی اوہ گھڑیاں

سُبْحَانَ اللّٰہ مَا اَجْمَلَكَ ۔۔۔ مَا اَحْسَنَكَ مَا اَكْمَلَكَ

کتھے مہر علی کتھے تیری ثنا

گستاخ اکھیاں کتھے جا اڑیاں

ان مسلمان شعراء کے علاوہ ہندو شعرائے پنجابی کی فہرست ذیل میں درج ہے۔ (۱) ہیرا سنگھ درد (۲) ایشر سنگھ ایشر (۳) ودھاتا سنگھ تیر (۴) موہن سنگھ ماہر (۵) پریم سنگھ نمابر۔ (۶) کرتار سنگھ دُگل۔

ہیرا سنگھ درد :۔

ان کے والد صاحب کا نام ہرسنگھ جی تھا۔ آپ ۱۸۸۹ء میں پیدا ہوئے پہلے دکھیا تخلص کرتے تھے۔ پھر درد تخلص کیا۔ آپ نے لاہور سے اخبار اکالی جاری کیا تھا۔

نمونہ کلام

جب تیک بُوند لہُو دی اِک وی ہے میرے تن وِچ
جد تیک ناڑ اک دی ہلدی اے ایس بدن وِچ
جد تک پھرنا اک وی پھردا اے میرے تن وِچ
جیوندا ایں اِس لئی ہاں میری ہے رُوح وطن وِچ
اِک وار وطن اپنا آزاد کر وکھاں گے
اگے ہی اگے جاں گے پچھاں پیر پاں گے

ایشر سنگھ ایشر:-

آپ ۱۸۹۲ء میں پیدا ہوئے۔ اِن کے کلام میں روانی اور مزاح بہت ہے۔ ان کے کلام کے مجموعے بھائیا۔ دھرمی بھائیا۔ رنگیلا بھائیا۔ نواں بھائیا وغیرہ کے نام سے ہیں۔

نمونہ کلام

ساڈے بھائیا جی وڈے دھرماتما سن — اُٹھّے پہر ہی رب دھیاوندے سن
تڑکے اُٹھ کے بانی دا پاٹھ کرتے — نالے لوکاں نوں کتھا سناوندے سن
ترنہہ دن مہینے دے ہین اے پر — تتّی دن مقدمے تے جاوندے سن
پر لو تیک اِہی رکھن گے یاد سارے
کھلّ جٹاں دی ایہو جیہی لاہوندے سن

وِدھاوا سنگھ تیر:-

والد صاحب کا نام ہیرا سنگھ قوم برہمن ساکن گھگھر دٹ ضلع راولپنڈی۔ آپ عزیز کے شاگرد تھے ۱۹۰۱ء میں پیدا ہوئے۔ تصنیفات۔ شہیدی واراں

دھرو بھگت۔ انیائے تیر۔ گنگے گیت نل دمینتی۔ شکنتلا نثر میں ہیں جن کا ذکر آگے آئے گا۔

نمونہ کلام

جیٹھ ہاڑ وِچ تھر تھر کنبدا اڈھڑا بڈھڑا لالہ
گُڈیاں لَکّ جھُرّیاں پیّاں جاپے مرنے والا
پُچھیا بابا ایڈی گرمی نوں کیوں تھر تھر کنبیں
آکھن لگا درگاہ دا ای لگ دا پیا اے پالا

موہن سنگھ ماہر :-

پروفیسر موہن سنگھ ماہر کے والد ماجد کا نام ڈاکٹر جودھ سنگھ تھا آپ ۱۹۰۵ء میں بمقام دھمیال ضلع راولپنڈی پیدا ہوئے۔
تصنیفات۔ ساوے پتّر۔ تن پُرا۔ کسمبڑا۔ ادھوانٹے۔ ایشیا دا چانن۔ یہ تمام چھپ چکی ہیں۔

نمونہ کلام

وِچ سُکھاں دے ساری دنیا نیڑے ڈھک ڈھک بہندی
پرکھے جاہن سجن اس ویلے جد بازی پُٹھی پیندی
وِچ تھلاں دے جس دم سسّی بیٹھ کھڑے تے روئی
فس گیا کجلا دُڑھ پڑھ جانا، ہتھ نہ چھڈیا مہندی

سیالکوٹ کے پنجابی شاعر :۔

سیالکوٹ کے پنجابی شاعروں کی فہرست ذیل میں درج ہے۔

(۱) مرتضیٰ بیگ والیہ (۲) مسافر (۳) سائیں حیات پسروری ۔ (۴) جیون۔
(۵) حافظ عالم خاں خاکی ۔ (۶) حافظ عبدالحق (۷) حکیم محمد دین (۸) شاہ دین۔
(۹) رحیم بخش (۱۰) ایشرداس غالی (۱۱) ڈاکٹر دیوان سنگھ (۱۲) برکت رام یمن
(۱۳) لالہ دھنی رام چاترک (۱۴) گیانی کرتار سنگھ ۔ (۱۵) منشی برکت علی خورشید۔

مشہور ہستیاں :۔

سائیں حیات پسروری :۔

پورا نام محمد حیات ہے ۔ موضع داؤد باجوہ متصل پسرور ضلع سیالکوٹ کے رہنے والے ہیں ۔ آپ ۱۹۱۷ء میں پیدا ہوئے ۔ شاعری کا شوق ہوا تو استاد دامن لاہوری کے شاگرد ہوئے ۔

تصانیف :۔ کھریاں گلاں ۔ بھڑکدے شعلے ۔ معجزہ اسلام وغیرہ ۔

جملہ اصنافِ سخن میں لکھتے ہیں ۔ موضوع زیادہ تر ملی اور سیاسی ہوتی ہے ۔ انداز تنقیدی ہوتا ہے ۔

نمونہ کلام

منزل عمر دی ختم نہ ہووے جدتک تد تک جگ تے رزق نکھُٹدا نہیں
لکھاں بادشاہ ہون پر حکم باہجوں سر جاوے دا نہ کدی کُھسٹ دا نہیں
عزرائیل وی اوسے دے حکم باہجوں دم ساہ وجود چوں گُھٹ دا نہیں
اوہدے حکم توں باہجھ حیات سائیں پتّا ٹہنیوں کدی وی ٹُٹ دا نہیں

حکیم محمد دین صاحب :-

موضع جھنڈ یالہ تحصیل رعیہ ضلع سیالکوٹ کے رہنے والے تھے۔ آپ نے ہاشم علی کی مرتب کردہ ہیر پر عمدہ تقریظ لکھی ہے۔

مولوی شاہ دین صاحب :-

آپ کے والد صاحب کا نام مولوی قطب دین قریشی تھا۔ ننگ پورہ ضلع سیالکوٹ کے رہنے والے تھے۔ آپ ۱۸۶۱ء میں پیدا ہوئے۔ آپ عربی فارسی کے جید عالم تھے۔ پنجابی زبان کی خدمت کرنے کے لیے آپ نے بہت سے بزرگوں کے کلام کا پنجابی نظم میں ترجمہ کیا ہے۔ آپ نے مندرجہ ذیل کتابوں کے ترجمے کئے ہیں۔

(۱) دیوان غوث الاعظم (۲) دیوان محمود شبستری (۳) دیوان حضرت سلطان باہو (۴) دیوان حافظ۔ (۵) دیوان خواجہ معین الدین اجمیری (۶) دیوان او مثنوی بوعلی قلندر (۷) مثنوی شمس تبریز (۸) مثنوی فرید الدین عطار (۹) مثنوی بیسر نامہ (۱۰) فرید الدین عطار (۱۱) مثنوی مولانا روم تچھ جلد (۱۲) مثنوی گلشن راز۔

ترجمہ اس عمدگی سے کرتے ہیں کہ اصل کلام سے بھی زیادہ لطف آجاتا ہے۔

نمونہ کلام

مثنوی مولانا روم میں سے

سُن دکھلی تھیں جھیڑے ویلے سوز تے ساز الادے
ہجر فراق غماں دے جھیڑے کر کر کے کُرلادے
جنگل وچّوں وڈھ کے مینوں جس دن دے لے آئے
سُن سُن حال میرے نوں رنداں اہداں حال ونجائے

اوہ دل لوڑاں جو دل ہووے ہجر فراقوں سڑیا
پھول سناواں تاں میں قصے درد غماں دے اڑیا

دیگر:۔

اوس حکیم حقانی جس دم راز حقیقت پایا
موجب رنج مصیبت والا سارا ظاہر آیا
اٹھ کھلوتا لونڈی کولوں شاہ دل قدم اٹھایا
تھوڑا جیہا حال پوشیدہ شاہ نوں پھول سنایا
کیہہ تدبیر بنے ہن اوہدی شاہ نے عرض گذاری
موجب غم دے رہنے دا کیہہ اندر گریہ زاری

ڈاکٹر دیوان سنگھ:۔

آپ کا زمانہ حیات ۱۸۹۴ء سے ۱۹۴۴ء تک ہے۔ ان کا ذکر جدید اور آزاد شاعری کے باب میں آئے گا۔

برکت رام یمن:۔

آپ کے والد صاحب کا نام پنڈت امر رام تھا۔ آپ قلعہ سوبھا سنگھ ضلع سیالکوٹ میں ۱۹۰۵ء میں پیدا ہوئے۔ کالیداس کا پورن بھگت پڑھنے سے آپ کے دل و دماغ میں شاعری کے ذوق نے چٹکیاں لیں اور پھر پنجابی ادب کی خوب خدمت کی۔

نمونہ کلام

چرخہ خوب کتو دل دار جی — چھڈو حالت ہند سنوار جی
پیریں بوٹ جراب تے پٹیاں — گیتاں اوڑ سانڈیاں کھٹیاں

بھائیو بھرو نہ ایسیاں چٹیاں غفلت چھڈ کے ہو ہوشیار جی
چہرہ خوب کتو ولدار جی

لالہ دھنی رام چاترک :

پسیاں ضلع سیالکوٹ میں ۱۸۷۶ء میں پیدا ہوئے۔ پنجابی شعرا میں صفِ اوّل کے شاعر ہیں۔

نمونہ کلام

میرے مالکا! میں بڑا ہاں سودائی تیرے راہ تے چل کے نہ ورتی سچائی
میں دنیا تے آ غلطیاں کرن لگا دسنے بھوگ کوئی نہ کیتی کمائی
خوراکاں پوشاکاں تے عیاشیاں نے تری یاد ہے میرے دل توں بھلائی
میری موت تے لوکو حاتم نہ آیا!
رہے بوند چاترک نوں دینی دہائی

گیانی کرتار سنگھ :

والد صاحب کا نام سردار جگت سنگھ تھا۔ کلاس والہ ضلع سیالکوٹ کے باشندے تھے۔ آپ ۱۸۸۲ء میں پیدا ہوئے اور ۱۹۵۲ء میں فوت ہو گئے۔

کم و بیش چونتیس ۳۴ کتابوں کے مصنف ہیں جن میں سے زنکاری جوت۔ دانا دی جوت۔ رہسے پورکھا۔ اجیت خالصہ۔ پرہلاد بھگت۔ روپ بسنت وغیرہ شائع ہو چکی ہیں۔

نمونہ کلام (مقابلے)

کوئی پھل نہ بیراں جیڈ مٹھا سکا کوئی نہ سکے بھراں جیہا

دُنیا جیڈ نہ ہو رہے پُن کوئی لابھ وند نہ لپشو ہے گاں جیہا
سچّا دھن نہ دوسرا دھرم جیہا، ہور جاپ نہ رام دے ناں جیہا
ہور سُکھ جہان نہ بے وچ کوئی نہ سِر تے پیو دے سائے دی چھاں جیہا
جانور غریب ڈانگ گھگھی اتے چنچل کوئی نہ کاں جیہا
بھاویں دیس پردیس دی سیر کر لئو پر سُکھ نہ اپنے تھاں جیہا
دُنیا وچ دریا نے بہت بھاویں رنگ عشق نہ کتے جھناں جیہا
دیکھ ڈھونڈھ کے جگت کرتار سنگھا کوئی ساک نہ ہو رہے ماں جیہا

منشی برکت علی خورشید :-

اصل وطن آپ کا شہر وزیر آباد ہے لیکن عرصہ سے سیالکوٹ چلے گئے ہیں۔ بابو عبدالغنی وفا کے شاگرد ہیں۔ آپ غزل نہایت عمدہ لکھتے ہیں سن پیدائش ۱۹۰۲ء۔

نمونہ کلام

بھلیو بھلی اسے ایس جہان اندر، ماڑا ویکھ کے کسے نوں ماریئے نہ
لکھ سمجھ کے مول نہ ہنجھ پائیے، متاں گھاں دے ہون انگیار ڈھلے

مِلی والضحٰی نال واللیل جس دم، عجب قدرتی اُلفت دا راز کھُلا
چُمن رُخ ہمیش پیار سیتی، دوہاں طرف زُلفاں لٹک لٹک کے نے

لائل پور کے شعراء :۔

انگریزی دور کے لائل پور کے پنجابی شعراء کی فہرست ذیل میں درج کی جاتی ہے۔
(۱) غلام مصطفیٰ مضطر (۲) مولوی عبداللہ (۳) سعید الفت (۴) خادم تاندلیانوالہ
(۵) مولوی صمصام (۶) لعل نور پوری (۷) سندر داس نھی (۸) تیجا سنگھ صابر۔

مولوی عبداللہ

مولوی محمد عبداللہ صاحب موضع ملکھانوالہ چک ۲۲۶ ضلع لائلپور کے رہنے والے ہیں۔ ڈھولا پنچھی آپ کی مشہور نظم ہے جو زبان زد خاص و عام ہے۔

نمونہ کلام

وے توں اُڈجا بھولیا پنچھیا ایتھوں اپنی جان بچا
ایتھے گھر گھر پھاہیاں لگیاں تینوں لین نہ مول پھسا
تیرا آہلنا عرش عظیم تے، وے توں دلیں قدس دا شاہ
سر تاج پہنا تکریم دا۔ تینوں کیتا نے بادشاہ
تینوں وانگ نمونے اپنے سرجیا آپ خُدا
تینوں سجدہ کیتا قدسیاں، کوئی ادبوں سیس جُھکا
چھڈ شاہی مُلک دوام دی، ہُن قیدی بنیوں آ
ایتھے عاشق ہو گیوں آن کے دِل جیفہ اُتے لا

سیّد اُلفت :۔

شیخ محمد سعید نام بسنت گل ریل بازار لائل پور کے رہنے والے ہیں۔

کھڑدے پھُل اور مہکدے پھُل آپ کی نظموں کے دو مجموعے شائع ہو چکے ہیں۔

نمونہ کلام

دل صاف وِچ سینے نئے چاہیدا اے باہروں بھاویں ہووے وال وال کالا
ایہہ رنگ سنتے رب دے بنے ہوئے نیں کوئی ہے گورا تے کوئی لال کالا
گورا رنگ جے رب پسند کردا، کدی وا کدی نہ پیدا بلالؓ کالا
کالے رنگ دا ہونا نہیں عیب اُلفت ؔجے کر ہووے نہ نامۂ اعمال کالا

نند لعل نُور پوری :-

نام نند لعل تخلص نُور پوری۔ والد صاحب کا نام سردار لشن سنگھ نور پور تھا۔ لائل پور میں پیدا ہوئے۔ سن پیدائش ۱۹۱۰ء ہے۔ پہلے مدرس بعد میں تھانیدار بنے لیکن اطمینان حاصل نہ ہوا۔ ملازمت چھوڑ دی اور فلموں کے گیت لکھنے لگے۔ پھر یہ کام بھی چھوڑ دیا اور باقاعدہ شاعر بنے، اچھے شعر لکھتے ہیں اور ترنم سے پڑھتے ہیں۔ آپ کی نظموں میں "جٹ دی کمائی" اور بہار بہت مشہور ہیں۔

نمونہ

ترٹ کے جُاب مکھیرنے کھوپیاں نوں گورا اینیاں چہنہ نا ہرا کھولدا اے
رکھو نتاں سہاگے تے جوڑ گڈا پھر واسا کھیاں نوں گھر وں ٹورلدا اے

سندر داس عاصیؔ :-

آپ کے والد صاحب کا نام لالہ شادا رام تھا۔ آپ چاترک کے شاگرد تھے۔ پہلے اردو شعر کہتے تھے پھر سنہ ۱۹۲۶ء میں پنجابی شعر کہنا شروع کیے۔ آپ کی تاریخ پیدائش ۱۹۰۶ء ہے اور وفات سنہ ۱۹۵۲ء بمقام لدھیانہ ہوئی۔ اِن

کے کلام کا مجموعہ "پرلے پار" مطبوعہ ہے۔

نمونہ

سدھراں دے بوٹے ٹنگ گئے سڑ گئے ۔۔۔ لگ لگ بور امیداں دے جھڑ گئے
کِکراں نوں لگ پئے پھُل نی
مینڈھے ماہی نے
میرے پیار دا پایا نہ مُل نی!

تیجا سنگھ صابر:-

۱۹۰۷ء میں پیدا ہوئے۔ نانک پورہ ضلع لائل پور آپ کی جائے پیدائش ہے۔ آپ کی تصنیفات یہ ہیں:-

(۱) پرچھانویں۔ (۲) یادگار (۳) من مندر (۴) جھنکار (۵) پورب دا چانن (٦) نری اگ۔ (۷) وڈھے چلو (۸) جگدیاں جوتاں (۹) ساڈے کوی۔ یہ تمام کتابیں مطبوعہ ہیں۔

نمونہ کلام

کماناں بہت لفیاں نے او تیر و ہوش وچ آؤ
زنجیراں تڑک رہیاں نے اسیرو ہوش وچ آؤ
پپیتے تے تاج لعلی وچ فقیرو ہوش وچ آؤ
ہر اک ذرہ ای باغی اے امیرو ہوش وچ آؤ
لہو دے نال ای صابر زخم ہن دھون والا اے
بڑا کجھ ہون والا اے بڑا کجھ ہون والا اے

گورداسپور کے پنجابی شاعر:۔

ضلع گورداسپور کی جن مشہور اور فن کار ہستیوں نے پنجابی ادب کی خدمت کی ہے ان کے اسامی حسب ذیل ہیں۔

(۱) امیر بخش (۲) لوگرڈ سنگھ لوگرڈ (۳) عالم سیاہ پوش (۴) اکبر علی (۵) مولوی روشن دین (۶) فقیر علی فقیر (۷) شاہ شرف بھٹواری (۸) گوپال سنگھ گوپال (۹) امیر علی۔

لوگرڈ سنگھ لوگرڈ:۔

آپ کا وطن گھمن خورد ضلع گورداسپور ہے۔ آپ ۱۸۸۰ء میں پیدا ہوئے پیشہ کے طور پر درزی تھے۔ چھوٹی عمر میں ہی شاعری کا شوق چرایا اور اچھے شاعر بن گئے۔

نمونہ کلام

ن۔ نگہ دے نیزت کس کے تے قاتل لانا دھر کے نشان سینہ
تیرے خنجر دل رتا نہ رہی حاجت تیراں جگر ہے چھانی چھان سینہ
نیناں نیر دی نہر چلا دتی تیرے ہجر دل آتی حیران کینہ
پسند ان کرنا نہیں چاہیدا ننگ عاشق جس جگ وچ ساڑیا آن سینہ

عالم سیاہ پوش:۔

آپ کا اصلی نام محمد حسین ہے اور بابا عالم سیاہ پوش کے نام سے مشہور ہو گئے آپ کے والد ماجد کا نام میاں فضل کریم تھا۔ آپ قوم کے جاٹ ہیں۔ کلانور ضلع گورداسپور آپ کی جنم بھومی ہے۔ آپ ۱۹۱۴ء میں پیدا ہوئے ہیں۔

نمونہ کلام

ع۔ عشق دا ڈھاڈھا بپار اڈا اہڈا، نویں زوں تے تیر نہیں کہا بھیّ وا؟
اج کل دسے اساں حسین ویکھے انّاں چیڑے تے وچوں سانہہ بھیّ دا؟
اسیں حسین آرام شنا بیٹھے، ایویں گُت دا لکھا ہدا و ساہ بھیّ دا
عالم یار نوں اک دی نہیں بلدی دھیلے شاہ دا دُوجا دیاہ بھیّ داد

مولوی روشن دین :-

گھمن خورد ضلع گورداسپور کے رہنے والے تھے۔ آپ کی تصنیفات میں سے قصہ دل خورشید اور قصہ جابر مشہور ہیں۔ قصہ جابر تو ہزاروں کی تعداد میں چھپا ہے۔ ۱۸۳۶ء میں پیدا ہوئے اور ۱۹۲۲ء میں فوت ہو گئے۔ آپ کی قبر سٹھیالی ضلع شیخوپورہ میں ہے۔

گوپال سنگھ گوپال :-

آپ ۱۸۴۶ء میں پیدا ہوئے اور ۱۹۱۴ء میں وفات پائی۔ آپ نے شاہ بہرام۔ بشنو بگانل بہشتی مینٹل۔ یوسف زلیخا، رامائن لکھی ہیں جو تمام کی تمام مطبوعہ ہیں۔ کلانور ضلع گورداسپور آپ کا وطن تھا۔

ملتان کے پنجابی شاعر :-

ملتان کے علاقہ کی وہ بزرگ ہستیاں جنہوں نے پنجابی ادب کی خدمت کرنے کے لیے سر توڑ کوشش کی ہے اُن کی فہرست حسب ذیل ہے۔

(۱) متین خاں (۲) سید اکبر شاہ (۳) پیر وارثی (۴) سید جیون شاہ

(۵) منشی تیغ علی (۶) خادم علی (۷) پُرجوش (۸) پُردرد (۹) بارغ شاہ (۱۰) محمد امین شاہ (۱۱) جندن ملتانی (۱۲) زائر (۱۳) نورمحمد گدائی عرف نوران (۱۴) مولوی محمد یار (۱۵) عبدالستار فوق (۱۶) شیخ گل محمد خاشق (۱۷) مضطر ملتانی (۱۸) بی بی مخفی۔

سید جیون شاہ:۔ ان کا قصہ ہیر رانجھا اور ڈھولا مشہور ہیں۔

منشی تیغ علی:۔ شجاع آباد کے رہنے والے تھے۔ ان کی کافیاں مشہور ہیں۔

خادم علی:۔ آپ کے مولود لکھے ہوئے ملتے ہیں۔

پُرجوش:۔ ان کے نعتیہ کلام کے مجموعے چھپے ہوئے ملتے ہیں۔

پُردرد:۔ ان کے نعتیہ کلام کے مجموعے چھپے ہوئے ملتے ہیں۔

بارغ شاہ:۔ ذات کے قریشی تھے۔ اسمٰعیل پور تحصیل میلسی کے رہنے والے تھے۔ ان کا بھی نعتیہ کلام چھپا ہوا ملتا ہے۔

محمد امین شاہ:۔ بارغ شاہ کے لڑکے ہیں۔ والد کی تقلید میں نعتیں ہی لکھتے ہیں۔

نور محمد گدائی عرف نوران:۔ ان کی کافیاں مشہور ہیں۔

بی بی مخفی:۔ آپ ۱۸۷۲ء میں پیدا ہوئیں۔ نہایت پارسا اور متقی قسم کی عورت تھیں۔ مولوی محمد حسین احمد آبادی کو اپنا کلام دکھایا کرتی تھیں۔ مخفی الاسرار۔ تعلیم النساء اور عشق حقانی آپ کی مطبوعہ تصانیف ہیں۔

نمونہ کلام

مومن بھیناں کارن میری ایہہ نصیحت بھاری
ہے کامل استاداں نہ کوئی میری صنعت کاری
سخن سوارے کامل مرشد جس دی م استاکاری
مسلم بھیناں پڑھ کے اس نوں لین نصیحت کاری
علم پڑھن تے عمل کمادن اندر جہل خواری
پڑھو کلام خداوند والی، بدعت تھیں بیزاری
روز قیامت کارن کر لئو نیک اعمال تیاری
آخر مرنا ایس جہا نوں ہر اک وارو واری

ہوشیارپور کے شاعر:-

مولوی غلام رسول عالم پوری:-

آپ کے والد صاحب کا نام میاں مراد بخش تھا۔ قوم کے گجر اور عالم پور کوٹلہ کے رہنے والے تھے۔ آپ نے موضع غازیاں کے مولوی محمد عثمان سے فارسی اور عربی پڑھی بعد میں دہلی جا کر عربی اور فارسی کے مکمل عالم ہوئے۔ تعلیم سے فارغ ہو کر آپ ایک پرائمری سکول میں مدرس لگے، لیکن کچھ عرصہ بعد مدرسی چھوڑ کر گاؤں کی امامت کرنے لگے۔ سولہ سترہ برس کی عمر میں آپ نے شعر کہنے شروع کئے۔ پہلے پہل آپ نے کچھ چھوٹے چھوٹے قصے مثلاً چوپٹ نامہ، مسئلہ توحید، سی حرفی، سسّی پنوں لکھے۔ بعد میں داستانِ امیر حمزہ ایک بہت ضخیم کتاب لکھی جو اپنی مثال آپ ہے۔ یہ کتاب تین جلدوں میں ہے۔ اس کے بعد احسن القصص

(یوسف زلیخا) لکھی۔ احسن القصص آپ کا شہ کار ہے۔ احسن القصص کے بعد انہوں نے نہایت درد انگیز چٹھیاں بحرِ طویل میں سید روشن علی شاہ کی طرف لکھی ہیں جو نہایت درد انگیز اور رقت آمیز ہیں۔ آپ کے قلم میں حد درجہ کی روانی ہے۔

نمونہ کلام

دایا کی زلیخا سے پوچھ گچھ

کون بندہ کس کیتوں بندی اسے فرزند پیاری
تے اوہ رنگت رُخ تیرے دی سِکنتے لئی ادھاری
کس دیاں زُلفاں کنڈیاں ہوہو دل تیرے وِچ چُھپیاں
کس دے غمزے دو چشماں نازک رہن سرشکول رسیاں
صاعق برق دنداں جنہیں کنہے تیں پر شعلے جھاڑے
اوہ سینے وچ دس زلیخا کس نے زخم اگھاڑے
دس زلیخا رکھ نہ پردہ اکمرال تیری غم خواری
تے جے حال نہ کہیں زبانوں کون کری گا کاری

چِٹھی

جے ہیں یار میرا میں ول کریں پھیرا ایس جند دا کجھ اعتبار ناہیں
خالی بدن ایہہ کلا دا پنجرہ اسے، اُڈ یا بھور تے فیر درکار ناہیں
ایس کھڑ کدے ساز دی سُند دگڑی مُل یا وندی کسے بازار ناہیں
مُل یا وندا کسے بازار ناہیں، دیلا سُننے ہنے کریں اُدھار ناہیں

نعت

اُس دی انگل نال اشارے شق قمر افلاکی　　خیر النّاس عرب دا فصح خاص بلیے تریاقی

عشق ازلی ہے

عشق کرم دا قطرہ ازلی تیں ہیں ڈیے وس ناہیں
اِکناں لبھدیاں لبھدا ناہیں اکناں ڈیے وچ راہیں

بازغہ کا حُسن

پہلی عمر کواری رعنا سرو چمن دا بوٹا　　زہد لُٹیّے تے صبر لُٹیّے اُس اُناز نہورا

مولوی غلام رسول صاحب کے علاوہ شب دیال اور بھیّا رام بھی پنجابی ادب کے ممّد و معاون تھے۔

علاوہ ازیں ان منفرق علاقوں کے شاعروں نے بھی پنجابی زبان کے ذخیرہ میں کافی اضافہ کیا ہے۔ ان کے اسامی حسب ذیل ہیں:۔

(۱) رحیم بخش صاحب جھڑیانوالہ (۲) ولایت شاہ بہاول پوری (۳) گوالا (۴) سائیں دت (۵) ہرداس (۶) روشن دین بٹالوی (۷) سیّد علی شاہ خانپوری (۸) چوہدری فضل حق فضلؔ (۹) مراد علی فانی ٹبالوی (۱۰) محمد حسن حسنؔ (۱۱) کانشی رام (۱۲) مولوی محمد باقر (۱۳) اتُّو (۱۴) خاکی شاہ (۱۵) موسٰی لدھیانوی (۱۶) پنڈت کشور چند لدھیانہ (۱۷) اقبال جالندھری (۱۸) گورمکھ سنگھ مسافر (۱۹) اٹک (۲۰) پیارا سنگھ پدم لدھیانوی (۲۱) کدارناتھ تیواڑی کپورتھلوی (۲۲) دیویندر ستیارتھی پٹیالوی (۲۳) برکت رام۔

گورمکھ سنگھ مسافر

تخلص مسافر کیا کرتے تھے۔ موضع دھوال تحصیل فتح جنگ کے رہنے والے تھے۔ آپ ۱۸۸۹ء میں پیدا ہوئے۔ آپ مذہبی نظمیں لکھا کرتے تھے جو چھپ کر ہاتھوں ہاتھ بک جایا کرتی تھیں۔

نمونہ کلام

ایک ماں جس کے پانچ بیٹے شہید ہو چکے تھے۔ وہ آنے جانے والے مسافروں سے اپنے بیٹوں کے متعلق پوچھتی ہے:

آ دسے وا بھیا، وو جیا ای شاک میرا لادین پر نہ ترت سُنان دی کر
سینہ دھڑکدا، آندراں بُجھ گیاں کہہ دے چھیٹ نہ مُول لکان دی کر
میری جِند تن نکلدا جھوراں جاندا، آنسو وگدے بند کران دی کر
میرے جگر دے ٹوٹیاں پُتراں دا پتہ ہئی تے کجھ بتان دی کر

دیوندر ستیارتھی۔

آپ کے والد صاحب کا نام لالہ دھنی رام تھا۔ ریاست پٹیالہ کے باشندے تھے۔ آپ ۱۹۰۸ء میں پیدا ہوئے۔ ان کے لوک گیت بہت مشہور ہیں۔ آپ کو رابندر ناتھ ٹیگور کی صحبت سے بھی کافی فیض حاصل ہے۔

تصنیفات: "گدھا" "دیوا بلے ساری رات" "دھرتی دیاں واجاں" "مڑھکا تے کنک" "بڈھی نہیں دھرتی" "لک ٹنوں ٹنوں"

نمونہ کلام

نہیں کوئی ہیر نہیں ہاں رانجھا، پھیر دی ساڈا جیون سانجھا، دکھ سکھ سانجھا
عشق جہناں وچ دور تیکناں، کاش اسیں وی لا سکدے ـــــ لمّی تاری
تے ڈھاگل وکھری پا سکدے . . . .
ہے پیاری

کیدار ناتھ تیواڑی

والد کا نام پنڈت بھگت رام تیواڑی تھا۔ سنہ ۱۹۱۰ء میں آپ پیدا ہوئے۔ آپ کے کلام کا ایک مجموعہ "کِن مِن کنیاں" چھپ چکا ہے۔

نمونہ کلام

دیکھ اسمان تے چھائی گہری گھٹا ٹوپ گھنگھور
گھر نوں بھجے آون، باہروں پنچھی کیڑے ڈنگر ڈھور
کالیاں اِٹاں کالے روڑ، جیہنہ وساوے زور و زور
ننگ دھڑنگے منڈے کڑیاں گلیاں دے وچ شور و شور

پاکستان میں پنجابی ادب

۱۹۴۷ء ——— ۱۹۶۳ء

انگریزی عہد میں اشاعتِ تعلیم کے ساتھ ساتھ اگرچہ علم و ادب نے کافی ترقی کی اور اس کے ساتھ ساتھ پنجابی ادب میں بھی کافی اضافہ ہوا، لیکن ۱۹۴۷ء میں تقسیم ہند و پاکستان سے جس طرح اس علاقے کی سیاسی صورت بدلی، پنجابی ادب میں بھی اُسی طرح انقلاب آیا۔ ہندو شعراء کی کثرت ہندوستان چلی گئی، اور اسی طرح کچھ مسلمان شعرا پاکستان آ گئے۔ اس سے قطع نظر جدید حالات کے پیشِ نظر شاعری میں بھی معتدبہ تبدیلیاں ہوئیں۔ پرانی مثنوی گوئی، بیت بازی اور چو مصرعہ سرائی کی جگہ قومی، ملی اور جدید انواعِ سخن کی طرف پنجابی شاعری کے قدم اُٹھے۔ غزل کو فروغ ہوا۔ آزاد طرز کی نظمیں لکھی جانے لگیں۔ جن میں افضل پرویز، شریف کنجاہی، سلیم الرحمٰن، منیر نیازی، انیس ناگی، صفدر میر، احمد راہی کا نام خصوصیت سے لیا جاتا ہے۔ غرض انگریزی یا جدید اندازِ فکر نظمیں تقسیم ہند و پاکستان کے بعد لکھی جانے لگیں۔

پاکستان کے قیام کو اگرچہ زیادہ عرصہ نہیں ہوا۔ ابھی وہ احباب زندہ ہیں جنہوں نے انگریزی عہد میں سخن سرائی کی۔ اس لئے شعرا کے درمیان قطعی تقسیم تو نہیں کی جا سکتی کہ انگریزی عہد کے شعرا پاکستانی دور میں نہ آ جائیں۔ البتہ اندازِ فکر نے ان کے درمیان حدِ فاصل ضرور قائم کر دی ہے۔ جو لوگ پرانے طرز و طریق پر نظمیں لکھتے ہیں اور آج تک زندہ ہیں ان کا شمار انگریزی عہد میں ہو چکا ہے۔ اور جن پرانے لوگوں نے نیا اندازِ فکر اپنا لیا ہے، خواہ وہ اس قدر معمر ہیں لیکن

اُن کا نام اِس دورِ جدید میں درج کیا جاتا ہے۔ جیسے پیر فضل گجراتی۔
جدید انداز میں لکھنے والوں میں بھی ایک ہلکی سی تقسیم اِس طور سے کی جا سکتی ہے کہ اِن میں سے بعض احباب قدیم خیالات کو جدید اسلوب بیان میں ڈھالتے ہیں۔ یعنی صوفیانہ خیالات یا غزل کا قدیم رنگ ان کے پیشِ نظر ہے۔ دیگر حضرات کا اسلوب بیان بھی نیا ہے اور خیالات بھی جدید۔ یہ لوگ انگریزی زدہ ہیں اور انگریزی اندازِ فکر کا اثر ان پر نمایاں ہے۔

اُن شعراء کی فہرست پیش خدمت ہے

(۱) احمد راہی۔ (۲) یعقوب انور۔ (۳) شریف کنجاہی (۴) صوفی تبسم۔ (۵) ڈاکٹر فقیر۔ (۶) پیر فضل حسین گجراتی۔ (۷) کیپٹن تبسم (۸) حکیم ناصر (۹) کرم حیدری (۱۰) عبدالمجید بھٹی (۱۱) رشیدہ سلیم سمیں۔ (۱۲) افضل پرویز۔ (۱۳) افضل احسن۔ (۱۴) سلیم الرحمٰن (۱۵) اکبر لاہوری۔ (۱۶) حبیب جالب۔ (۱۷) حسن اعرافی۔ (۱۸) سلیم کاشر (۱۹) شہزاد احمد۔ (۲۰) محمد صفدر (۲۱) منیر نیازی۔ (۲۲) ظفر اقبال۔ (۲۳) انیس ناگی (۲۴) عبدالقدیر رشک (۲۵) شفقت تنویر مرزا۔ (۲۶) جمیل ملک۔ (۲۷) شہباز ملک (۲۸) عظیم بھٹی۔ (۲۹) اسلم راہی۔ (۳۰) شورش ملک (۳۱) منو بھائی۔ (۳۲) مضطر تاتاری (۳۳) جوہر جالندھری (۳۴) طالب جالندھری (۳۵) وحید اطہر (۳۶) گوہر نوشاہی (۳۷) محمد اسحاق۔ (۳۸) نذیر چودھری۔ (۳۹) باقی صدیقی۔ (۴۰) تنویر کشمیری (۴۱) محمد عالم کمبوہ تھلوی (۴۲) ماجد صدیقی۔ (۴۳) فضل دین بجنت (۴۴) حمید ظفر اقبال۔ (۴۵) شیخ رؤف (۴۶) منظور احمر (۴۷) سلطان محمود آشفتہ (۴۸) سعید جعفری (۴۹) انعام ادیب (۵۰) تنویر نقوی (۵۱) منیر نیازی۔

احمد راہی

۱۲ نومبر ۱۹۲۳ء کو امرتسر میں پیدا ہوئے۔ والد صاحب کا نام خواجہ عبدالعزیز ہے جو شال مرچنٹ کی حیثیت سے کام کرتے تھے۔ پہلے آپ اردو میں لکھتے تھے اور رسالہ سویرا کے ایڈیٹر تھے۔ ۱۹۴۹ء میں پنجابی میں لکھنا شروع کیا۔ ان کا پنجابی کلام بہت پسند کیا گیا۔ ان کے پنجابی کلام کا پہلا مجموعہ ترنجن کے نام سے شائع ہو چکا ہے۔ ۱۹۵۳ء سے یہ فلمی گیت کہانیاں اور مقالے لکھ رہے ہیں۔

نمونہ کلام "نظم کیکلی"

کیکلی کلیر دی نی کیکلی کلیر دی
چھلاں پئی ماردی جوانی جٹی ہیر دی کیکلی کلیر دی
چڑھدی جوانی نال چڑھ گیا بھار نی
نویں نویں جوبناں نوں آئی نواں چار نی
جندڑی نہ رول دلبریں کسے دلگیر دی ... کیکلی کلیر دی ....

جوڑے وچ موتیے نے پھل پئے سجدے
اکھاں وچ مٹھے مٹھے گیت پئے نچدے
کھل جاندے بھیت لوک بھانویں لکھ کجدے
بھٹی ہوئی ایں توں کسے ڈاڈھے تکھے تیر دی .... کیکلی کلیر دی ....

پلکاں دی جالی وچوں جھاکنی آں کہانیاں
بانیاں تے لگاں دیاں کھیڈاں نیں پرانیاں
راہاں وچ ٹھیڈے کھان نظراں نمانیاں

تاب نہیوں جھلّی ماندی تیرے ڈنگے چیروی کیکلی کلیردی ....

چُپ چُپ رہ کے دی بڑا کجھ کہندیاں
لگ جاہن اکھیاں تے کھبیاں نہیں ہندیاں
ہوٹھاں تے وندا سے سجھیں ج گیاں جھندیاں
کدھیاں نیں تاہنگاں تے گھیر گھیر ہندیاں
سچ سچ دس ماں نی سونہہ تینوں ویردی

کیکلی کلیردی نی کیکلی کلیردی
چھلاں پئی ماردی جوانی جٹی ہیردی

قریشی غلام یعقوب انور

پنجابی زبان کے استاد شاعر بابو عبدالغنی وفا کے فرزند ہیں۔ ۱۹۱۵ء میں بمقام گوجرانوالہ پیدا ہوئے۔ ۱۹۳۴ء میں گورنمنٹ کالج لاہور سے بی۔ اے کیا۔ پھر ایل۔ ایل۔ بی کا امتحان پاس کیا۔ اور محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن میں ملازم رہے۔ ملازمت چھوڑ دی۔ آج کل ہائی کورٹ کے ایڈووکیٹ ہیں۔

آپ انگریزی، اردو اور پنجابی کے اعلیٰ پایہ کے شاعر اور نثر نگار ہیں۔ اخبار و رسائل میں ان کے نگارشات اکثر دیکھنے میں آتے ہیں۔ ہر سہ زبانوں میں ان کے ضخیم دواوین موجود ہیں۔ پنجابی سے خاص لگاؤ ہے۔ کافیاں مادھولال حسین، ابیات سلطان باہوؒ اور بلھے شاہ کی کافیاں کے انگریزی میں تراجم کیے ہیں۔ پنجابی میں آپ کی غزلیات کا ایک مجموعہ زیر اشاعت ہے۔

نمونۂ کلام

مستی والیاں سدھراں دا اتھل پتھل پھڑک پیا اج فیر
ہنجوآں خاں دی ڈاچی دا اُٹّل کھڑک پیا اج فیر

اکھیاں اندر پیار ڈے منگرے ٹُوٹے بُھوتوں بجھدے نیں
مارُو جیبھ جبدائی کھنڈوں کڑک پیا اج فیر

جیہڑی دنگ نوں بھن اک چھوہری پیار کسے دا تکیا سی
دل دے ٹھپٹ وچ اوہو ٹوٹا رڑک پیا اج فیر

پیر جھناں دیاں سوہنیاں تیری اکھ تنگھ ہن نہیں سے سکنی
چیر کے پٹ مہینوالا لکھ نوں تڑک پیا اج فیر

اک نیوہ بن شد ماکل اکھ دی رتا جینی شہ اُتے
نموں جھانیاں تا ہنگاں دا دل دھڑک پیا اج فیر

اِس ایڈ دا سایہ کائی ٹُھبّن والی جیبھ نہیں
مسجد دی محرابے انور بھڑک پیا اج فیر

شریف کنجاہی :-

سوہنا کرکے کوی دا رنگلا خیال نہیں
گورے رُخسار تے کالا جیہا تِل بن ہیں
کسے سوہنی زلف دا کالا جیہا وال نہیں

گوربخش سنگھ پہلوی :-

سُتے ہی زندگی وچ پیڑاں نیں آگیاں
کجھ میٹیاں، کجھ اُلجھناں ہور تے چھا گیاں
پرتیاں نوں آکھیا میں بے خبر تاں نہیں مُلاں
حالناں ای مسیبتوں کجھ ہور نے کھا گیاں

ہوس کراسی کدے راہی منزل ویں پالیندا

راہ سنے صاف سن کجھ گھراں ای چھاگیاں

سمن مچھالوی :-

جھلّی توں سچ مچ جھلی ایں

ساڈوں پیار سکھا کے اکھاں نال

جی لا کے اوڈ دے لکھاں نال

ہُن خورے کتھّے چلی ایں

جھلّی ایں توں سچ مچ جھلّی ایں

کرشن سرشار :-

کتے شعلہ نہ اگ دا مرا کوئی ارمان بن جائے

کتے باغی نہ میری دُکھ بھری ایہہ جان بن جائے

وقت نوں روکو سنبھالو، اجے تاں وقت ہے باقی

پتہ نہیں کد سماں اوہ کرڑکدا طوفان بن جائے

آبادی اج دی خونی زمانے وچ خبر کیہہ لے

کدوں کوسڑ دیاں لاشاں دا اِک شمشان بن جائے

بھگوان سنگھ دیپک :-

ٹیارے دیس پنجاب دے ٹک ایدھر پیلوں توڑ دیئے

ہتھ بھڑ کے سوٹی کا ہوُ دی کھیتاں چوں ڈنگر موڑ دیئے

ڈٹ ڈٹ کے بوری سیر لئی ٹُٹا ہویا رستہ جوڑ دیئے

شاں شاں کر کے تیرے مکھڑہ اُتے کوئی گیت لوہن پئی گاندی اے
اج وا پُرے دی وگدی اے تیری چُنّی اُڈدی جاندی اے

تیرے بیری والے کھوہ اُتے کئی رانجھے الکھ جگاں پئے
کالے لہراندے وال تیرے راہیاں نوں پھاہیاں پاں پئے
گا گیت کوئی جد جھومیں توں پنچھی دی تان وی جان پئے
بڑا سوہنا سادہ جوبن تک جنت دی حور شرماندی اے
اج دا پُرے دی وگدی اے تیری چُنّی اُڈدی جاندی اے

تر لوک منصور:۔

آساں دا پھڑ کے پلّا دھنّدی ہی جا رہی آں
منزل ہے آن والی دل نوں سمجھا رہی آں
ناکام ای رہی آں، ہر روز ہر جنم وچ
میری دانائی دیکھو، پر پیار پا رہی آں
دل جان دا نہیں سی کس نوں خوشی نے کہندے
ہنجوں چھپان خاطر میں مسکرا رہی آں

ہمت سنگھ:۔

اِس پار پیاری سب کجھ ہے اُس پار پتہ نہیں کیہہ ہووے
جیوں ٹے ایدھر سولا رے اُس پار رینہ نہ جی ہوٹے
ساڈے تاں تپہ کیہہ کیہہ رحمت نے کھل ہے کاسے کا دی
اپنے تاں ہپنیا عیب نہیں، اوہناں پتہ نہ پی ہوٹے

ایتھے قاتل دی چھٹ جاوے سو نال جے سانوں نوں ل دیوے
اودھر پھس گئے نہ پھڑکن دی ہووے کیہہ پتہ نہ دی ہووے

کرتار سنگھ خاک:-

جھانی مینے جا — وڈی ہونا ایں جے گناہ — نی توں ایڈی رہ سدا
اینویں ہسدی نہ نی جا — نی توں تھوڑا تھوڑا کھا — جھانی مینے جا
بہتا رولا نہ توں پا — جھانی مینے جا

کھرل رائے پوری:-

حسن دی سرکار دا اعتبار کیہہ — اوس دی جانے بلا ہے پیار کیہہ
جو نہیں جانے دفا دے نام نوں — اوس نوں ہووے وفا دی سار کیہہ
چھل ہی چھل جیون توں چنگے جنہاں
کیہہ پتہ اوہناں نوں ہوندا اے خار کیہہ

بلدیو اینجہ روہتکی:-

ساڈی سڑ گئی اے تقدیر کسے دا کوئی نہیں
ہن مٹ گئی لیکھ لکیر کسے دا کوئی نہیں
دل تے لگیاں چوٹاں بریاں
سینے دے وچ چبھدا چھریاں
ساڈا ویکھے جگر کوئی چیر کسے دا کوئی نہیں
ہن مٹ گئی لیکھ لکیر کسے دا کوئی نہیں

ڈاکٹر ٹھاکر بھارتی :-

اس بلیڈ نہیں رہنا ایتھے، دو دِن دا حُسن پروہنا ایں
چند صدقے اوس پرُہنے توں جس نے مُڑ کدی آؤنا نہ ایں
پُت جھڑ دا ڈر ہے پُھلاں نوں جاں پُھلاں سجیاں سیجاں نوں
رُت آوے تے رُت مُڑ جاوے، اپنا سلوا اہر وچھونا ایں
کیہہ عشق بجھیا ہے سانوں، کیہہ حُسن سجھا ہے سانوں
ساڈے لئی عشق تماشا اے، ساڈے لئی حُسن کھڈونا ایں

اندر بی۔ اے

بے وفا توں وفا دی آس نہ کر
جیون ہے جس لئی، جیون دل اناس نہ کر
عرشوں فرش تے مارنا دستور ظالم دا
بُرے چڑھا کے آکھنا بکواس نہ کر
اکھاں چار نہ کر، کوئی اقرار نہ کر
منہ پھیرے بھانویں تکرار نہ کر
بولی شوکدی گولی، کٹار تیز دودھاری
میانوں کڈھ کے ظالم جگر تے وار نہ کر

رتن سنگھ :-

چن

چن چڑھیا، چن بدل گھیریا
ہر اِک دا دل موہوے
رشم مُڑی وچ سپنے سُکھ اے
دکھیا پیا پرووے
ادھ مہینہ چانن دیویں
تے ادھ دی ادھو رانا
سبھے دنیں نال اوہ ڈرے چانن
جس جیوں چاننی ہووے

اُلفت جویلوی :-

ایہہ دُنیا بے دردی ایتھے دل نہ لگانا
لہو نہ پینا اجی غم نہ کھانا
دل دا درد تیرا کون حان پائے گا
جگر دے زخماں نوں کون ٹانکے لائے گا
دکھاں دے گھمبور وچ کون نال جائے گا
بنی تے دوشنا ں دے کون کم آئے گا

عاجز جالندھری :-

میں اپنا آپ بھُل جاناں جدوں کائنات تکنا ہاں
تما شا چند سورج دا، پیا دن رات تکنا ہاں
سوہانے رنگ کھلاندے عجب ساز رنگے نیں
پر ہر رنگ دے وچ عاجز، میں اُس دی ذات تکنا ہاں

آر ۔ ایس ۔ راہبر :-

اکو نظر محبوب دی شب جاندی دا حسن دا اکدے نہ مُکدا اے
چتی چڑھے نوں ویکھدا جگ سارا حسن پردیاں وچ نہ لکدا اے
عاشق خون دا لاوندے نت پانی بوٹا عشق دا تیرے رسکدا اے
سُولی چڑھے منصور پریم تکھے انا الحق کہنوں ناہیں رُکدا اے

جگنا رپپیہا :-

ضلع جالندھر کے ایک گاؤں راج گوماں کا رہنے والا ہے اور موجود

زمانے کا مشہور گیت کار ہے۔ اِس کے گیت پنجاب کی دیہاتی زندگی کی مُنہ بولتی تصویر ہیں۔

دودھ چِٹّے تروڑ تروڑ کے ۔ میرے گھگّھرے نُوں لاویں تارے
نیر وِچ چند چڑھ جائے ۔ میرے گھگّھرے نُوں ویکھن سارے
ست رنگی پینگھ ورگا میرے ۔ گھگّھرے وِچ نالا پاوے
گھگّھرے دی شُوک سُن کے ۔ رُت دیہن ڈیرے سہرے ویناں
کھیلی جاؤں کیسے توں وے ۔ بن کے لڑدوں سپ چھپناں
گھگّھرے دا ہر دل نُوں ۔ اج نہیر ناگ بناوے

حصّہ سوم

لوک گیت

لوک ناچ

پنجابی عشقیہ قصص

پنجابی عشقیہ قصص کا پنجابی ادب میں حصّہ

لوک گیت

لوک گیت :-

پنجابی شاعری کی یہ ایک صنف ہے جس کا تعلق عوامی یا انفرادی زندگی سے ہوتا ہے۔ یہ گیت کسی خاص شاعر کے طبعزاد نہیں ہوتے بلکہ خودرَو پودوں کی طرح خودبخود معرضِ وجود میں آتے ہیں۔ پنجاب کا خطہ ایک ایسا جنت نظیر خطہ ہے جس میں زندگی کا ہر پہلو بڑے ذوق و شوق سے دیکھا جاتا ہے۔ اس کا اکثر حصہ دیہات پر مشتمل ہے۔ دیہات میں ترنجنوں میں بیٹھنے والی عورتیں، کھیتوں میں ہل چلانے والے کسان اپنی زندگیوں کی خوشگواری قائم رکھنے کے لئے اپنے تخیلات کو ترنم کی صورت میں گاتے ہیں جس سے یہ گیت معرضِ وجود میں آتے ہیں۔ پنجابی زندگی کا کوئی ایسا ماحول نہیں جو ترنم آمیز نہ ہو۔ اس لحاظ سے ان لوک گیتوں کی تعداد لاکھوں اور کروڑوں تک پہنچتی ہے۔ کھیتوں میں ہل چلانے والے کسان، مویشی چرانے والے لڑکے، ترنجنوں میں بیٹھنے والی عورتیں، بیاہ شادیوں کے مواقع، چاندنی راتوں کے مناظر، اور ان کے علاوہ ہر غمی شادی کا موقع میلوں کے اکھاڑے وغیرہ ان لوک گیتوں کے خاص محرک ہیں۔ ان کے علاوہ بھی بعض سینکڑوں پہلو ایسے ہیں، جو ان لوک گیتوں میں گائے جاتے ہیں مثلاً حُسن و زیبائش کے خواہش مند اور شوقین لوگوں کے لئے یہ اعلان لوک گیت

کی صورت میں یوں کیا جاتا ہے۔ ع کالیاں نوں خبر کرو۔ چٹا رنگ بیاں وچ آیا۔
یا دُنیا کی بے ثباتی کے متعلق ع قبراں اُڈیکدیاں۔ جیوں پُتراں نوں ماواں

پنجاب کا اکثر حصّہ پہاڑی ہے۔ جہاں کے اکثر لوگ فوجی ملازم ہیں۔
وہاں کی نوجوان عورتیں اپنے محبوب خاوندوں کے فراق میں بھی اسی طرح کے
لوک گیت گاتی ہیں۔ نیز پنجاب کی سرزمین حُسن و عشق کا محور ہے۔ اِس میں رُومانی
اشعار کا سلسلہ نہایت وسیع ہے۔ اِن تمام خیالات کی ترجمانی جس قدر لوک گیتوں
سے ہو سکتی ہے کسی اور صنفِ سخن سے نہیں ہو سکتی۔

مثلاً حسن کی کرامات دیکھئے ؎

جتھے پچھی پیر دھردی ادتھے اُگدا سرو دا بُوٹا

جوڑے کا انتخاب :۔ ؎

اگوں تیرے بھاگ لچھیے منڈا دیکھ لے کمزور گا

حُسن کی نمائش کا اثر :۔ ؎

ہالیاں نے ہل ڈک لیے تیرے لونگ دا پیا لشکارا

تشبیہہ کا کمال :۔ ؎

رن نہا کے چھپڑوں نکلی سُلفے دی لاٹ ورگی

حُسن کے کارنامے :۔ ؎

مُنڈا موہ لیا تویتاں والا تے دمڑی دا سک مل کے

اِن کے علاوہ کسی علاقے کے سماجی اور معاشرتی معلومات کا صحیح انسائیکلوپیڈیا
اُس علاقہ کے لوک گیت ہیں۔ یہاں اِن لوک گیتوں کی چند صورتیں درج کی جاتی ہیں۔

چھلاّ :- اس انگوٹھی کا نام ہے جس میں نگینہ نہ ہو۔ چھلا گیت مرد اور عورت کے عشق کو ظاہر کرتا ہے۔ یہ زیادہ تر چھچھ پوٹھوہار اور ملتان کے علاقہ میں گایا جاتا ہے۔

چھلاّ مہاڑا کِس کھڑیا مہاڑی انگلی کریندی پیڑ
ماہی لئی میں باغ لوانی آں وچ لوانی آں کیلا
ماہی مہاڑا گشتی نی گیا یاد کرنیں آں ویلا
چھلاّ مہاڑا کِس کھڑیا مہاڑی انگلی کریندی پیڑ

۱- لوریاں :- چھوٹے بچوں سے پیار کا اظہار اور اُن کی آئندہ زندگی کے روشن توقعات کے پیشِ نظر اِن گیتوں سے اُن کو بہلایا جاتا ہے حقیقت میں لوری دینے والے کی خواہش ہوتی ہے کہ ہمارا بچہ ایسے روشن مستقبل کا مالک ہو جیسے ؎

الّھڑ بلّھڑ باوے دا — باوا کنک لیاوے دا
مائی بڈھی پھٹّے دی — کوٹھی ڈے وِچ گھٹّے دی
بڈھی کنک پکاوے دی — باوا روٹی کھاوے دا

۲- گھوڑیاں :- یہ وہ لوگ گیت ہیں جو خانہ بدوش عورتیں گھروں میں آکر بچوں کو سُناتی ہیں۔ عورتیں اُن کے گرد بیٹھ جاتی ہیں۔ وہ گاتی ہیں اور پھر بطورِ خیرات کے کچھ آٹا، دانہ وغیرہ لے جاتی ہیں۔

نمونہ

گھوڑی نے لال میرے دی گھوڑی — سندر چالاں والی

چن میرے دی گھوڑی ساز حمائلاں والی
لال میرے دی گھوڑی اُچیاں چھالاں والی
گھوڑی دے لال میرے دی گھوڑی
ربّ رلائے جوڑی۔ گھوڑی .....

۳۔ ڈھولے یا ٹپّہ :۔ اِن لوک گیتوں میں بہادروں، ڈاکوؤں، اور جنگی آدمیوں کی سوانحعمریاں بیان کی جاتی ہیں۔ نیز خانگی لڑائیاں۔ دھڑے بازیاں اور انتقامی واقعات بھی بیان کیئے جاتے ہیں۔ بیاہ شادیوں کے موقعوں پر اور میلوں وغیرہ کے موقعوں پر لوک ڈھولے گانے والوں کو بلا لیتے ہیں اور وہ رات کے وقت ڈھولے گا کر سناتے ہیں۔

ماہیا :۔ عاشق اور معشوق کے مکالمے کے طور پر یہ لوک گیت گایا جاتا ہے۔ یہ گجرات کے مشہور عاشق و معشوق ماہیا اور بالو کی ایجاد ہے۔ نمونہ

ڈیرے ساڈے نالوں ٹُٹن چنگے بوردے لشکائے ہوئے نی
جیہڑے سینے نال لائے ہوئے نی

چیّا لگڑ ڈبنیرے تے۔ کاشنی دو پٹے والئے منڈا عاشق تیرے تے

جھوک :۔ یہ وہ لوک گیت ہے جس میں فریاد کی جاتی ہے۔ مثلاً :

مار نہ شمرا میرا ویر حسینؑ ڈے فاطمہ زُہرا دا ایہہ نورالعین وے
اکلّا مسافر کوئی ساک نہ سین وے نام مولا دے ہیر علیؑ دیا جایا ڈے
پیر حسّینا ! تیں نے کیوں چِڑلایا ڈے

سِٹھنیاں :۔ برات کے موقعوں پر دُولھا کے براتیوں اور براتی عورتوں کو

ڈُلہن کے گھر والی عورتیں خوشی میں طعنے دیتی ہیں جو ان کو ناگوار نہیں گذرتے۔

نمونہ

پیو نہ پڑھیا اتے دادا نہ پڑھیا　　　منڈا حرام دا بیسنے نہ دڑیا

ٹھوڑا ٹھوڑا کھایا جے　　　گلیاں نہ نزکایا جے

الاہنیاں یا سیاپے

الاہنیاں یا سیاپے :- یہ ایک مرثیے کی صورت ہے کسی کی موت پر عورتیں ادھر دبچے باندھ کر ایک حلقے میں کھڑی ہو جاتی ہیں۔ سینہ پیٹتی ہیں۔ رخسار نوچتی ہیں۔ اور مترنم آواز سے مرنے والے کی خوبیاں بیان کرتی ہے۔ اور اُس کے مرنے سے جو خلا پیدا ہوتا ہے اُس پر سر پیٹتی ہیں۔ یہ رسم ہندوؤں میں عام ہے۔

ہائیا شیرا۔ ہائیا شیرا

تیرے نکے نکے بال　　　ہائیا شیرا۔ ہائیا شیرا

اہناں نوں لیندوں پال　　　ہائیا شیرا۔ ہائیا شیرا

تینوں روندی تیری نار　　　ہائیا شیرا۔ ہائیا شیرا

گیوں بڈھی ماں نوں مار　　　ہائیا شیرا۔ ہائیا شیرا

تیرے پیو دا بھیڑا حال　　　ہائیا شیرا۔ ہائیا شیرا

کیوں نہ لے گیوں اونہوں نال　　　ہائیا شیرا۔ ہائیا شیرا

وَین :- یہ بھی ایک مرثیے کی صورت ہے جو مسلمان عورتوں میں مروج ہے طریقہ یُوں ہے کہ مرنے والے کی ماتم پُرسی کے لیئے رشتہ دار وغیرہ آتے ہیں۔ دو دو عورتیں ایک دوسری کے گلے میں باہیں ڈال کر بیٹھ جاتی ہیں اور ترنم میں رونا شروع کر دیتی ہیں اور مرنے والے کی خوبیاں بیان کر کے نہایت رقت

بھرے انداز سے گاتی ہیں۔ خود بھی روتی ہیں اور سننے والوں کو بھی رُلا دیتی ہیں۔

چھند :۔ دُولھا شادی کے بعد جب مکلاوا لینے کے لیئے سسرال آیا ہوتا ہے۔ تو گاؤں کی لڑکیاں مل کر اُس کے پاس جا بیٹھتی ہیں۔ مذاق کرتی ہیں اور وہ جو اپنے آپ کو اجنبی محسوس کرتا ہے اُن احساسات کو مٹاتی ہیں۔ وہ چھوٹے چھوٹے گیتوں میں جو تحت اللفظ پڑھے جاتے ہیں، دُولھا، دُولھا کی ماں اور بہن کو مزیدار گالیاں دیتی ہیں اور پھر دُولھے کو بھی جواب دینے کے لیئے کہا جاتا ہے۔ یہ چھند کہلاتے ہیں۔ مثلاً :۔

ایک لڑکی :۔ چھند پراگے چھند پراگے چھنداگے کہی
ماں تیری لومڑی، کوٹھے پئن گئی

جواب :۔ چھند پراگے، چھند پراگے، چھنداگے تھالیاں
جنیاں اتھے بیٹھیاں ہویاں سبھے میریاں سالیاں

اکھان :۔ اُردو میں اس کو ضرب المثل کہتے ہیں۔ اِس میں ایک قسم کی سچائی پوشیدہ ہوتی ہے اور صدیوں کا تجربہ مضمر ہوتا ہے۔ مثلاً کم علم آدمی جب اپنی بساط سے بڑھ کر پاؤں مارتا ہے تو طعنے کے طور پر کہتے ہیں "پانہ پڑھی وخت نوں پھڑی"۔ اندھی تقلید کے بارے میں :۔ "چار رکعت نماز میرا۔ جو حال اگلیاں دا سو حال میرا"۔ مسٹر ڈبلیو اے کیمپن نے اِس موضوع پر ریسرچ کی ہے اور ایک مستقل کتاب لکھی ہے جس میں کوئی آٹھ سو اکھان موجود ہیں۔

مہندی یا سہاگ :۔ شادی سے آٹھ دن پہلے ایک رسم "مایاں" دن کو ادا کی جاتی ہے جس میں گندم اُبال کر "گھنگنیاں" بانٹتے ہیں۔ اُسی شام کو بہت

سی مہندی ایک برتن میں گھولی جاتی ہے۔ محلے یا گاؤں کی بڑی بوڑھیاں اور لڑکیاں اکٹھی ہو جاتی ہیں۔ ڈھولکی پر گیت گائے جاتے ہیں۔ جب گا چکتی ہیں تو تمام میں مہندی تقسیم کی جاتی ہے اور وہ لڑکا یا لڑکی جس کی شادی ہو انہیں بھی مہندی لگائی جاتی ہے مہندی لگاتے وقت مہندی لگانے اور بانٹنے والیاں "مہندی دا گون" گاتی ہیں ؎

مہندی لا دن آیاں تینوں بھیناں سنے بھرجائیاں
کجھ چاچیاں تایاں، کجھ اپنیاں تے پرایاں ——— تینوں مہندی لا دن آیاں

سُراں یا سدّاں:- یہ ایک خاص طرز کا گیت ہے۔ اس میں قصے وغیرہ بھی بیان کیئے جاتے ہیں۔ ہمارے ملک میں "مرزے دیاں سُراں" بہت مشہور ہیں۔ دیہاتی لوگ انہیں نہایت شوق سے سنتے ہیں۔

رخصتی گیت:- ان گیتوں میں جدائی کا دردناک اور رلا دینے والا منظر بیان کیا جاتا ہے۔ دلھن ڈولی میں جب بیٹھتی ہے اُس کی سہیلیاں یہ گیت گا گا کر خود بھی روتی ہیں اور اُسے بھی رُلاتی ہیں۔ یہ منظر بھی نہایت دردناک ہوتا ہے۔ بالکل وہی نظارہ جیسے کوئی مر جاتا ہے اور اُس کی لاش قبرستان کو جا رہی ہوتی ہے۔ وارث شاہ نے "ہیر کا ڈولی چڑھنا" میں ان تمام خیالات کا اظہار کر دیا ہے جو دلھن بیان کرتی ہے۔

شادی کے گیت:- شادی سے چند دن قبل "مایاں" اور شادی کے درمیانی آٹھ دن میں محلہ یا گاؤں کی لڑکیاں رات کو شادی والے گھر کے کوٹھے کی چھت پر بیٹھ کر ڈھولک بجاتی ہیں اور یہ گیت گاتی ہیں۔ ان گیتوں میں

"ساس کی مذمت۔ سُسر کی بُرائی۔ نندوں سے نفرت، وفادار بیویوں کی صفات اور عشقیہ مضامین خوب گائے جاتے ہیں۔ مثلاً:۔

ڈوئی ــــ سیتے پیر لگ لین دیئے ڈھی جائے کی جیہڑی مُڑ ہوئی

گنیریاں ــــ سیتے پیر لگ لین دیئے گلھاں نیریاں جیہڑاں میریاں

پھیتا ــــ مَرن تیریاں لوریاں مجھیں، میرے دیہ گھڑے دا پانی پیتیا

چھینی ــــ ستّاں نی بھرانواں والیئے تیری سار کسے نہیں لینی

ناپے ــــ مُنہ تیرے اگ نی پوے بسائین گے جمّن والے ماپے

غرض اِن شادی کے گیتوں میں لاتعداد قسم کے مضامین پائے جاتے ہیں۔

چاندنی راتوں کے گیت:۔ دیہات میں اکثر رسم ہے کہ چاندنی راتوں میں خاص طور کتک اور چیت کی چاندنی راتوں میں لڑکے اور لڑکیاں مل کر کھیلتے ہیں اور خوشی کی رَو میں اِس رومانی منظر کے تاثرات گیتوں کی صورت میں بیان کرتے ہیں۔ مثلاً

چنّاں دے تیرا چاننا۔ تاریاں وے تیری لو (یہ ایک مشہور گیت ہے)

ہالیوں کے گیت:۔ ہل چلاتے چلاتے کسان لوگ تفریحِ طبع کے لئے اور اِس مشقت کی کوفت دُور کرنے کے لئے گاتے ہیں۔ مثلاً

نیرے لونگ دا پیا لشکارا   ہالیاں نے ہل چھڈ لئے

گندم کے گیت:۔ اِسی طرح گندم کی فصل کاٹتے وقت بڑی مشقت کا سامنا ہوتا ہے۔ گرمی کی شدّت، وقت کی تنگی تھکا دینے والی ہوتی ہیں۔ گاؤں کے دیگر لوگوں کو بلا کر شریکِ کار کیا جاتا ہے۔ اس کو پنجابی کی اصطلاح میں

"مانگی" بولتے ہیں۔ کام میں جوش و خروش پیدا کرنے کے لئے ڈھول بجتا ہے اور یہ گیت گائے جاتے ہیں۔ گندم کٹ رہی ہوتی ہے اور گیت گائے جاتے ہیں مثلاً

ہو کنکاں گوڈیاں .... کہندے لگ گئی اے ات، کہندے آئی اے پربھات

میرے سرشاں تے شاہیاں   اجے اوڈیاں ہی اوڈیاں

ہو کنکاں گوڈیاں

برسات کے گیت :- موسم برسات پنجاب میں ایک خاص خوشگواری کا حامل ہے۔ اِس سہانے سماں کا منظر اردو اور پنجابی کے جید شعرا نے اپنے اپنے مخصوص انداز سے بیان کیا ہے۔ اَن پڑھ لوگ دیہات میں اِس موسم کی خوشگواری کی خوشی کا اظہار خاص قسم کے گیتوں سے کرتے ہیں، جنہیں "برسات کے گیت" کہتے ہیں۔ مثلاً

ساوَن مینہ آیا   ڈڈواں شور مچایا

کڑیاں پینگھاں پایاں   ساوَن بہاراں آیاں

میلوں کے گیت :- پنجاب میں میلوں کا اکثر رواج ہے کسی بزرگ یا پیر کی خانقاہ پر ہر سال عرس منایا جاتا ہے۔ ڈھول بجتا ہے بھنڈارا بٹتا ہے۔ نوجوان گروہ در گروہ آتے ہیں۔ طرح طرح کے گیت گاتے ہیں۔ رنگ رنگ کے ڈھولے گاتے ہیں۔ ڈھول بجتے ہیں۔ بھنگڑہ اور لُڈی ناچ ہوتا ہے۔ ساتھ ساتھ گیت بھی گائے جاتے ہیں۔ ان میلوں میں موسمِ بہار کا میلہ بیساکھی بھی شامل ہے۔ یہ گیت اکثر فحش قسم کے ہوتے ہیں۔

فلمی گیت :- سینما کی ایجاد سے اِن گیتوں کی بھرمار ہے۔ کوئی فلم ایسی

نہیں جس میں دس بارہ گیت نہ ہوں۔ یہ لوک گیت نہایت دلکش ہوتے ہیں اور اکثر مضامین عشقیہ ہوتے ہیں ؎

ڈھول دِلے جانی ا جے نہیں آیا   سے کے درد لنشانی چن پھیرا نہیں پایا

رسیا :۔ ایک خاص قسم کا گیت ہے جس میں لفظ رسیا بار بار آتا ہے جو کہ شاید محبوب کے لیئے استعمال کیا جاتا ہے۔ مولوی جان محمد کا رسیا مشہور ہے

چھپّی :۔ ایک خاص قسم کا گیت ہے جو عموماً میلوں میں نوجوانوں کے گروہ گاتے پھرتے ہیں۔ اس کے ہر مصرع میں چھپّی کا لفظ استعمال ہوتا ہے جس سے بیان میں زور پیدا ہوتا ہے۔ خیالات فحش قسم کے ہی ہوتے ہیں۔ مثلاً

چھپّی رن گئی بصرے ... ہوڑیں بابا دا ٹانگ والیا

بلّی :۔ یہ بھی اِسی قسم کا گیت ہے جس میں معشوق کو "بلّی" کے نام سے پکارا جاتا ہے۔ مثلاً

بلّیے! اُدرا گوا ہنڈ نہ ہووے   لائی لگ نہ ہووے گھروالا

بلّیے اِنی رڈویں گی چوپیڑ کھاویں گی   چپ کر کے گڈی وچ بہہ جا!

اِن کے علاوہ سوہلے۔ کھیوڑی۔ باتاں۔ بولیاں۔ پیتا۔ وغیرہ بھی لوک گیتوں میں شامل ہیں جن کا آج کل رواج نہیں۔

لوک ناچ

لوک ناچ بھی لوک گیتوں کی ایک قسم ہے جس میں فرق صرف اتنا ہے کہ لوک ناچوں میں کچھ عملی اقدام ہوتے ہیں اور جسم کو حرکات دی جاتی ہیں۔

۱۔ ککلی :۔ اُس مشہور ناچ کو کہتے ہیں جس میں دو الھڑ لڑکیاں ایک دوسری کے ہاتھ پکڑ کر تیزی سے اس طرح گھومتی ہیں کہ ایک ہی مرکز کے گرد ایک چکر بندھ جاتا ہے اور ساتھ ساتھ یہ گیت بھی گاتی جاتی ہیں۔

ککلی کلیر دی۔ ککلی کلیر دی

پگ میرے ویر دی۔ دوپٹہ میرے بھائی دا

شیر سپاہی دا۔ فٹے منہ جوائی دا

ککلی کلیر دی۔ ککلی کلیر دی

ککلی کا یہ گیت اتنا مشہور ہے کہ اکثر شعرا نے بھی ککلی گیت لکھے ہیں مثلاً احمد راہی کی ککلی جو گذشتہ اوراق میں لکھی جا چکی ہے نہایت عمدہ ہے۔ نیز بابو عبدالغنی وفا کی ککلی جس کا محور کشمیر ہے نہایت اعلیٰ پائے کی ہے۔

۲۔ بھنگڑا :۔ یہ نوجوانوں کا گیت ہے۔ ڈھولچی کے ارد گرد حلقہ باندھ کر کھڑے ہو جاتے ہیں۔ ایک آدمی کوئی سُر یا ڈھولا گاتا ہے۔ سُر ختم ہونے پر آخری لفظ کو لمبا کر کے کوک لگاتا ہے اور ڈھول والے کے سامنے ایک ٹانگ اٹھا کر اور دونوں بازو اوپر پھیلا کر ایک ٹانگ پر ناچتا ہے۔ مثلاً

آئی رت بہار دی۔ مینوں سوہنی واجاں مار دی
ایہہ خوشی دہاڑے چار دی۔ اوہ گئی جوانی۔۔ گئی۔۔ اوہ گئی
ایہہ جوانی چار دہاڑے۔ جاندی کسے نہ ڈٹھی
اوہ گئی۔۔۔ جوانی گئی۔ گئی جوانی گئی۔۔ اوہ گئی

۳۔ لُڈی:۔ ڈھول کے ارد گرد نوجوان حلقہ باندھ کر ناچتے ہیں۔ چکر کاٹتے جاتے ہیں۔ اس میں پاؤں کی حرکت زیادہ ہوتی ہے۔ یہ پٹھانوں اور بلوچوں کا خاص ناچ ہے۔ بڑا دلکش، جوش انگیز اور جاذبِ نظر ہوتا ہے۔ ناچنے والے تو ایک طرف رہے دیکھنے والے بھی ناچنے پر مجبور ہو جاتے ہیں۔ آج کل فلموں میں بھی یہ ناچ نہایت مقبول اور عام ہے۔ ویسے یہ مردانہ ناچ ہے۔

سمی:۔ پوٹھوہاری علاقے کا ناچ ہے جس میں عورتیں اپنی کمر کے گرد دوپٹہ باندھ کر ڈھول کے ارد گرد پھرتی ہیں اور یہ گاتی ہیں۔

سمی میری دل میں ماری ہیں اریاں نی سمباں

گدا:۔ مردوں کے لُڈی ناچ کے مقابلے میں یہ لڑکیوں کا ناچ تھا۔ لڑکے کی شادی رچتی ہے۔ جب برات چلی جاتی ہے تو دولہا کے گھر میں گاؤں محلے اور میل کی تمام عورتیں اکٹھی ہو جاتی ہیں۔ ایک لڑکی "لاڑے کی وہٹی" بن جاتی ہے اور دوسری دولہا (لاڑا) ہاتھ میں ہاتھ ڈال کر ناچ ناچتی ہیں۔ اس میں اٹھنا اور بیٹھنا ہوتا ہے۔ گدا مارنا۔ گدا پانا۔ اسی لفظ سے پنجابی محاورے بنے ہیں جن کا مطلب بے تمام خوشی کا مظاہرہ کرنا ہے۔

گھڑولی:۔ دولہا کو نہلانے کے لئے گھر کی عورتیں اسے باہر کنوئیں پر لے

جاتی ہیں۔ دولھے اور دولھا کی ماں کے سر پر سرخ رنگ کا ساٹو تانا جاتا ہے۔ دولھا کے ہاتھ میں "لوہے کی کھنڈی" ہوتی ہے جس سے اس نے ساٹو کو اٹھایا ہوتا ہے۔ اس وقت عورتیں جلوس کی شکل میں کنوئیں پر جاتی ہیں اور دولھا کو نہلا کر واپس لاتی ہیں۔ اس وقت میراثن آگے آگے ناچتی ہے اور گیت بولتی جاتی ہے۔ دوسری تمام عورتیں اس کے پیچھے پیچھے گیت گاتی ہیں۔ اسے گھڑولی بھرنا اور گھڑولی ناچ کہتے ہیں۔

چینا :۔ یہ ایک سادہ سا ناچ ہوتا ہے۔ صرف ایک ٹانگ اس میں حرکت کرتی ہے اور جس طرح "چاول چھڑنے والی موسلی" "اوکھلی" میں پڑتی ہے۔ اس طرح زمین پر پاؤں مارا جاتا ہے۔ ریچھوں والے بھی اپنے ریچھوں کو چینا ناچ سکھاتے ہیں اور ساتھ ساتھ یہ گیت گایا جاتا ہے۔ مثلاً

چینا ، چینا ، چینا .... چینا اِنج چھڑیندا اے یار
چینا اِنج چھڑیندا اے یار
پیندی موہلی دی گھمکار .... چینا انج چھڑیندا اے یار

چھٹی :۔ چھٹی اگرچہ ایک قسم کا گیت ہے لیکن اس کے ساتھ جسم کی حرکات بھی نمایاں ہوتی ہیں۔ جس سے یہ بھی لوک ناچ میں شامل ہے۔ اس میں لفظ چھٹی پر زور دینے کے لئے کمر پر جھکاؤ ڈالا جاتا ہے اور ہاتھ کے جھٹکے زیادہ نمایاں کئے جاتے ہیں۔ یہ گانا بھی فحش قسم کا ہے لیکن ناچ بہت مضحکہ انگیز اور مفرح ہوتا ہے۔ مثلاً

چھٹی رہ ن گئی بصرے   موڑیں یا باڈانگ والیا

درحقیقت لوک گیت اور لوک ناچ تمام کا محور عورت ہے۔ ان تمام لوک گیتوں اور لوک ناچوں میں مخاطب عورت کا حسن ہوتا ہے اور عاشق کی وارفتگی اور دیوانگی دکھائی جاتی ہے۔

پنجابی قصص

پنجابی قصص

پنجابی قصص پنجابی ادب میں ایک خاص مقام رکھتے ہیں۔ اسلامی اور مذہبی لٹریچر کے بعد پنجابی ادب میں زیادہ تر ذخیرہ عشقیہ قصص کا ہے جن کی تفصیل گذشتہ اوراق میں درج کی جا چکی ہے۔ اس جگہ اُن قصص کا لب لباب درج کیا جاتا ہے۔ جن کو پنجابی شعراء نے جزوی تغیر سے بیان کیا ہے۔ ان میں سے قصہ ہیر رانجھا۔ سسّی پنّوں۔ مرزا صاحباں اور سوہنی مہینوال زیادہ مشہور رہیں۔ ان قصص کا خلاصہ یہاں درج کیا جاتا ہے اور بعد میں اُن شعراء کی فہرست دی جاتی ہے جنہوں نے ان قصص کو مختلف انداز میں بیان کیا ہے۔

قصہ ہیر رانجھا:-

ضلع سرگودھا میں تخت ہزارہ ایک مشہور گاؤں تھا۔ دھیدو عرف رانجھا وہاں کے چوہدری اجو یا موجو کا سب سے چھوٹا بیٹا تھا۔ ہیر کے حسن کی تعریف سن کر وہ ہیر کے وطن جھنگ میں پہنچ گیا۔ رانجھا کی ہیر سے دریائے چناب کے کنارے پر ملاقات ہو گئی۔ دونوں ایک دوسرے کے عاشق ہو گئے۔ ہیر نے رانجھے کو اپنے

ہاں بھینسوں کی خدمت پر ملازم رکھ لیا۔ عشق اور مشک چھپے نہیں رہتے۔ ہیر کے والدین نے فوراً اِس سلسلہ کو توڑنے کے لئے ہیر کی شادی موضع رنگ پور کھیڑیاں کے رئیس کے بیٹے سیدے سے کر دی۔ رانجھا فقیر ہو گیا۔ وہ ضلع جہلم میں بمقام ٹلہ گورکھ ناتھ گورو کے پاس پہنچ گیا۔ اور جوگی بن کر رنگپور میں پہنچا۔ وہاں ہیر کی نند سہتی تاڑ گئی لیکن چونکہ وہ بھی مراد نام ایک بلوچ پر مرتی تھی۔ اِس لئے اپنا مقصد حل کرنے کے لئے اس نے ہیر اور رانجھا کو اپنا رازدار بنایا۔ ہیر کو یونہی جھوٹا سانپ لڑا دیا اور رانجھے کو مانندری ظاہر کر کے اُن دونوں کو ایک کوٹھڑی میں بند کر دیا۔ رانجھے نے دیوار میں نقب لگائی۔ اُدھر سے مراد آ گیا۔ وہ سہتی کو لے کر رفو چکر ہوا اور رانجھا ہیر کو نکال کر چلتا بنا۔ صبح راز فاش ہوا۔ کھیڑے بھاگے۔ رانجھا مع ہیر پکڑا گیا۔ لیکن مراد ہتھے نہ چڑھا۔ مقدمہ قاضی کے روبرو پیش ہوا۔ رانجھے کو جس طرح بھی ہوا ہیر مل گئی۔ وہ واپس موضع جھنگ آ گئے۔ یہاں ہیر کے وارثوں نے رانجھے کو بہلا پھسلا کر برات لانے کے لئے تخت ہزارہ بھیجا اور اُس کی عدم موجودگی میں ہیر کو زہر دے کر ہلاک کر دیا۔ رانجھے کو خبر ملی۔ روتا ہوا ہیر کی قبر پر پہنچا۔ رانجھے کا قبر پر کھڑا ہونا تھا کہ قبر پھٹ گئی اور رانجھا بھی قبر میں داخل ہو گیا اور ان دونوں کو یوں دائمی وصال نصیب ہوا۔

قصہ سوہنی مہینوال :-

سوہنی گجرات کے ایک مشہور کمہار عزت اللہ عرف تلا کی حسین ترین بیٹی تھی۔ عشق کے کرشمے ملاحظہ کیجئے۔ عزت بیگ نام ایک بخارا کا سوداگر دہلی سے واپس وطن لوٹتے ہوئے گجرات آ ٹھیرا اور سوہنی کے حُسن کا شکار ہو گیا۔ عزت بیگ

بس اب یہیں کا ہو رہا۔ اُس نے اپنا تمام اثاثہ تباہ و برباد کر دیا۔ اُدھر سوہنی کی شادی اور کہیں ہو گئی۔ عزّت بیگ کی حالت اب دھوبی کے کتّے کی سی تھی۔ آخر اس نے گجرات کی گلیوں میں گداگری اختیار کی۔ اب سوہنی کو اس کی قربانی اور عشق کا پتہ چلا۔ پروگرام بنا کہ عزت بیگ دریا کے کنارے جھونپڑی بنا کر رہے اِدھر سے سوہنی دریائے چناب کے کنارے رات کو پہنچ جایا کرے گی اور اُدھر سے وہ آ جاتے۔ مہینوال کو معلوم تھا کہ سوہنی کو مچھلی کے کباب بہت مرغوب ہیں۔ وہ روزانہ مچھلی بھون کر لاتا۔ اتفاق سے ایک دن اُسے مچھلی نہ ملی۔ اُس نے اپنی ران کو چیر کر مچھلی کی شکل میں بھون کر سوہنی کے حضور پیش کیا۔ امتحان کی حد ہو گئی۔ اب سوہنی نے کہا کہ میں دریا کے اُس پار آؤں گی۔ بدقسمتی سے سوہنی کی نند کو اس کے آنے جانے کا علم ہو گیا۔ اُس نے پکّے گھڑے کی بجائے کچّا گھڑا رکھ دیا۔ سوہنی اسی کچّے گھڑے پر تیر کر چناب عبور کرنے لگی۔ لیکن کہاں تک۔ آخر ڈوب گئی۔ مہینوال کو بھی اطلاع ہو گئی۔ وہ بھی دریا میں چھلانگ لگا گیا۔ اور آخرکار دو لاشیں دریائے چناب میں مل گئیں۔

قصہ سسّی پنوں:۔

سسّی بھنبور کے بادشاہ آدم جام کی بیٹی تھی۔ پیدا ہوتے ہی نجومیوں کے کہنے پر آدم جام نے اسے ایک صندوق میں ڈال کر دریا میں بہا دیا۔ سسّی ایک دھوبی اتّا نامی کے ہاتھ لگی۔ وہاں پل کر جوان ہوئی۔ اُس کے حُسن کا شہرہ چار دانگِ عالم میں پھیلا۔ پنّوں کیچ کا شہزادہ اسے ملنے کے لئے آیا اور یہیں کا ہو رہا۔ آدم جام نے بھی سسّی سے شادی کرنے کی خواہش کی لیکن اُسے

معلوم ہو گیا۔ کہ یہ وہی ہے جسے میں نے دریا کی نذر کر دیا تھا۔ آدم جام نے لاکھی باغ اُسے عطا کیا۔ سسی کی پنوں سے شادی ہو گئی۔ لیکن کیچکران کے بلوچ اپنے شہزادے کو رات کے اندھیرے میں بے ہوش کر کے لے گئے۔ سسی جاگی تو پنوں غائب۔ بے حواس ہو کر دوڑی۔ اور اِسی بھاگ دوڑ میں تھلوں میں مر گئی۔ اُدھر پنوں کو جب ہوش آیا تو وہ سسی سسی پکارتا پیچھے کو بھاگا اور عین اُس جگہ آ پہنچا جہاں سسی کی لاش ریت میں دب چکی تھی۔ پنوں وہاں پہنچ کر سسی کی لاش کے ساتھ لپٹ گیا اور اُس کی روح قفسِ عنصری سے پرواز کر گئی۔

مرزا صاحباں :-

خان مرزا دانا باد (ضلع شیخو پورہ) کے ایک بڑے زمیندار کا بیٹا تھا۔ یہ ننھیال میں رہا کرتا تھا اور تعلیم حاصل کیا کرتا تھا۔ وہاں اس کی محبت صاحباں (جو اس کے حقیقی ماموں کی بیٹی تھی) سے ہو گئی۔ وہ اِس کے بغیر اور یہ اُس کے بغیر نہیں رہ سکتے تھے۔ معلوم ہونے پر صاحباں تو مسجد جانے سے روک لی گئی اور مرزا واپس اپنے گاؤں میں بلا لیا گیا۔

صاحباں کی شادی رچا دی گئی۔ اُس نے تمام حال اپنی پھوپھی بیبو کو کہہ سنایا۔ بیبو ادھر صاحباں کی پھوپھی اُدھر مرزے کی خالہ تھی۔ اُسے صاحباں کی حالت پر رحم آ گیا۔ اُس نے مدد کا وعدہ کرتے ہوئے مرزے کو پیغام بھجوا کر منگوا لیا۔ مرزا اپنی گھوڑی بکّی نام پر سوار ہو کر آیا۔ اور اپنی بہن چھتّی کی شادی درمیان میں چھوڑ کر آیا۔ اور چھتّی کو روتے چھوڑ کر آیا۔ مرزے نے براتیوں سے شرط بد کر اُن کی پگڑیاں اُتار لیں۔ یہ بھی ایک نہایت بُری حرکت تھی۔ خیر معاملہ رفع دفع

ہو گیا۔ رات کو مرزا صاحباں کو لے کر فرار ہو آیا لیکن راستے میں نیند کے غلبے کی تاب نہ لاتے ہوئے ایک جنڈی کے درخت کے نیچے صاحباں کے زانو پر سر رکھ کر سو رہا۔ صاحباں نے یونہی اس کی کمان مع تیروں کے درخت کے ساتھ لٹکا دی۔ مرزا اس وقت جاگا، جبکہ صاحباں کے لواحقین سر پر آ موجود ہوئے۔ مرزا مقابلے کے لئے اٹھا تو سہی لیکن نہتا تھا۔ زخمی ہو کر گرفتار ہوا۔ انہوں نے مرزے کو جلتی آگ میں پھینک دیا۔ صاحباں یہ برداشت نہ کر سکی۔ اس نے بھی چھلانگ لگا دی اور مرزے کے ساتھ ہی بھسم ہو گئی ؛

فہرست قصّہ ہائے ہیر و رانجھا

نمبر شمار	نام مصنف	جب تصنیف ہُوا	کیفیت
۱	دمودر	۱۵۶۹ء	۱۹۲۶ء میں شائع ہوئی
۲	احمد	۱۶۶۹ء	ابیات کی صورت میں شائع ہوئی۔
۳	میران	عہد عالمگیر	سی حرفی کی صورت میں لکھی گئی۔
۴	حافظ برخوردار	" "	نایاب ہے۔
۵	مقبل	۱۱۶۰ھ	مشہور تصنیف ہے۔
۶	وارث شاہ	۱۱۸۱ھ	شہرۂ آفاق تصنیف ہے۔
۷	ہاشم شاہ	۱۱۹۳ھ	نایاب ہے
۸	علی حیدر	۱۱۰۱ھ	سی حرفی کی صورت میں ہے۔
۹	حامد شاہ	۱۲۲۰ھ	مشہور تصنیف ہے۔
۱۰	چراغدین اعوان	۱۱۲۱ھ	مشہور تصنیف ہے۔
۱۱	بھگوان سنگھ	نا معلوم	
۱۲	گوردہ داس	۱۷۰۷ء	پنجاب یونیورسٹی لائبریری
۱۳	فضل شاہ	۱۲۸۶ھ	
۱۴	محمد شاہ		سی حرفی کی صورت میں ہے۔
۱۵	کالی داس	انگریزی عہد	نام اس کا جیوا لکتی رکھا ہے۔

۱۶	گورا مشر	انگریزی عہد	غیر مطبوعہ اور نایاب ہے۔
۱۷	اقبال دائم	" "	
۱۸	گوپال سنگھ	" "	
۱۹	بھگوان داس		
۲۰	کشن سنگھ		
۲۱	گوکل چند		
۲۲	کشور چند		
۲۳	امام دین منشی	انگریزی عہد	
۲۴	رن سنگھ		
۲۵	عبدالستار		
۲۶	کشتہ	انگریزی عہد	مشہور و معروف ہے
۲۷	بہبل		سی حرفی کی صورت میں ہے
۲۸	حسین		سی حرفی کی صورت میں ہے
۲۹	میران		ملتانی شاعر ہے۔
۳۰	میراں شاہ مانسہری		سی حرفی کی صورت میں ہے۔
۳۱	جرگ سنگھ		قریشی عبدالغفور صاحب ذکر کرتے ہیں۔
۳۲	میاں محمد عمر		" " " "
۳۳	شاہ شرف		" " " "
۳۴	الہ دتہ ارائیں		بنارسی داس نے ذکر کیا ہے۔

۳۵	عبدالواحد عزیز	انگریزی عہد	تا حال طبع نہیں ہوئی
۳۶	ڈاکٹر فقیر محمد فقیر	" "	قریشی صاحب نے ذکر کیا ہے۔
۳۷	غلام جیلانی رہتکی		" " " "
۳۸	مولوی عبید اللہ	انگریزی عہد	سی حرفی کی صورت میں ہے۔
۳۹	مولا شاہ	" "	
۴۰	نور دین		قریشی صاحب ذکر کرتے ہیں۔
۴۱	رام سنگھ	انگریزی عہد	
۴۲	روشن	" "	
۴۳	لاہورا سنگھ	" "	
۴۴	محمد دین سوختہ		
۴۵	کاہن سنگھ		
۴۶	چراغ	انگریزی عہد	

سسّی پنوں

۱	ہاشم شاہ	۱۱۶۶ھ پیدائش	طبع ہو چکی ہے۔
۲	غلام رسول صاحب قلعوی	۱۲۸۸ھ	طبع ہو چکی ہے۔
۳	نور محمد		قلمی نسخہ ہمارے پاس موجود ہے۔
۴	غلام محمد		
۵	حافظ برخوردار	عہد عالمگیر	مشہور و معروف ہے۔

۶	احمد یار	سنہ ۱۷۶۸ء	
۷	مولا شاہ		
۸	سندر داس آرام		
۹	فضل شاہ	سنہ ۱۳۰۲ھ	مشہور و معروف ہے
۱۰	عبد الواحد عزیز		"وقائع ہنوں" کا لفظ بلفظ ترجمہ ہے
۱۱	محمد بوٹا	سنہ ۱۳۲۰ھ	
۱۲	ملکھی رام		
۱۳	محمد رمضان وزیرآبادی		نایاب ہے
۱۴	اکبر شاہ	انگریزی عہد	
۱۵	میر حسین		
۱۶	اقبال دائم	انگریزی عہد	طبع ہو چکی ہے۔
۱۷	وارث شاہ	۱۱۵۰ھ پیدائش	ڈاکٹر موہن سنگھ دیوانہ نے ذکر کیا ہے
۱۸	شاہ محمد	سنہ ۱۷۸۵ء	سی حرفی کی صورت میں ہے
۱۹	ہاشم شاہ مخلص	سنہ ۱۸۳۰ء	سی حرفی کی صورت میں ہے۔
۲۰	مولا شاہ مجیٹھوی	انگریزی عہد	
۲۱	عشق لہر	" "	سی حرفی کی صورت میں ہے۔
۲۲	استاد نذیر احمد بٹ	موجودہ دور	
۲۳	مرزا نذیر اختر	" "	
۲۴	بہل	سنہ ۱۱۹۲ء	

نمبر	نام	عہد	کیفیت
۲۵	کریم بخش جہلمی	انگریزی عہد	
۲۶	الغ شاہ	〃 〃	موہن سنگھ صاحب دیوانہ نے ذکر کیا ہے
۲۷	سلطان احمد	〃 〃	〃 〃 〃 〃 〃
۲۸	خواہش علی		ڈاکٹر بنارسی داس نے ذکر کیا ہے۔
۲۹	مکھ شاہ		〃 〃 〃 〃 〃
۳۰	مہر سنگھ		〃 〃 〃 〃 〃
۳۱	ہرنام سنگھ		〃 〃 〃 〃 〃
۳۲	کشور چند		〃 〃 〃 〃 〃
۳۳	سدا رام		〃 〃 〃 〃 〃

سوہنی مہینوال

نمبر	نام	عہد	کیفیت
۱	وارث شاہ	۱۱۵۰ھ پیدائش	اصل میں مرزا عبدالحمید کی تصنیف ہے
۲	فضل شاہ	سنہ ۱۲۶۵ھ	مشہور و معروف ہے
۳	ہاشم شاہ	۱۱۶۶ھ پیدائش	مشہور ہے۔
۴	احمد یار	۱۷۶۸ء 〃	
۵	چراغ دین		
۶	میاں محمد	انگریزی عہد	نایاب ہے۔
۷	قادر یار	سکھی عہد	مشہور ہے۔
۸	بوٹا		

۹	میاں احمد دین منڈھیالوی	انگریزی عہد	تا حال طبع نہیں ہوئی۔
۱۰	عبدالواحد عزیز	" "	تا حال طبع نہیں ہوئی قلمی نسخہ موجود ہے۔
۱۱	میراں شاہ جالندھری	" "	نایاب ہے۔
۱۲	فیروز دین	" "	
۱۳	سندر سنگھ		
۱۴	بھگوان سنگھ		
۱۵	اقبال دائم	انگریزی عہد	
۱۶	خیر محمد		قلمی نسخہ ڈاکٹر وحید قریشی صاحب کے پاس ہے۔
۱۷	فضل دین		ڈاکٹر بنارسی داس نے ذکر کیا ہے
۱۸	امیر علی		" " " "
۱۹	سدارام		" " " "
۲۰	گنگارام		" " " "
۲۱	سندر سنگھ		" " " "
۲۲	غمناک		" " " "

مرزا صاحباں

۱	پیلو	۱۵۶۳ تا ۱۶۰۶ء	ناپید ہے۔
۲	حافظ برخوردار	عہد عالمگیر	مشہور و معروف ہے۔

۳ بوٹا انگریزی عہد

۴ چراغ دین

۵ میاں محمد انگریزی عہد نایاب ہے

۶ اقبال دائم " "

۷ منشی خواہش علی

۸ میاں محمد دین لادری

۹ حشمت شاہ

۱۰ محمد شفیع

۱۱ جیون خاں مخدوم

۱۲ میراں شاہ جالندھری

۱۳ مستری مولا بخش انگریزی عہد ۱۸۸۵ء سے ۱۹۴۵ء تک مطبوعہ ہے۔

۱۴ محمد شاہ

۱۵ جیو سنگھ

۱۶ سندر سنگھ انگریزی عہد ڈاکٹر موہن سنگھ دیوانہ نے ذکر کیا ہے۔

۱۷ میاں شیر محمد نایاب ہے

۱۸ مولانا شاہ مجیٹھوی ۱۳۲۵ھ

۱۹ بھگوان سنگھ معراجیا

۲۰ قاضی فقیر محمد شاہ

۲۱ مرزا نذیر احمد اختر موجودہ دور گلزارِ عاشقاں نام ہے۔

۲۲	شاہزادہ شاہد رضا	موجودہ دور	
۲۳	ایم۔ اے حشمت	" "	
۲۴	سید نواب شاہ		ڈاکٹر بنارسی صاحب نے ذکر کیا ہے۔
۲۵	شیر محمد	" "	" " "

یوسف زلیخا

۱	حافظ برخوردار	۱۵۹۵ء	مشہور و معروف ہے۔
۲	مولوی غلام رسول صاحب عالم پوری	انگریزی عہد	مشہور و معروف ہے
۳	عبدالستار	" "	مشہور و معروف ہے
۴	عبدالحکیم ملتانی	۱۲۱۸ھ	مشہور و معروف ہے
۵	حشمت شاہ		طبع ہو چکی ہے۔
۶	دلپذیر	انگریزی عہد	" " "
۷	صدیق لالی	۱۱۳۳ھ	نایاب ہے۔
۸	احمد یار	۱۷۶۸ء پیدائش	طبع ہو چکی ہے۔
۹	فضل شاہ	۱۳۰۲ھ	مشہور ہے۔
۱۰	بہادر علی	انگریزی عہد	ڈاکٹر موہن سنگھ دیوانہ نے ذکر کیا ہے۔
۱۱	گوپال سنگھ	"	" " " "
۱۲	اظہر بھیروی	"	"

۱۳	نامعلوم مصنف	۱۵۷۴ئہ	سب سے قدیم نسخہ ہمارے پاس ہے
۱۴	ہاشم شاہ	۱۱۴۴ پیدائش	محمد سرور صاحب نے ذکر کیا ہے۔
۱۵	عبدالرحمٰن فرد قادری		
۱۶	اقبال دائم	انگریزی عہد	طبع ہو چکی ہے۔
۱۷	منظور بٹ	" "	بزبانی محمد عالم کپور تھلوی۔

لیلیٰ مجنوں

۱	ہاشم شاہ	۱۱۴۶ھ پیدائش	نایاب ہے۔
۲	قادر بخش وزیر آبادی	۱۲۴۳ھ	قلمی نسخہ ہمارے پاس موجود ہے۔
۳	فضل شاہ	۱۲۸۰ھ	مشہور ہے
۴	احمد یار	۱۷۶۸ء پیدائش	نایاب ہے۔
۵	اقبال دائم	انگریزی عہد	
۶	ایم۔ اے حشمت	" "	طبع ہو چکی ہے۔

دل خورشید

۱	برکت علی	طبع ہو چکا ہے۔
۲	خواہش علی	" " "
۳	محمد بخش	" " "
۴	روشن دین	" " "

پورن بھگت

۱	قادر یار	سکھی عہد	عام مشہور ہے
۲	کالیداس گوجرانوالیہ	انگریزی عہد	عام ملتا ہے
۳	بالک رام		" "
۴	دولت رام		
۵	مہاج چند		
۶	رام دھن		ڈاکٹر بنارسی داس ذکر کرتے ہیں۔
۷	دلیو دیال		" " " "
۸	لدھا رام		" " " "
۹	بیلی رام		" " " "
۱۰	جوالا سنگھ		" " " "
۱۱	کشن سنگھ عارف		" " " "
۱۲	نند سنگھ		" " " "
۱۳	برج لعل		" " " "

احوال الآخرت

۱	غلام قادر		
۲	میاں محمد	انگریزی عہد	نایاب ہے۔

۳	فقیر درزی	۱۱۰۶ھ	مشہور ہے۔
۴	میاں رمضان چک سکندر	۱۱۹۶ھ	قلمی نسخہ ہمارے پاس موجود ہے۔
۵	دلپذیر	انگریزی عہد	طبع ہو چکی ہے۔
۶	مولوی حیات محمد واعظ سکنہ جھوئیں پور	انگریزی عہد	طبع ہو چکی ہے
۷	عبدالعزیز	”	
۸	قادری		
۹	روشن دین		
۱۰	راست گفتار		
۱۱	محمد شفیع عاشق		قلمی نسخہ ہمارے پاس موجود ہے۔

جنگ نامہ

۱	پیر محمد کاسبی	۱۵۹۲ء	قلمی نسخہ ہمارے پاس موجود ہے۔
۲	حافظ برخوردار	عالمگیری عہد	” ” ”
۳	مقبل	۱۱۶۰ھ	مشہور ہے
۴	احمد یار	۱۸۶۸ء اپیدائش	نایاب ہے
۵	حسین		سِرِّ شہادتین کا ترجمہ ہے اور گلزار حسین نام ہے۔
۶	حامد شاہ	۱۱۹۱ھ	

۷	شاہ چراغ		
۸	بوٹا	انگریزی عہد	
۹	اقبال دائم	" "	
۱۰	مولوی رکن دین	۱۱۳۶ھ	نایاب ہے
۱۱	مولوی نجم الدین ناز	انگریزی عہد	قلمی نسخہ راقم کے پاس موجود ہے۔
۱۲	محمد اعظم		
۱۳	غلام حسین شفیق		
۱۴	مرزا عبدالحمید		
۱۵	اکبر علی قانونگو	انگریزی عہد	جنگ نامہ زین العرب کے نام سے موسوم ہے۔
۱۶	حاتم علی ڈسکوی	۱۲۲۷ھ	جنگ نامہ امام علی الحق۔ قلمی نسخہ ہمارے پاس ہے۔
۱۷	میاں مصطفیٰ	۱۲۳۰ھ	جنگ نامہ امام علی الحق۔ طبع ہو چکا ہے۔
۱۸	قاضی محمد بخش		تا حال طبع نہیں ہوا۔
۱۹	مولوی نجم الدین فائز	انگریزی عہد	
۲۰	منظور احمد بٹ	موجودہ عہد	
۲۱	کریم بخش		جنگ نامہ علیؑ
۲۲	امیر علی جالندھری		" جنگ نامہ کربلا کے نام سے طبع ہو چکا ہے۔

۲۳ ایم۔ اے حشمت "کارنامۂ کربلا" تا حال طبع نہیں ہوا۔

سیرت النبیؐ و معراجنامہ

۱ خادم حسین ہاشمی

۲ اشرف فاروقی

۳ حکیم عبداللطیف عارف گجراتی۔

۴ مرزا نذیر احمد اختر

۵ منظور احمد بٹ۔

حصّہ چہارم

نثر

۱۔ مذہبیات
۲۔ شرعیات
۳۔ ناول
۴۔ ڈرامہ
۵۔ کہانی
۶۔ مقالے
۷۔ تاریخ و تنقید
۸۔ فنون
۹۔ پنجابی مجالس
۱۰۔ پنجابی فلمیں
۱۱۔ اخبار و رسائل
۱۲۔ طابع و ناشرین

پنجابی زبان کا نثری ادب

پنجابی ادب کا دوسرا اہم حصّہ نثر ہے۔ اگرچہ یہ فطری عمل ہے کہ ہر زبان کی نظم و نثر برابر ترقی کرتی ہے بلکہ نظم سے نثر کا پہلو زیادہ نمایاں ہوتا ہے کیونکہ روزمرّہ کی گفتگو میں نثر ہی ایک اہم جزو ہے۔ اس لحاظ سے نظم کا پہلو ہی عموماً مختصر رہا ہے۔ لیکن پنجابی ادبیات کے باب میں نظم کا پلّہ بھاری ہے۔ اس میں نظم کے مقابلہ میں پنجابی نثر کی مقدار بہت ہی کم ہے۔ اگرچہ پنجاب کے موجودہ علاقہ میں لودھیوں کے زمانہ سے ہی پنجابی بولی جاتی رہی لیکن تعجب ہے کہ پنجابی نثر کی کتاب ایک بھی نہیں ملتی۔ سوائے اس کے کہ شروع میں گوروصاحبان کے دور میں بابا نانک یا دیگر گوروؤں کی جنم ساکھیاں پنجابی نثر میں لکھی گئیں لیکن اُن میں بھی بعض کی زبان پنجابی نہیں بلکہ ہندوی ہے۔ جنم ساکھیوں کے علاوہ بعض اور بھی سکھ مت کی مذہبی کتابیں پنجابی زبان میں ملتی ہیں۔ جن کی تعداد معدودے چند ہے۔ اور زبان بھی صاف پنجابی نہیں یا ہندوی ہے یا مخلوط ہندی پنجابی۔

دراصل پنجابی نثر کی ابتداء انگریزی عہد سے ہوتی ہے۔ جس وقت پنجاب کے علاقہ میں ۱۸۸۲ء میں پنجاب یونیورسٹی کی بنیاد رکھی گئی اور انگریزی کالجوں کالجوں کا اجراء ہوا، اور لوگ انگریزی کے اسلوبِ تحریر سے متاثر ہوئے اور اُس وقت انگریزی کے اسلوب سے پنجابی زبان متاثّر ہوئی۔ اور اب اس میں مقالے مضامین، ناول، ڈراما، کہانیاں، اخبار و رسائل وغیرہ کا اجراء ہوا۔

مذہبیات :-

پنجابی نثر میں ابتدائی تحریریں جو دستیاب ہوئی ہیں وہ سکھ گوروؤں کی جنم ساکھیاں وغیرہ ہیں جن کی تفصیل یہ ہے۔

سب سے پہلی اور پرانی جنم ساکھی وہ سمجھی جاتی ہے جس کو گورو انگد دیو کے بھائی بالے نے ۱۵۳۵ء میں مرتب کیا۔ دوسری جنم ساکھی بھائی منی سنگھ کی بتائی جاتی ہے جو کہ بھائی گورو داس کی ایک وار کی شرح ہے۔ تیسری جنم ساکھی ۱۸۵۵ء بھائی سیوا سنگھ نے لکھی۔ اس کے علاوہ اور بھی کئی جنم ساکھیاں ہیں۔ ان جنم ساکھیوں کے علاوہ بعض گوشٹاں (ملاقاتی گفتگو) پر بھی کتابیں ملتی ہیں جو کہ جنم ساکھیوں کا حصہ بتائی جاتی ہیں۔

ان گوشٹاں میں گوروؤں فقیروں، سادھوؤں، سنتوں اور پیروں کی آپس میں گفتگو درج ہے مشہور گوشٹاں حسب ذیل ہیں :-

(۱) اجتے رندھاوے دی گوشٹ (۲) مکے دی گوشٹ (۳) جنگ دی گوشٹ (۴) نرنکار دی گوشٹ (۵) بڈھن دی گوشٹ۔ (۶) کلجگ دی گوشٹ (۷) بابا لال دی گوشٹ (۸) قاروں دی گوشٹ۔ (۹) سدھ دی گوشٹ۔

پرچیاں ٹیکے :- پرچیاں ٹیکے وہ الفاظ ہیں جو گرنتھ صاحب کے شبدوں کی تشریح کرتے ہیں۔

ان جنم ساکھیوں، گوشٹوں اور پرچی ٹیکوں کی زبان خالص پنجابی نہیں ان پر ہندی اور پراکرت کا اثر غالب ہے۔ البتہ پنجابی کی ابتدائی صورت گورو گرنتھ صاحب کی طرح کہی جا سکتی ہے۔

مذہبیات کے سلسلہ میں اسی طرح عیسائی مت کا بھی کافی سلسلہ پنجابی ادب میں پایا جاتا ہے۔ ڈاکٹر گراہم بیلی نے انجیل کا پنجابی میں ترجمہ کیا ہے جو گورمکھی رسم الخط میں شائع ہوا۔ پادری رحمت مسیح نے متعدد کتابیں پنجابی میں لکھیں۔ زبور کا پنجابی میں ترجمہ پادری امام دین شہ زنے عبرانی زبان سے کیا جو امریکہ میں بہت مقبول ہوا اور اس کے صلہ میں آر ڈاکٹریٹ کی ڈگری ملی۔ اب حال ہی میں جوشوا فضل دین نے بائبل کا ترجمہ شائع کیا ہے۔

پنجاب پر جب انگریزوں کا تسلط ہوا تو انہوں نے سیاسی طور پر قدم جمانے کے علاوہ کچھ مذہبی اشاعت کی طرف بھی قدم اٹھایا۔ اُن کے پاس بھی پنجابی لوگوں کی مادری زبان کے سوا کوئی اور اہم حربہ نہ تھا۔ انہوں نے اپنے مذہب کی اشاعت کے لئے مذہبی کتابوں کو پنجابی زبان میں ڈھالنے کا کام شروع کیا۔ چنانچہ عیسائی مشنریوں نے لدھیانہ، لاہور، نارووال، سیالکوٹ اور ترنتارن اس مقصد کے لئے مراکز مقرر کئے۔ جہاں مذہبی کتابوں کے ترجمے گورمکھی رسم الخط میں شائع ہوئے۔ مسٹر واٹلی نے مشن پریس جاری کیا۔ پھر پادری ایگل فورڈ نے ترنتارن میں ایک پریس جاری کیا۔ اس پریس میں عیسائی لٹریچر کی بہت سی کتابوں کے ترجمے ٹھیٹھ پنجابی میں شائع ہوئے۔ انجیل کا پنجابی میں ترجمہ ہوا اور انگریزی زبان میں پنجابی لغات اور گرامریں انگریزوں نے لکھیں۔ فقیر نور حسین نے محمد شاہ کے زمانے میں بھگوت گیتا کے فارسی ترجمے کو پنجابی میں منتقل کیا۔ اس کے علاوہ عیسائی اور ہندو مذہب کی بے شمار کتابیں پنجابی نثر میں منتقل ہوئیں جو گورمکھی رسم الخط میں ہونے کے سبب سے عام نہ ہو سکیں۔

شرعیات :-

مذہبیات کا وہ حصہ جو اسلامی علوم سے وابستہ ہے شرعیات کے نام سے موسوم ہے۔

سب سے پہلی کتاب جو اس موضوع پر ملتی ہے وہ حافظ برخوردار ساکن تخت ہزارہ کا رسالہ بوہلی نماز ہے جو ۱۱۷۶ھ کے قریب تالیف ہوا۔ اس رسالہ میں نماز کے متعلق فقہی مسائل ہیں۔ زبان ٹکسالی ہے اور ادب کی چاشنی بہت کم، چونکہ نثر کی ابتدائی صورت پر دال ہے۔ حافظ برخوردار کے کافی عرصہ بعد کچھ رسالے نثر میں لکھے گئے جو کہ بچوں کے لیئے اسلامی تعلیم کی غرض کے لیے تصنیف کیئے گئے۔ ان میں سے پکی روٹی، مٹھی روٹی، مسّی روٹی خصوصیت سے قابل ذکر ہیں۔ یہاں کتابوں کے نام کے ساتھ روٹی کا التزام روٹی کی افادیت کے پیش نظر کیا گیا ہے۔ ان کتابوں کا اندازِ تحریر سوالاً جواباً ہے۔ لیکن سوال وجواب کا ڈھنگ نرالا ہے۔ ہر ایک سوال اس طرح کیا جاتا ہے "جیکوں تیکوں پچھے پنج بنا اسلام دے کیہڑے ہین۔ تو آکھ جے۔ کلمہ پڑھناہک۔ نماز پڑھنی دو۔ روزے رکھنے ترے۔ زکوٰۃ دینی چار تے حج کرنا پنج"۔ مذہبیات کی تمام کی تمام کتابیں اِسی اسلوب میں لکھی گئی ہیں۔ جیسے دو آدمی بالمشافہ گفتگو کرتے ہیں اور یہ ڈرامائی انداز تحریر مسلمانوں ہی کی اختراع ہے۔

ان فقہی رسائل سے قطع نظر قرآن پاک کے بھی متعدد ترجمے پنجابی نثر میں ہوئے جن میں سے عبداللہ چکڑالوی، میاں محمد لکھوی اور میاں محمد جنڈو والے ترجمے خاص طور پر مشہور رہیں۔ ان کے علاوہ عبدالکریم ساکن جھنگ مگھیانہ کی مشہور کتاب

نجات المومنین کی مبسوط شرح پنجابی نثر میں میر سید مخدوم ساکن لنگر شریف نے لکھی دریہ پہلی شرح ہے جو پنجابی نثر میں لکھی گئی۔ مخدوم صاحب نے انواع مولوی عبداللہ کی شرح بھی لکھی ہے لیکن وہ اردو زبان میں ہے۔

ناول :-

داستان گوئی ہر ملک اور ہر زبان میں قدیم سے چلی آرہی ہے کہ بوڑھی عورتیں اپنے چھوٹے بچوں کو کہانیاں سنایا کرتی تھیں۔ اور انہی بنیادوں پر ناول کی عمارت کھڑی کی گئی۔ جن میں مغربی ادب کے زیر اثر بعض فنی خصوصیات بھی آگئیں جو ہماری قدیم داستانوں میں نہ تھیں۔

ناول ایک طویل داستان کو کہتے ہیں جس میں کسی ملک یا خاندان کی پوری معاشرتی زندگی دکھائی جاتی ہے۔ ان ناولوں سے کئی مذہبی، اخلاقی، سماجی، سیاسی اور رومانی کام لیے گئے اور انہیں انہی حصص میں تقسیم کیا جا سکتا ہے۔ تاریخی لحاظ سے ناول کو چار ادوار میں تقسیم کیا جا سکتا ہے۔

پہلا دور :- اس دور میں سب سے پہلے ناول نگار بھائی ویر سنگھ امرت سری ہیں جن کا زمانۂ حیات ۱۸۷۲ء سے ۱۹۵۷ء تک بتایا جاتا ہے۔ ان کے چار ناول سندری۔ بجے سنگھ۔ ستونت کور۔ اور بابا نودھ سنگھ مشہور ہیں۔ پہلے تین ناول مذہبی اور تاریخی قسم ہیں اور بابا نودھ سنگھ اس سماج کا اصلاحی ناول ہے۔

چرن سنگھ شہید :- ۱۸۹۳ء میں پیدا ہوئے اور ۱۹۵۶ء میں وفات پائی۔ ان کے ناول رنجیت کور اور دلیر کور نیم تاریخی قسم کے ناول ہیں۔ ان کے علاوہ شرابی۔ چنچل مورتیاں۔ دو وہٹیاں۔ ڈاکٹر دی ڈائری مشہور ناول ہیں۔ ان کی ناول نگاری

کا خاصہ یہ ہے کہ یہ حقیقت نگاری کے شیدائی ہیں اور اپنے ارد گرد کا ماحول ان کے پیش نظر رہتا ہے۔

موہن سنگھ وید :۔ موہن سنگھ وید کے ناول اک سکھ گھرانہ۔ سرشبت کلاں دی چال سکھی پروار۔ دلنتی پیارہ مشہور رہیں۔ ان میں یورپی تہذیب کی برائیاں اور سکھی مذہبی خیالات کے تاثرات پائے جاتے ہیں۔

ماسٹر تارا سنگھ اور نرندر سنگھ نے مشترکہ طور پر پریم لگنی۔ پتیغا سنگھ پریم لگن تھے۔ جن میں سے قومی بیداری کا سبق ملتا ہے۔ اور مردہ روحیں بیدار ہوتی ہیں۔ اس موضوع پر سب سے پہلے انہی لوگوں کے ناول ملتے ہیں۔

دوسرا دور :۔ دوسرے دور میں نانک سنگھ۔ الیشور چند رندا۔ گوربخش سنگھ جوشوا فضل دین اور میراں بخش منہاس کا نام سرفہرست ہے۔ ان ناول نگاروں نے سکھی سماج سے نکل کر سارے سماج کو اپنایا جس میں عام لوگوں کے دکھ درد چھیڑے گئے اور مذہبی راہنماؤں کی خامیاں بیان کی گئیں۔ اور انگریزی پالیسی اور ہندو مسلم نفاق کی تردید کی گئی ہے۔

نانک سنگھ نے چٹا لہو۔ ادھ کھڑیا پھل۔ کٹی دنیا۔ اگ دی کھیڈ۔ آدم خور وغیرہ پینتیس ناول لکھے ہیں جن میں اُس نے محولہ بالا خیالات کو خوب اُجاگر کیا ہے۔ اور ہر کہانی میں اپنے موضوع کو خوب بیان کیا ہے لیکن جدت پیدا نہیں کی۔ نانک سنگھ کے ناولوں کا اردو کے مشہور ناول نگار ایم۔ اسلم سے اچھی طرح مقابلہ کیا جا سکتا ہے۔

الیشور چند رندا :۔ آپ نے مرادا دے تیج کور دو ناول لکھے ہیں۔ یہ حقیقت

میں ڈراما نویسی ہے۔ ناول نویس اتنا اچھا نہیں اور نہ ہی نانک سنگھ کی کہانیوں جیسی خوبی اس کے پاس موجود ہے۔

ہربخش سنگھ نے شکنتلا کے نام ایک ایسا ناول لکھا جس میں اس دور کے تمام سیاسی رجحانات کو آزادی کی لہر میں سمویا ہے۔

جوشوا فضل دین۔ پنجابی زبان کی خدمت، مذہبی فریضہ سمجھ کر کرتے ہیں انہوں نے پتی دتا کملا، ۱۹۲۳ء میں پرچھاں ۱۹۴۶ء میں، برکتے ۱۹۵۲ء اور ایک اور ناول منڈے دا اُٹل، لکھے جو سب کے سب پسندیدہ ہیں۔

میراں بخش منہاس پہلے مسلمان ناول نگار ہیں جنہوں نے پنجابی میں ایک ناول "جٹ دی کرتوت" عرف "نواب خاں" لکھا جس میں دیہاتی زندگی کی جھلک دکھائی گئی ہے۔

تیسرا دور:۔ یہ دور سنت سنگھ سیکھوں، سریندر سنگھ نرولا اور کرتار سنگھ دُگل پر مشتمل ہے۔ اس دور میں ناول پرانی مذہبی اور سماجی رٹ سے ہٹ کر ذرا وسیع ماحول میں نظر آتا ہے جس کے تقاضے پہلے سے بہت وسیع ہیں۔ اس موضوع کا سب سے بہتر نمونہ سنت سنگھ سیکھوں کا "لہو مٹی" ہے سنت سنگھ نے چرن سنگھ شہید کی حقیقت نگاری اور نانک سنگھ کی خوبی کو آسمان تک پہنچا دیا ہے۔

سریندر سنگھ نرولا۔ سریندر سنگھ نرولا کے ناول پیو پُتر۔ اپنے پرائے جگہ آتا۔ دل دریا۔ رنگ محل۔ لوک دشمن۔ نیلی بار۔ دین دنیا۔ جگ بیتی بہت مشہور ہیں۔ سریندر نرولا بھی مارکسزم سے اسی طرح متاثر ہے جس طرح سنت سنگھ، لیکن اس کی حقیقت نگاری دوسرے ناول نگاروں سے علیحدہ قسم کی ہے۔ اس

نے اپنے ناولوں میں لوگوں کو دوست و دشمن کی پہچان بتائی ہے۔

کرتار سنگھ دُگل :۔ کرتار سنگھ دُگل کے دو ناول آندراں۔ نُوںہہ تے ماس مشہور ہیں۔ ان میں جنسیاتی رنگ زیادہ نمایاں ہے۔ اس کے ناولوں کا مقابلہ عصمت چغتائی اور سعادت حسن منٹو سے بآسانی کیا جا سکتا ہے۔

چوتھا دور :۔ اس دور کے ناول نگار جسونت سنگھ کنول۔ نریندر پال سنگھ۔ امرتا پریتم۔ سرجیت سنگھ سیٹھی۔ عبدالمجید بھٹی اور افضل احسن ہیں۔ ان ناول نگاروں نے ناول میں جدّت پیدا کی ہے اور پُرانے ناولوں کی طرح ایک ہی موضوع کو مدِّ نظر نہیں رکھا بلکہ ناول میں تاریخی اور سماجی حالات بتاتے ہیں۔ ان کے سامنے زندگی ایک اتھاہ سمندر ہے جس میں طرح طرح کی موجیں اٹھتی ہیں۔ ان کے ناول تقسیم ہند و پاکستان سے بھی متاثر ہیں۔

جسونت سنگھ کنول :۔ کے ناول پاپی۔ پورن ماشی۔ رات باقی ہے۔ روپ دھارا۔ مسیح نوں پھانسی۔ رومان کا رنگ نمایاں ہوتا ہے اور کہانی سیدھی سادی۔

کرنل نریندر پال سنگھ :۔ کے ناول ملاح۔ سیناپتی۔ انتالی ورھے۔ بھندا اک راہ۔ والوں نکی۔ کھنڈریوں تکھی۔ اک پڑا تنگتی تیر یا جال۔ امن دے راہ۔ بت مارگ جانا ہیں۔ نریندر پال سنگھ کے سوائے ایک دو ناولوں کے باقی تمام ناول تاریخی نوعیت کے ہیں جن میں فوجی زندگی کا رنگ نمایاں ہے۔ ان کا سب سے بہتر ناول "امن دے راہ" ہے جس میں انہوں نے جنگ کے خلاف نعرہ بلند کیا۔ ان کے ناولوں میں حسبِ دستور تاریخ نویسوں کے اپنے بہبر کی سب سے

زیادہ تعریف اور اُس کی خامیوں سے چشم پوشی ہے۔

امرتا پریتم :۔ امرتا پریتم نے ڈاکٹر دیو۔ پنجر۔ آہلنا۔ بلادا تیاگ۔ اِک سوال۔ آشُ نام کے ناول لکھے ہیں۔ امرتا پریتم بنیادی طور پر شاعرہ ہے اِس لئے اِس کے ناولوں میں شاعرانہ رنگ زیادہ ہے اور زندگی کو خوشگوار رنگ میں دیکھتی ہیں۔

سرجیت سنگھ سیٹھی :۔ آپ کے ناول جنتا جاگی۔ ریت دا پہاڑ۔ اک خالی پیالہ۔ شہر دی گل۔ کندھی تے رُکھڑا مشہور ہیں۔ سرجیت سنگھ کا مطالعہ بہت وسیع ہے اور مشاہدہ بہت گہرا۔ اس کے ناولوں میں طرح طرح کی باتیں ہوتی ہیں اور موضوع کے ہر پہلو کو غور سے دیکھتا ہے۔ ناول دلچسپ اور پُرمزہ ہیں۔

عبدالمجید بھٹی :۔ پاکستان میں سب سے پہلا ناول جوشوا فضل دین کا برسکتے شائع ہوا۔ اُس کے فوراً بعد عبدالمجید بھٹی کا ناول ٹھیڈا شائع ہوا۔ ٹھیڈا میں شہری زندگی کے موضوعات پر بحث ہے اور ناول نہایت کامیابی سے لکھا گیا ہے جس کا ہر پہلو دلچسپ اور پُرلطف ہے۔ ٹھیڈا کا شمار بہترین ناولوں میں ہے۔

افضل احسن :۔ افضل احسن پاکستان میں مشہور ادیب ہیں جنہوں نے پنجابی میں کہانیاں، ڈرامے اور ناول لکھے۔ اِن کی تمام کہانیوں میں بڑا زور اور خلوص ہے۔ اِن کا ناول "دیوا تے دریا" مجید بھٹی کے ناول ٹھیڈا کے مقابلے میں دیہاتی موضوعات کو اجاگر کرتا ہے اور دیہاتی زندگی کی ایک عمدہ اور دلکش تصویر ہے۔

ان محولہ بالا ناول نگاروں کے علاوہ پاکستان میں نیاز۔ الطاف قریشی۔ شوکت چودھری۔ ریاض احمد سلیم اور افضل طاہر ہیں لیکن افسوس ان کے ناول تاحال شائع نہیں ہوئے۔ سلیم خاں گمی کا ناول سانجھ اور منظور انور قریشی کا بولدے پتھر اس موضوع میں اعلیٰ پائے کی چیزیں ہیں۔

ناول کی عمر تاحال کوئی پچاس ساٹھ برس کی ہو گی۔ اتنے عرصہ میں تقریباً پانچسو سے زیادہ ناول لکھے جا چکے ہیں اور لکھے جا رہے ہیں۔ اور یہ رفتار کوئی مایوس کن نہیں۔

آخر میں مشرقی پنجاب میں شائع شدہ ناولوں کی ایک طویل فہرست محترم ملک شہباز صاحب کے شکریہ کے ساتھ درج کی جاتی ہے۔

نانک سنگھ ناولسٹ:-

(۱) آستک ناستک (۲) ان سینے زخم (۳) مٹھا مہورا (۴) پریم سنگیت (۵) متریئی ماں (۶) پجاری (۷) چتر کار (۸) آدم خور (۹) جیون سنگرام (۱۰) غریب دی دنیا (۱۱) ٹٹی دنیا (۱۲) دور کنارا (۱۳) کاغذاں دی بیڑی (۱۴) فولادی پھل (۱۵) پوتر پاپی (۱۶) سومن کا نتا (۱۷) پاپ دی کھٹی (۱۸) بنجر (۱۹) ناسور (۲۰) منجدھار (۲۱) پیار دی دنیا (۲۲) گنگا جلی وچ شراب (۲۳) دھندلے پرچھانویں (۲۴) سنگم (۲۵) چٹا لہو (۲۶) ادھ کھڑیا پھل (۲۷) کٹی ہوئی پتنگ (۲۸) رجنی (۲۹) سولاں دی سیج (۳۰) کال چکر (۳۱) چھلاوا (۳۲) پراسچت (۳۳) اگ دی کھیڈ (۳۴) خون دے سوہلے (۳۵) لوہ میرتیج (۳۶) اک میان دو تلواراں (۳۷) ور نہیں سراپ۔

نرلوک سنگھ :۔

(۱) صبر دے گھُٹ (۲) سردارنی سداکور (۳) گولی چلدی رہی (۴) مہارانی جند کور (۶) مہارانی جنداں (۷) سکھ راج دیاں شاماں (۸) سندر ناری (۹) باغی ناری۔ (۱۰) پریت ادھوانے (۱۱) خون کس کیتا (۱۲) اڈیک واا ننت (۱۳) دیوی (۱۴) سماج دے آگو (۱۵) لال قلعے دی قیدن (۱۶) سوہن دی ہٹی (۱۷) جلیانوالہ باغ (۱۸) بہادر شیرن کور۔

سوہن سنگھ

(۱) جنگ یاں امن (۲) دیوے دی لو (۳) وچھوگن (۴) انہی سندرتا (۵) تپونتے قاتل (۶) مُل داماس (۷) دُکھئے ماں پُت (۸) بدلہ۔

موہن سنگھ ایم۔اے (۱) بینگیھ (۲) ناتھک

ہرسندر کور گریوال (۱) چھڈیا گھر (۲) ڈنڈیا گھر

سادھو سنگھ ہمدرد (۱) جیت گھمیل سنگھ

گورچرن سنگھ (۱) وگدی سی راوی۔

بھائی ویر سنگھ (۱) بابا نودھ سنگھ (۲) سنبجے سنگھ (۳) دشنت کور (۴) سندری۔

دامودر سنگھ۔ (۱) لوک راج۔

بلونت گارگی۔ (۱) ککارتیا۔

رام سنگھ دت۔ (۱) ندی کنارے

ہرنام داس صحرائی۔ (۱) لوگڑھ۔

دیوندر ستیارتھی۔ (۱) خوشبو۔

ایس ایس اموّل۔ (۱) گلابا (۲) جیون گھُمبی (۳) سیوادار

ست سنگھ سیکھوں۔ (۱) لہو مٹی۔

ہری سنگھ دلبر۔ (۱) ندیاں ٹُٹے وہن

ہری سنگھ۔ (۱) بانہہ جنہاں دی پکڑیئے۔

گوربخش سنگھ۔ (۱) ان ویاہی ماں۔ (۲) ماں (ترجمہ)

جوگندر سنگھ۔ (۱) کملا۔ (۲) کامنی۔

سوڈھی بریندر سنگھ۔ (۱) خونی (۲) دلائے

کیسر سنگھ عاجز۔ (۱) لہر وہ ھدی گئی

سرنیدر سنگھ کوہلی۔ (۱) پاڑن آئے چار بنے

نریندر سنگھ سوچ۔ (۱) ماں (۲) مردو (ترجمہ)

